الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب مستطاب

پیراہن یوسفی

ترجمہ دفتر ششم

مثنوی مولوی معنوی

از طبع معارف آگاہ

مولوی محمد یوسف علی شاہ چشتی نظامی گلشن آبادی ملک مالوہ

در مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ حلیہ طبع پوشید

باہتمام بی۔ بی۔ کپور سپرنٹنڈنٹ

قیمت

فہرست مضامین پیراہن یوسفی جلد ششم

بعون توفیق موفق انس و جان بہ یمن فضل خلاق زمین و زمان

عجب نغز و نادر ہے یہ ترجمہ سخن کی لطافت کو ہی مکتفی جو تھا سارے عالم کو ہر دل عزیز ہے کلام

پیراہن یوسفی

ترجمہ دفتر ششم

مثنوی معنوی

از طبع معارف آگاہ مولوی محمد یوسف علیشاہ ولد محمد جلال الدین خان
ملقب بالنگے میاں چشتی نظامی گلشن آبادی (ملک مالوہ)

در مطبع مسیحائے مریضان جہان منشی نولکشور واقع لکھنؤ طبع شد

دفتر ششم تمہید اول بمقام فقر و فنا

پیراہن یوسفی — مثنوی معنوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ای حیات دل حسام الدین بسی	میل میجوشد بقسم سادسی
گشت از جذب چو تو علامهٔ	درجهان گردان حسامی نامهٔ
پیش کش میرضایت می کشم	در تمام مثنوی قسم ششم
پیش کش می آرمت ای معنوی	قسم سادس در تمام مثنوی
ششجهت را نور ده زین شش صحف	کی یطوف حوله من لم یطف
عشق را با پنج و با شش کار نیست	مقصد او جز که جذب یار نیست
بو که فیما بعد دستوری رسد	رازهای گفتنی گفته شود
با بیانی کان بود نزدیک تر	زین کنایات دقیق مستتر

اے[1] حیات دل حسام الدین سوا	جوش اٹھتا ہی لکھون حصہ چھٹا
تجھ سے علامہ کی خواہش سے ہوا	یہ حسامی نامہ عالم مین پھرا
نذر کرتا ہون تری بہر رضا	مثنوی کا اپنے یہ حصہ چھٹا
نذر کرتا ہون تری ای معنوی	یہ چھٹا حصہ جو رکھے مثنوی
ششجہت کو نور چھ دفتر سے دے	کہ پھرین گرد اسکے جو نہین پھرے
پانچ چھ سے عشق کو نے کار ہے	مقصد اسکا ہی جو جذب یار ہے
بعدہٗ پہونچے اجازت ہی امید	کہوین جو لائق ہین بس کہنے کے بھید
اس بیان سے ہو کہ جو نزدیک ہے	ان کنایاتون اشاراتون سے دد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمہید دفتر ششم بمقام فقر و فنا

سلہ[1] اے حیات دل حسام الدین الخ ۸ شعر اے حسام الدین حیات دل جوش سوا اٹھتا ہے کہ چھٹا حصہ لکھون تجھسے علامہ کی خواہش سے یہ حسامی نامہ ہوا اور عالم مین پھرا پس نذر کرتا ہون واسطے رضا کے یہ اپنی مثنوی کا چھٹا قصہ اسے معنوی تیری نذر کرتا ہون یہ چھٹا حصہ جو کہ مثنوی رکھتی ہے چھ دفتر سے نور ششجہت کو دے جو کہ پھرے ہین وہ اس کے گرد پھرین عشق کو پانچ چھ سے کام نہین ہے اس کا مقصد ہے جو جذب یار ہے امید ہے کہ بعدہٗ اجازت پہونچے کہوین کہ جو لائق کہنے کے بھید ہیں اس بیان سے جو کہ نزدیک ان کنایاتون و اشارتون سے ہو یعنی راز عشق کا مین بیان کرون کہ اشارات و کنایات سے وہ نزدیک تر ہو آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

راز جز با رازدان انباز نیست ‌ ‌ ‌ راز اندر گوش منکر راز نیست
لیک دعوت وارد است از کردگار ‌ ‌ ‌ با قبول و ناقبول او را چہ کار
نوحؑ نہصد سال دعوت می نمود ‌ ‌ ‌ دمبدم انکار قومش می فزود
ہیچ از قومش عنان واپس کشید ‌ ‌ ‌ ہیچ اندر غار خاموشی خزید
زانکہ از بانگ و علالای سگان ‌ ‌ ‌ ہیچ وا گردد ز راہے کاروان
یا شب مہتاب از غوغای سگ ‌ ‌ ‌ سست گردد بدر را در سیر تگ
مہ فشاند نور و سگ عوعو کند ‌ ‌ ‌ ہر کسے بر خلقت خود می تند
ہر کسی را خدمتی دادہ عطا ‌ ‌ ‌ در خور آن گوہرش در ابتلا
چونکہ نگذارد سگ آن بانگ سقم ‌ ‌ ‌ من مہم سیران خود را کے ہلم
چونکہ سرکہ سرکگی افزون کند ‌ ‌ ‌ پس شکر را واجب افزونی بود
قہر سرکہ لطف ہمچون انگبین ‌ ‌ ‌ کاین دو باشد اصل ہر اسکنجبین
انگبین گر زانکہ کم باشد ز خل ‌ ‌ ‌ اندر آن اسکنجبین آید خلل
قوم بر وی سرکہ ہا بر ریختند ‌ ‌ ‌ نوحؑ را دریا فزون می ریخت قند
قند او را بُد مدد از بحر جود ‌ ‌ ‌ پس ز سرکہ اہل عالم می فزود
واحد کالالف کہ بود آن ولی ‌ ‌ ‌ بلکہ صد قرن است آن عبد العلی
خم کہ از دریا در او راہے بود ‌ ‌ ‌ پیش او جیحونہا زانو زند

راز اثر کرتا نہیں جز رازدان ‌ ‌ ‌ گوش منکر میں ہے راز رائگان
لیک دعوت آئی ہے اللہ سے ‌ ‌ ‌ مانے نہ مانے اُسے کیا کام ہے
نوحؑ نے نوسو برس دعوت کری ‌ ‌ ‌ قوم انکار اُنکی بس کرتی رہی
کوئی بھی اُس قوم سے واپس پھرا ‌ ‌ ‌ غار خاموشی میں کوئی بھی گھسا
کیونکہ شور اور غل سے کتوں کے کوئی ‌ ‌ ‌ کاروان واپس پھرے رہ سے کوئی
یا شب مہتاب سگ کے شور سے ‌ ‌ ‌ آسمان پر بدر گردش کم کرے
نور چھڑکے ماہ سگ غوغو کرے ‌ ‌ ‌ اپنی خلقت پہ ہر اک رغبت رکھے
خدمت ہر اک کو قضا نے کی عطا ‌ ‌ ‌ اُس کے لائق امتحان اُسکا کیا
جو نہ بانگ بد کو سگ چھوڑے ہے اب ‌ ‌ ‌ میں ہوں مہ میں سیر چھوڑوں اپنی کب
جو کہ سرکہ سرکہ میں زیادہ کرے ‌ ‌ ‌ پس شکر کو زیادہ ہونا فرض ہے
جیسے قہر سرکہ لطف انگبین ‌ ‌ ‌ کہ یہ دو ہیں رکن ہر اسکنجبین
گر ہو سرکہ سے زیادہ انگبین ‌ ‌ ‌ پر خلل ہو جائے وہ اسکنجبین
قوم ملکر اسپہ سرکہ ڈالتی ‌ ‌ ‌ قند زیادہ کرتا بحر نوحؑ بھی
تھی مدد قند اسکی بحر جود سے ‌ ‌ ‌ قوم کا بڑھتا تھا سرکہ میں وے
ایک ہے مثل ہزار اب وہ ولی ‌ ‌ ‌ بلکہ سو ہے قرن وہ عبد العلی
ایسا خم کہ بحر سے رہ اسمیں ہے ‌ ‌ ‌ جیحون آگے اُسکے زانو طے کرے

سے ۱ راز اثر کرتا الخ ۔ شعر راز بجز رازدان کے اثر نہیں کرتا ہے گوش منکر مین راز رائگان ہے ولیکن دعوت اللہ کی طرف سے آئی ہے کوئی مانے یا نہ مانے اُسے کیا کام ہے آگے اس کی مثال ہے نوحؑ نے نوسو برس دعوت کی مگر اُنکی قوم انکار کرتی رہی اس قوم سے بھی کوئی واپس پھرا اور غار خاموشی مین کوئی گھسا کیونکہ کتون کے شور و غل سے کوئی کاروان واپس راہ سے پھرتا ہے یا شب مہتاب مین کتون کے شور سے آسمان پر بدر گردش کم کرتا ہے ماہ نور افشانی کرے اور سگ غوغو کرے کہ اپنی خلقت پہ ہر ایک رغبت رکھتا ہے باقی حال آگے ہے ۱۲ سے ۲ خدمت الخ ۵ شعر قضا نے خدمت ہر ایک کو عطا کی اور اُس کے لائق اُس کا امتحان کیا جو آواز بد کو سگ نہین چھوڑتا ہے پس مین ماہ ہون مین اپنی سیر کب چھوڑدون آگے مثال ہے جو کہ سرکہ سرکہ پن زیادہ کرے پس شکر کو زیادہ ہونا فرض ہے جیسے کہ قہر سرکہ اور لطف انگبین کہ یہ دونون رکن ہین ہر ایک سکنجبین کے اگر سرکہ سے انگبین زیادہ ہو سکنجبین پر خلل ہو جائے یعنی شان جلالی و شان جمالی کو باہم ساوی ہو جانا چاہیئے کہ مقصد حاصل ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سے ۳ سرکہ الخ ۶ شعر ساری قوم سرکہ اُسپر ڈالتی بحر نوحؑ بھی قند زیادہ کرتا اس کے قند کی مدد بحر جود سے تھی ولیکن قوم کا سرکہ پن بڑھتا تھا اب وہ ولی ایک ہے ہزار کے مانند بلکہ سو قرن ہے وہ عبد العلی یعنی جناب رسول مقبول صلعم بحر قند تھے کہ سرکہ کفار کے مقابل مین زیادہ کرتے تھے آگے مثال ہے ایسا خم کہ اس مین دریا سے راہ ہے اُس کے آگے جیحون زانو تہ کرتا ہے خاصکر وہ ایک دریا کہ جو سب دریا نے خود اس مثل تمثیل کو سنا اس شرم سے تلخ منھ اُنکا ہوا کہ نام اعظم نام اصغر سے ملا ہے یعنی جناب رسول مقبول صلعم کہ دریائے ذات سے ملے ہوئے ہیں بلکہ شرمندہ ہین سب انبیا و اولیا اُن کے روبرو زانو تہ کئے ہوئے ہین بلکہ شرمندہ ہین اس بات سے کہ ہمارا نام بھی ان کے نام نبی کے شریک ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

خاصه آن دریا که دریا با همه / چون شنیدند آن مثال و دمدمه
شد دهان شان تلخ زین شرم و خجل / که قرین شد نام اعظم با اقل
در قران این جهان با آنجهان / این جهان از شرم میگردد جهان
این عبارت تنگ و قاصر رتبت است / ورنه خس را با اخص چه نسبت است
زاغ در رز نعرهٔ زاغان زند / بلبل از آواز خوش کے کم کند
پس خریدارست هریک را جدا / در مزاد و یفعل الله ما یشا
نقل خارستان غذای آتش است / بوی گل قوت دماغ سرخوش است
گر پلیدی پیش ما رسوا بود / خوک و سگ را شکر و حلوا بود
گر پلیدان این پلیدیها کنند / آبها بر پاک کردن می تنند
در جهانی پر شود از خار و خس / آتش محوش کند در یک نفس
گرچه ماران زهر افشان می کنند / ورچه تلخان مان پریشان میکنند
نحلها بر کوه و کندو و شجر / می نهند از شهد انبار شکر
زهرها هرچند زهرے می کنند / زود تریاقات شان بر میکنند
این جهان جنگست چون کل بنگری / ذره ذره همچون دین با کافری
آن یکے ذره همی پرد بچپ / وان دگر سوی یمین اندر طلب
ذرهٔ بالا و آن دیگر نگون / جنگ فعلی شان ببین اندر رکون
جنگ فعلی هست از جنگ نهان / زین تخالف آن تخالف را بدان

خاص وہ دریا کہ سب پانے جو / خود سنا بس اس مثل تمثیل کو
تلخ منہ اس شرم سے انکا ہوا / کہ معظم نام اصغر سے ملا
اُس جہان سے یہ جہان باہم ملے / یہ جہان بس بھاگ جا آ شرم سے
یہ عبارت تنگ تر رتبہ رکھے / ورنہ نسبت کیا اخص سے خس کو ہے
زاغ انگوری مین بس قین قین کرے / خوش نواسے باز و بلبل کب رہے
پس ہراک کا ہی خریدار اک جدا / حسب خواہش یفعل اللہ ما یشا
نقل خارستان غذا آتش کی ہے / قوت بوئے گل دماغ خوش کی ہے
ہم پلیدی کو بُرا جانے ہین گر / خوک و رسگ کو ہی حلوا و شکر
گر پلید اب یہ پلیدی بس کرین / ابر عزت پاک کرنے پر رکھین
گر جہان پر ہووے خس اور خار سے / محو اک دم مین کرے آتش اسے
سانپ گرچہ زہر افشان بس کرین / گرچہ تلخ ہم کو پریشان کر دین
کھیان کوٹھے و نخل و کوہ پے / جمع کرتی ہین شکر اور شہد سے
کرتے ہین ہر چند زہر اپنے اثر / جلد تریاق اُن کو کردین زود تر
جو تو دیکھے یہ جہان کل جنگ ہے / ذرہ ذرہ مثل کفر و دین کے
ذرہ اک اُڑتا ہے ہو بائیں طرف / دوسرا اندر طلب دائین طرف
ایک ذرہ اعلیٰ اسفل دوسرا / جنگ فعلی دیکھ خواہش ہین جدا
جنگ فعلی ہے بس اک جنگ نہان / اس تخالف سے تخالف وہ عیان

سلہ اس جہان آلخ ے شعر جو یہ جہان اس جہان سے باہم ملے تو یہ جہان بھاگ جائے شرم سے یہ عبارت تنگتر رتبہ رکھتی ہے ورنہ کیا نسبت رکھتی ہے اخص سے خس آگے اس کی مثال زاغ و انگوروں مین قین قین کرے مگر بلبل اپنی خوش نوائی سے باز کب رہے ہر ایک کا ایک خریدار جدا ہے موافق خواہش کے ترجمہ کر فعل کرتا ہے اللہ جو چاہتا ہے نقل خارستان غذا آتش کی ہے اور بوئے خوش باغ بلبل کی ہے اگرچہ ہم پلیدی کو بُرا جانتے ہیں مگر خوک و سگ کو حلوا و شکر ہے اگر پلید اب پلیدی بس کرین ولیکن ابر پاک کرنے پر عزت رکھتے ہیں یعنی ہر ایک شئے ہر شخص کے لائق ہے پس اگر عبارت مثنوی کی اگر وصف جناب رسول مقبول صلعم کا بیان کرتی ہین لیکن خس تک لائق اخص تے ہے کہ اس کو بیان کر سکے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ اگر جہان پر آلخ ۸ شعر اگر جہان خس و خار سے پُر ہووے مگر آتش اُسے ایک دم میں محو کر دے اگرچہ سانپ زہر افشانی کرین اگرچہ تلخ ہم کو پریشان کرین جو کہ کوٹھے و نخل و کوہ پر شہد و شکر سے جمع کرتے ہین زہر ہر چند اپنے اثر کرتے ہین مگر تریاق جلد اُن کو دور کر دیتے ہین اگر تو دیکھ کہ یہ جہان کل جنگ ہے اور تمام مثل کفر و دین کے جو ایک ذرہ اُڑتا ہے بائین طرف اور دوسرا طلب میں دائین طرف ذرہ آسمان کو دوسرا اسفل کو جنگ فعلی دیکھ خواہش مین جنگ فعلی ایک جنگ پوشیدہ ہے اس تخالف سے وہ تخالف ظاہر یعنی فعل خواہش مین تخالف ہے کہ فعل ظاہر وہ خواہش پوشیدہ ہے مگر فعل سے خواہش ظاہر ہوتی ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

ذره کو محو شد در آفتاب جنگ او بیرون شد از وصف و حساب
چون ز ذره محو شد نفس و نفس جنگش اکنون جنگ خورشید است و بس
رفت از وی جنبش و طبع و سکون از چه از انا الیه راجعون
ما به بحر نور خود راجع شویم در رضاع اصل مسترضع شدیم
در فروع راه می ماند ز غول لاف کم زن از اصول بے اصول
جنگ ما و صلح ما در نور عین نیست از ما هست بین الاصبعین
جنگ فعلی جنگ طبعی جنگ قول درمیان جزوها حربیست هول
این جهان زین جنگ قائم می بود در عناصر در نگر تا حل شود
چار عنصر چار استون قویست که بر ایشان سقف دنیا مستویست
هر ستونی اشکننده آن دگر استن آب اشکننده آن شرر
پس بنای خلق بر اضداد بود لاجرم جنگی شدند از ضر و سود
هست احوالت خلاف یکدگر هر یکی با هم مخالف در اثر
چونکه هر دم راه خود را میزنی با دگر کس سازکاری چکنی
فوج لشکرهای احوالت ببین هر یکی با دیگری در جنگ و کین
می نگر در خود چنین جنگ گران پس چه مشغولی بجنگ دیگران
تا مگر زین جنگ حقت وا خرد در جهان صلح یکرنگت برد

جو ہوا وہ ذرہ محو آفتاب جنگ اس کا نہ رکھے وصف و حساب
محو ذرہ کا ہوا نفس و نفس جنگ اسکا جنگ خورشید اب ہے بس
پس گئی اس سے وہ جنبش اور سکون باعث انا الیہ راجعون
ہم ہوئے راجع سو بحر نور یار شیر اصلی سے ہوئے ہم شیرخوار
شاخ رہ مین تو بنا بگرد غول شیخی مت کر یا اصول بے اصول
صلح و جنگ اپنی ہے اندر نور عین ہم سے نا اور ہے وہ بین الاصبعین
جنگ فعلی جنگ طبعی جنگ قول ہے جزون کے درمیان یہ جنگ ہول
یہ جہان قائم ہے بس اس جنگ سے دیکھ عناصر مین کہ تا حل ہو تجھے
چار کھم ہین چار عنصر کے کھڑے کہ تھمی انپر یہ چھت دنیا کی ہے
ایک کھم ہے دوسرے کو توڑتا آب کا کھم توڑتا ہے آگ کا
پس بنا تھی خلق کی اضداد پے جنگ کرنے نفع نقصان کیلیے
حال تیرے ہین خلاف یکدگر ہے ہر اک باہم مخالف با اثر
جو تو ہر دم مارے اپنی راہ کو دوسرونکا کب بنے تو چارہ جو
فوج لشکر حال خود کے دیکھ تو کہ ہے ہر ایک دوسرے سے جنگجو
دیکھ خود مین ایسی بھاری جنگ مین دوسرونکی کیون ہے شاغل جنگ مین
تا چھڑا لے تجکو حق اس جنگ سے صلح دیگر جنگی لیجائے تجھے

سے ۵۱ جو ہوا الخ ۵ شعر وہ ذرہ محو آفتاب ہوا اس کا جنگ وصف اور حساب نہین رکھتا ہے مثل نفس ذرہ کا محو ہوا اس کا جنگ خورشید کا جنگ ہے پس اس سے وہ جنبش و سکون گئی بباعث انا الیہ راجعون کی کہ ہم راجع ہوئے طرف دریاے نور کے اور شیر اصلی سے ہم شیرخوار ہوئے پس تو شاخ راہ مین بگرد غول سے بنا شیخی مت کر یا اصول بے اصل ہے یعنی اے عالم ہم تو بسبب راجع ہونے بحر نور کے اپنی اصل کو پہونچے اور تو بھروسہ پر علم اصول کے اصل سے حرمان نصیبی مین پڑا باقی حال اس کے آگے ہے فافہم ۱۲ سے ۵۲ صلح و جنگ الخ ۲ شعر اپنی صلح و جنگ نور عین مین اور ہم سے نہین ہے وہ ہے بین الاصبعین سے یعنی وہ صلح و جنگ خدا کی طرف سے ہے ہم سے نہین ہے جنگ فعلی و جنگ طبعی و قول درمیان جزون کے ہے ایک جنگ دہشت ناک یہ جہان اس جہان سے قائم ہے عناصر مین دیکھ کہ تجھے حل ہووے چار عنصر کے چار کھمبے کھڑے ہین کہ انپر یہ چھت دنیا کی تھمی ہے ایک کھمبا دوسرے کو توڑتا ہے پس خلق کی بنا اضداد پر تھی کہ جنگ کرتے نفع و نقصان کے لیے تیرے حال مین خلاف ایک دوسرے سے کہ ہر ایک باہم ہے اور اثر مین مخالفت ہے یعنی بنا اس دنیا کی اضداد پر ہے کہ ظاہر موافق و اثر مین مخالفت ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سے ۵۳ جو تو ہر دم الخ ۶ شعر تو ہر دم مارتا ہے اپنی راہ کو پس دوسرون کا چارہ جو تو کب بنے تو اپنے حال کی فوج لشکر کو دیکھ کہ ہر ایک دوسرے سے جنگجو ہے تو خود مین دیکھ کہ ایسی بھاری جنگ مین اور پس دوسرون کی جنگ مین تو کیون شاغل ہے تا کہ حق تجھکو چھڑا دے جنگ سے اور صلح مین تجھے لیجاوے وہ جہان باقی و آباد ہے کیونکہ اس کی ترکیب اضداد سے نہین ہے اور یہ جہان فانی ضد سے آتی ہے ضد سدا جو فنا ہو دوسے بجز بقا کے نہو وسے یعنی یہ جہان اضداد سے بنا ہے اسواسطے فانی ہے اور وہ جہان اضداد سے نہین ہے اسواسطے وہ باقی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

آن جہان جز باقی و آباد نیست	زانکہ ترکیب وی از اضداد نیست	وہ جہان باقی ہے اور آباد ہے	کیونکہ ترکیب اسکی نے اضداد ہے
این تفانی این ضد آید ضد را	چون نباشد ضد نبود جز بقا	یہ ہے فانی ضد سے آئی ضد سے	جو نہووے ضد نہووے جز بقا
نفی ضد کرد از بہشت آن نظیر	کہ نباشد شمس و ضدش زمہریر	نفی[1] ضد کی خلد سے ہی بے نظیر	کہ نہ شمس ہووے نہ ضد اسکی زمہریر
ہست بیرنگی اصول رنگہا	صلحہا باشد اصول جنگہا	کیونکہ بے رنگی اصول رنگ ہے	اور صلح کل اصول جنگ ہی
آن جہانست اصل این پر غم وثاق	وصل باشد اصل ہر ہجر و فراق	وہ جہان ہے اصل یہ غم سے بھرا	وصل ہووے اصل ہر اک بے نوا
این مخالف از چہ آید وز کجا	از چہ زاید وحدت این اضداد را	یہ تخالف کان سے آیا کس لیے	وحدت ان اضداد مین کس راہ سے
زانکہ ما فرعیم و چار اضداد اصل	خوی خود در فرع کرد ایجاد اصل	کیونکہ ہم ہین شاخ و چار اضداد اصل	اصل کی ہے شاخ مین خو اپنی وصل
گوہر جان چون ورای فصلہاست	خوی آن این نیست خوی کبریاست	گوہر جان فصل سے ہے جو سوا	یہ نہ خو اُس کی ہے خوے کبریا
جنگہا بین کان اصول صلحہاست	چون نبی کہ جنگ او بہر خداست	دیکھ[2] جنگ اب وہ کہ اصل صلح ہے	جو نبی کے وہ لڑین حق کے لیے
طرفہ آن جنگی کہ اصل صلحہاست	شاد آن کاین جنگ او بہر خداست	جنگ عجب وہ ہے کہ اصل صلح ہے	وہ ہین خوش جنگ انکی حق کیواسطے
غالبست و چیر بر ہر دو جہان	شرح این غالب نگنجد در دہان	دونون عالم پر ہین غالب اور در	شرح اس غالب کی نہ ہووے اگر
آب جیحون را اگر نتوان کشید	ہم ز قدر تشنگی نتوان برید	آب جیحون کا اگر پی نے سکے	چھوڑ قدر تشنگی بھی نے سکے
گر شدی عطشان بحر معنوی	فرجہ‌ای کن در تمام مثنوی	تشنہ بحر معنوی کا تو ہے گر	پس تمام مثنوی مین سیر کر
فرجہ کن چندانکہ اندر ہر نفس	مثنوی را معنوی دانی و بس	سیر کر اتنی کہ اندر ہر نفس	مثنوی کو معنوی جانے تو بس
باد کہ را ز آب جو چون وا کند	آب یکرنگی خود پیدا کند	باد خس سے آب جو صافی کرے	آب پیدا اپنی اک رنگی کرے
شاخہای تازۂ مرجان ببین	میوہ ہای رستہ ز آب جان ببین	شاخ[3] سرخ و تازۂ مرجان کو دیکھ	میوہ ہاے پیدا آب جان کو دیکھ

نفاق

[1] نفی ضد کی الخ ٦ شعر ضد کی نفی جنت سے کرے نہ کہ شمس ہو اور زمہریر اسکی ضد ہو کیونکہ بیرنگی اصول رنگ ہے اور اصول جنگ کی صلح کل ہے وہ جہان اصل ہے اور یہ غم سے بھرا ہے جو جدا ہو تو اصل سے واصل ہو تو یہ تخالف کہان سے آیا اور کسواسطے اور وحدت ان اضداد مین کس راہ سے ہے کیونکہ ہم شاخ ہین اور چار اضداد اصل ہین اصل نے شاخ مین اپنی خو داصل کی ہے۔ گو ہر جان جو فصل سے ہوا ہے یہ خو اسکی نہین ہے خو حق کی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] دیکھ جنگ الخ ٢ شعر اب وہ جنگ دیکھ کہ اصل صلح ہے نبی کے مانند وہ حق کے واسطے لڑتے ہین وہ عجیب جنگ ہے کہ اصل صلح وہ خوش ہین کہ انکی جنگ حق کے واسطے ہے وہ دونون عالم پر غالب ہین اور دہان مین گرا اُس غلبہ کی شرح نہین ہوتی ہے آب جیحون کا اگر پی نہ سکے تو بقدر تشنگی بھی چھوڑ نہ سکے اگر تشنہ بحر معنوی کا ہے پس کل مثنوی کی سیر اسقدر سیر کر کہ ہر دم مین مثنوی کو تو معنوی جانے اگر ہوا جس سے آب جو کو صاف کرے آب اپنی یکرنگی پیدا کرے یعنی اگر بیان تمام و کمال ان اضداد کا نہین کر سکتے تو سیر اس مثنوی کی بزم کر کہ معنوی کو کل تو معنوی جاننے لگے اور دل تیرا صاف ہوجائے کہ نور یکرنگی کا پیدا ہوجائے اور اسرار مکاشفہ ہوویے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ [3] شاخ سرخ الخ، شعر شاخ سرخ و تازہ مرجان کو دیکھ اور میوہ پیدا آب جان کو دیکھ یعنی بحالت صفائی قلب دل و جان کو باطل مین مشاہدہ کر جب دم حرف و صوت سے جدا ہووے وہ سب کچھ چھوڑے اور ایک دریا ہوئے حروف کہنے والا اور سننے والا اور حرف تینون ایک ہو وین اسمین یعنی جب کہ دمی اس طالب کے محو ہو جاوے اُسوقت ظاہر و باطن اُسکی نظر مین ایک ہوجاویگا آگے اسکی مثال ہے نان دینے والا اور نان لینے والا اور نان پاک صورت سے صاف ہو کر خاک ہووے ولیکن اُن تینون کا اپنی جا پر یعنی ہوا ہم مراتب ہے ہم تمیز منیٰ ہووے صورت خاک ہوئی ولیکن معنی مین جو کوئی کہے کہ تو کہ نہین عالم ارواح مین یہ تینون منتظر ہین کہ کیا حکم کرتا ہے وہ دانائے سر یعنی حرف و صوت و خال صورت تینوں کی بظاہر فنا ہوتی ہے ولیکن عالم ارواح مین وہ تینون قائم رہتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چون ز حرف و صوت و دم یکتا شود / آن همه بگذارد و دریا شود
حرف گوی و حرف نوش و حرفها / هر سه جان گردند اندر انتها
نان دهنده و نان ستان و نان پاک / ساده گردند از صور گردند خاک
لیک معنی شان بود در سه مقام / در مراتب هم ممیز هم مدام
خاک شد صورت ولی معنی نشد / هر که گوید شد تو گویش نے نشد
در جهان روح هر سه منتظر / گه ز صورت هارب و گه مستقر
امر آید در صور رو در رود / باز هم ز امرش مجرد می شود
پس له الخلق و له الامرش بدان / خلق صورت امر جان راکب بر آن
راکب و مرکوب در فرمان شاه / جسم بر درگاه جان در بارگاه
چونکه خواهد کاب آید در سبو / شاه گوید جیش جان را کار کبو
باز جانها را چو خواند بر علو / بانگ آید از نقیبان کانزلوا
بعد ازین باریک خواهد شد سخن / کم کن آتش هیزمش افزون مکن
تا نجوشد دیگهای خرد زود / دیگ ادراکات خرد است و فرود
پاک سبحانی که سیبستان کند / در عمام حرف شان پنهان کند
زین عمام و صوت حرف و گفتگو / پرده کز سیب ناید غیر بو
باری افزون کش تو این بو را بهوش / تا سوی اصلت برد بگرفته گوش
بو نگهدار و بپرهیز از زکام / تن بپوش از باد و بود سرد عام
تا که نیندایدمشامت از اثر / ای هواشان از زمستان سردتر
چون جماد و فسرده تن شگرف / می جهد انفاس شان از تل برف

دم جو حرف و صوت سے ہووے جدا / چھوٹے وہ سب کچھ ہو اک دریا تما
حرف گو اور حرف شنوا حرفہا / تینوں اک جا ہووین اندر انتہا
نان دہ اور نان ستان و نان پاک / صاف بس صورت سے ہو کر ہوئین خاک
لیک انکا معنی تینوں جا پہ ہو / ہم مراتب ہم تمیز اندر ہو وہ
خاک ہوئی صورت پر معنی نہین / جو کہے کہ ہو تو کہہ یعنی نہین
روح کے عالم مین تینوں منتظر / حکم کیا کرتا ہے وہ داناے سر
حکم ہو صورت مین جاتا ہے وہ / پھر مجرد حکم سے ہوتا ہے وہ
پس لہ الخلق لہ الامر اسکا جان / خلق صورت ہی و راکب امر جان
راکب و مرکب ہے حکم شاہ مین / جسم دروازے پہ جان درگاہ مین
چاہے جو کہ آئے آب اندر سبو / لشکر جان کو رکھے شہ کار کبو (سوار ہو تم)
پھر بلائے جان کو سوے علو / دے نقیب آواز اسکو کانزلوا (اترو تم)
بعدہ باریک بات ہو جائے گی / آگ کم کر مت بڑھا ایندھن ابھی
تا ابل جائے نہ جلدی خرد دیگ / کہ ہے ادراکوں کی تیری خرد دیگ
جان کا مالک کہ سیبستان کرے / انکو ابر حرف مین پنہان کرے
ابر حرف و صوت سے پردہ رکھے / کہ سوائے بو نہ آئے سیب سے
سونگھ تو اس بو کو زیادہ ہوش سے / تا وہ سوے وصل لیجائے تجھے
بو نگہ رکھ اور زکام آنے نہ دے / تن چھپا ہستی کی باد سرد سے
تا دماغ اندر نہ تیرے ہو اثر / ای ہوا جاڑے سے انکی سرد تر
تن ہین مانند جماد اور ہین جمے / سانس نکلے انکے ٹیلہ برف سے

سلہ حکم ہو الخ ۶ شعر بعدہ حکم ہو کہ صورت مین جا پس وہ حکم سے مجرد ہوتا ہے پس ترجمہ آگاہ ہو کہ عالم خلق و عالم خدا کے واسطے ہے خلق صورت ہے و راکب اس کا امر جان ہے و مرکب امر شاہ مین ہے جو چاہے یہ کہ آب آئے سبو مین لشکر جان کو شاہ کہے سوار ہو تم پھر جان کو طرف اعلےٰ کے ندا کے نقیب آواز دے اس کو اترو تم بعدہ بات باریک ہو جائے گی آتش کم کر اور ایندھن مت بڑھا یعنی حق تعالیٰ جان کو اپنی جانب بلاتا ہے اور پھر صبح کو جانب جسم کے بھیجتا ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ تا ابل جائے الخ ۷ شعر تا ایک خرد دیگ جلدی نہ ابل جائے کہ تیری دیگ ادراکوں سے خرد ہے جان کا مالک کہ سیبستان کرے اور ان کو ابر حرف مین پوشیدہ کرے ابر پردہ حرف صوت سے رکھے کہ سواے بو کے سیب سے نہ آئے تو اس بو کو سونگھ زیادہ ہوش سے تاکہ وہ وصل کی جانب تجھے لیجائے بو کو سونگھ رکھ اور زکام کو آنے مت دے اور تن چھپا ہستی کی باد سرد سے تاکہ تیرے دماغ مین اثر نہ ہووے اے تو ان کے جاڑے سے سرد تر ہوا تن مانند جماد کے جمے ہوئے ہین اور ان کی سانس نکلے ٹیلہ برف سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ عہ آگاہ ہو کہ عالم خلق عالم امر خدا کے واسطے ہین ۱۲

چون زمین زین برف در پوشد کفن تیغ خورشید حسام الدین بزن
هین برآر از شرق سیف الله را گرم کن زان شرق این درگاه را
برف را خنجر زند آن آفتاب سیلها ریزد ز کهها بر تراب
زانکه لاشرقی و لاغربیست او با منجم روز و شب حربیست او
که چرا جز من نجوم بی هدی قبله کردی از لئیمی و دغا
ناخوشت آید مقال آن امین در نبی که لا احب الآفلین
از قزح در پیش مه بستی کمر زان همه ترسی ز وانشق القمر
منکری این را که شمس کورت شمس پیشت هست عالی مرتبت
از ستاره دیده تصریف هوا ناخوشت آید اذا النجم هوی
خود مؤثرتر نباشد مه ز نان ای بسا نانی که ریزد عرق جان
خود مؤثرتر نباشد زهره ز آب ای بسا آبی که کرد او تن خراب
مهر او در جان تست و پند دوست می‌زند بر گوش تو بیرون پوست
پند ما در تو نگیرد ای فلان پند تو ما در نگیرد این بدان
جز مگر مفتاح خاص آید ز دوست که مقالید السموات آن اوست
این سخن همچون ستاره است و قمر لیک بی فرمان حق ندهد اثر
این ستاره بی جهت تأثیر او می‌زند بر گوشهای وحی جو
که بیایید از جهت تا بی جهات تا نگیرد مر شما را گرگ مات
آنچنان که لمعهٔ درپاش اوست شمس دنیا در صفت خفاش اوست
هفت چرخ ازرقی در رق اوست پیک مه اندر تب و در دق اوست

جو کفن[1] پہنے زمین برف دار تیغ خورشید حسام الدین کی مار
کر عیان مشرق سے سیف اللہ کو گرم کر اس شرق سے درگاہ کو
مارے خنجر برف کو وہ آفتاب خاک پر جاری کرے کوہوں سے آب
کیونکہ لاشرقی و لاغربی ہے وہ رات دن لڑتا نجومیوں سے وہ
کیونکہ انجم بے ہدی کو تجھ سوا قبلہ جانا از رہ مکر و دغا
تم کو ناخوش آئے وہ قول امین درج قرآن لا احب الآفلین
پس قزح سے پیش مہ باندھے کمر کیونکہ وہ ڈرتا ہے انشق القمر
منکر اسکا تو کہ شمس کورت شمس تیرے آگے عالی مرتبت
دیکھا انجم سے ہے تصریف ہوا تجکو ناخوش ہوا اذا النجم ہوی
خود نہ مؤثر تر ہو مہ نان سے ای بہت نان عرق ڈالے جان سے
نے مؤثر تر ہو زہرہ آب سے ای بہت پانی کہ تن ویران کرے
مہر اس کی جان کے اندر تو رکھے دوستوں کی پند رکھے کان پے
نے ہماری پند اثر تجھ میں کرے پند تیری کب اثر ہم میں رکھے
شاید آئے خاص کنجی دوست سے کہ مقالید السموات اسکی ہے
یہ سخن ہے مثل نجم اور قمر لیک بے حکم خدا کب دے اثر
یہ ستارہ بے جہت تاثیر کو وحی جو کے کان پے مارے ہے وہ
کہ جہت سے آؤ سوے بے جہات تا تمہارے کو نہ بچھاڑے گرگ مات
وہ چمک میں اسطرح درپاش ہے شمس دنیا وصف میں خفاش ہے
چرخ ساتون اسکے تابعدار ہیں مہ کا قاصد اسکی دوڑ و دھوپ میں

[1] جو کفن پہنے الخ ۲ شعر جب زمین کفن پہنے برف کا تو تیغ حسام الدین کی مار شرق سے عیان کر سیف اللہ کو اور اس مشرق سے گرم کر درگاہ کو آفتاب خنجر مارے برف کو اور خاک پر کوہوں سے آب جاری کرے کیونکہ لاشرقی ولاغربی وہ ہے اور رات دن وہ نجومیوں سے لڑتا ہے کیونکہ انجم بے ہدی کو تیرے سوا قبلہ جانا از راہ مکر و دغا کے وہ قول امین تم کو ناخوش آئے کہ قرآن میں درج ہے ترجمہ نہیں دوست رکھتا ہوں میں ڈوبنے والے کو یعنی خدا وند عالم معنی پیدا کرتا ہے اور پردہ حروف میں چھپاتا ہے تو معرفت حاصل کرنا کہ وہ تجکو بجائے وصل کے لیجائے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] پس قزح سے الخ ۔ شعر آگے ماہ کے قزح سے باندھے کیونکہ ڈرتا ہے انشق القمر سے تو اسکا منکر ہے کہ آفتاب تیرہ ہوگا اور تیرے آگے وہ عالی مرتبہ ہے تو نے دیکھا کہ انجم سے تصرف ہوا ہے اور تجکو ناخوش ہوا والنجم ہوی یعنی ماہ سے مؤثر تر ہو نان سے ای بہت نان جان سے عرق ڈالتی ہے زہرہ مؤثر نہ ہو آب سے ای بہت آب ہے کہ تن ویران کرتا ہے تو اندر جان کے اسکی محبت رکھتا ہے اور دوستوں کی تو پند رکھتا ہے کان پر ہماری پند تجھ میں اثر نہیں کرتی ہے اور بس تیری پند ہم میں اثر کب رکھے یعنی تجکو خواہشات نان و آب کی از بس ہے پس تو نصیحت دوستوں کی کب سنتا ہے باقی مال آگے ہے فافہم ۱۲ [3] شاید آئے الخ ۔ شعر شاید دوست سے خاص کنجی معرفت کی آئے کہ مقالید السموات اسکی ہے یہ سخن مثل نجم و قمر کے ہے ولیکن بغیر حکم خدا کے اثر کب دے یہ ستارہ بے جہت تاثیر کو کان پر وحی جو کے مارتا ہے کہ جہت سے جانب بے جہات آؤ تاکہ تمکو گرگ مات نہ پچھاڑے پس وہ ستارہ چمک میں اس طرح درپاش ہے کہ شمس دنیا وصف میں خفاش ہے ساتوں چرخ اسکے تابعدار ہیں اور ماہ قاصد اسکی دوڑ دھوپ میں یعنی یہ ستارہ سخن کا روشن تر ہے وحی جو کے کان پر اثر کرتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۔ [4] مشرق کا تثنیہ ۱۲ [5] جس وقت ستارے تیرہ ہوں ۱۲ [6] نہ طلوع نہ غروب

زهره چنگ مسئلت بروی زده	مشتری با نقد جان پیش شده	زہرہ کرتا اس سے ہے بس التجا	مشتری با نقد جان آگے بڑھا
در هوای پای بوس او زحل	لیک خود را می نه بیند آن محل	خاہش پابوس میں اُسکے زحل	لیک اُس نے دیکھا نے اپنا محل
دست با مریخ چندین جست از و	وان عطارد صد قلم بشکست از و	نفع ڈھونڈھا اس سے بس مریخ نے	سو قلم ٹوٹے دبیر چرخ کے
با منجم این همه انجم بجنگ	کای رها کرده تو جان بگزیده رنگ	کرتے ہیں انجم منجم سے یہ سب	جان چھوڑی و رہا صورت پہ جب
جان ما بیست و ما بهٔ نقش و در قوم	کوکب سر فکر او جان نجوم	جان ہے وہ اور ہم ہیں نقش توہم	ہے کوکب فکر کا جان نجوم
فکر کو آنجا همه نور ست پاک	بهر تست این لفظ و فکر ای فکرناک	کان ہے فکر اُس جا ہے بالکل نور پاک	فکر ہے تیرے لئے اے فکرناک
هر ستاره خانه دارد بر علا	هیچ خانه در نگنجد نجم ما	ہر ستارہ رکھے خانہ چرخ پے	نے سماتا گھر میں میرا انجم ہے
جان بے سود رمکان کی در رود	نور نامحدود را حد کے بود	بے جہت جان کب مکان میں جائے گا	نور نامحدود کی کب ہووے حد
لیک تمثیلی و تصویری کنند	تا که در یابد ضعیفی دردمند	لیک تشبیہ اور تمثیلیں کہیں	تا ضعیف العقل سکو پا سکیں
مثل نبود لیک آن باشد مثل	تا کند عقل مجمد را گسیل	مثل نے ہو لیک ہے وہ مثال	تا کہ عقل منجمد ہووے فعال
عقل سر تیز ست لیکن پای سست	زانکه دل ویران شدست و تن درست	عقل ہے سر تیز لیکن پا ہی سست	کیونکہ دل ویران ہوا اور تن درست
عقل شان در نقل دنیا پیچ پیچ	فکر شان در ترک شهوت هیچ هیچ	عقل اُنکی پیچ دنیا کے ہے پیچ	فکر اُنکی ترک شہوت میں ہے ہیچ
صدر شان وقت دعوی همچو شرق	صبر شان وقت تقوی همچو برق	وقت دعوی سینہ اُنکا مثل شرق	وقت تقوی صبر اُنکا مثل برق
عالمی اندر هنرها خود نماست	همچو عالم بے وفا وقت وفاست	ہے ہنر میں ایک عالم خود نما	مثل عالم بے وفا وقت وفا
وقت خود بینی نگنجد در جهان	در گلو و معده گم گشته چو نان	نے خودی سے اُسکے اندر ہو جہان	حلق و معدہ میں ہوا گم مثل نان

ف۱ زہرہ الخ ۷ شعر زہرہ اس کی التجا کرتا ہے اور مشتری نقد جان سے آگے بڑھتا ہے زحل خواہش پابوس میں اس کی ہے لیکن اس نے اپنا محل نہیں دیکھا ہے مریخ نے اس سے نفع ڈھونڈھا اور سو قلم دبیر چرخ کے ٹوٹے یہ سب انجم منجم سے لڑتے ہیں کہ جان کو چھوڑ و اور صورت پر رہا وہ جان ہے اور ہم سب نقش و وہم ہیں اس کی فکر کا ستارہ نجوم کی جان ہے اس جا فکر کہاں بالکل نور پاک ہے تیرے لئے اے فکرناک ہر ایک ستارہ چرخ پر خانہ رکھتا ہے میرا انجم گھر میں سما نہیں سکتا یعنی نجم ستاروں کی صورت پر نظر رکھتے ہیں مگر ستارۂ سخن کو نہیں جان سکتے ہیں باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ بے جہت الخ ۶ شعر جان بے جہت کب مکان میں جاتی ہے اور نامحدود کب حد رکھتا ہے ولیکن تشبیہ و تمثیل ہیں کہتے ہیں تا ضعیف العقل اُس کو پا سکیں مثل نہیں ولیکن وہ مثال ہو وے تا کہ عقل منجمد فعل کرنے والی ہو عقل سر تیز ہے ولیکن پا سست کیونکہ دل ویران ہوا اور تن درست اُنکی عقل نقل دنیا میں پیچ در پیچ ہے اور فکر اُنکی ترک شہوت میں ہیچ ہے وقت دعوی کے اُنکا سینہ مثل شرق کے اور وقت تقوی کے اُنکا صبر مثل برق کے ہے یعنی جان بے جہت کب مکان میں آسکے ولیکن مثالوں میں کہیں ضعیف العقل اس کو پا سکیں یعنی معقولات کا حال محسوسات میں کب بیان ہو سکے تمثیل و مثال میں باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ ہے ہنر میں الخ ۷ شعر ہنر میں ایک عالم خود نما ہے اور وقت وفا کے مثال عالم کے بیوفا ہے خودی سے آ نہیں سکتا ہے جہان حلق و معدہ میں گم ہو سب مثال نان کے اُن کے لئے یہ تمام اوصاف نیک ہوں جو کہ خوبی نیک ہوں وہ بدتر ہو ویں اگرچہ نخوت کنندہ مسیح کی کے ہے جو وہ جان سے ملی ... سے جو جمادی کہ نبات میں ملے اس کی قیمت سے تخل حیات کا اُگے اور جو نباتی کہ وہ جان سے ملے وہ خضر کے مانند آب حیات ... جو ... جانان سے ملے وہ عمر بے پایان میں سامان رکھے یعنی عبادت بدنام ... کے جان طالب میں بالکل خود ... ہو جانی ... چنانچہ آگے اس کی مثال میں سوال سائل کا و وعظ سے بیان ہے فافہم

این ہمہ اوصاف شان نیکو شود	بد نماند چونکہ نیکو جو شود	یہ تمام اوصاف انکے نیک ہوں	بد نہ ہوویں جو کہ خو سے نیک ہوں
گر منی گندہ بود ہمچون منی	چون بجان پیوست گردد روشنی	گندہ نخوت گرچہ ہے مثل منی	جو ملے وہ جان سے ہووے روشنی
ہر جمادی کو کند رو در نبات	از درخت بخت او روید حیات	جو جمادی کہ ملے اندر نبات	نخل قسمت سے اُگے اسکی حیات
ہر نباتی کو بجان روی آورد	خضروار از چشمۂ حیوان خورد	جو نباتی کہ ملے وہ جان سے	خضر سان وہ آبحیوان سے چکھے
باز جان چون روی سوی جانان نہد	رخت را در عمر بے پایان نہد	جو کہ پھر وہ جان جانان سے ملے	عمر بے پایان میں وہ سامان کہے

سوال کردن سائلے از واعظے کہ مرغی بر سر بارو نشست از سر و دم او کدام فاضل تر است

سوال کرنا ایک سائل کا واعظ سے کہ ایک مرغ جو فصیل شہر پر بیٹھا تھا اُسکا بہتر سر ہے یا دم اسکی

واعظے را گفت روزی سائلے	کای تو منبر را سنی تر قائلے	ایک دن واعظ سے سائل یوں کہے	کہ تو قابل تر ہے منبر کے لئے
یک سوالستم بگو ای ذو لباب	اندرین مجلس سوالم را جواب	ہے سوال اک میرا اب ہو کامیاب	دے اسی مجلس میں تو اسکا جواب
بر سر بارو یکی مرغی نشست	از سر و دمش کدامین بہتر است	مرغ بیٹھا ہے فصیل شہر پے	سر و دم سے اُسکے بہتر کون ہے
گفت گر رویش بشہر و دم بدہ	روی او از دم او میدان کہ بہ	بولا گر منھ سوئے شہر و دم بدہ	منھ کو دم سے جانتا بہتر تو رہ
ور سوی شہرست دم رویش بدہ	خاک آن دم باش و از رویش بجہ	شہر کی جانب اگر دم ہے کی ہے	بہتر اُسکی دم ہے اُسکے منھ سے
مرغ را پر می برد تا آشیان	پر مردم ہمت است ای مردمان	آشیان تک مرغ کو پہونچائے پر	آدمی کا پر ہے ہمت ای بشر
عاشقی کالودہ شد در خیر و شر	خیر و شر منگر تو در ہمت نگر	خیر و شر مین جو ہے عاشق مبتلا	خیر و شر مت دیکھ لکھو ہمت سدا
باز اگر باشد سپید و بی نظیر	چونکہ صیدش موش باشد شد حقیر	باز گر ہووے سفید و بے نظیر	اور چوہے مارے تو ہووے حقیر
ور بود چغدی و میل او بشاہ	او سر بازست منگر در کلاہ	گر ہے اُلّو اور ہے خواہان شاہ	میر باز اک ہے نہ دیکھ اسکی کلاہ
در ہمی شیری خورد از مردہ خر	سگ بود او شکل شیری کم نگر	ایسے ہی گر شیر کھاے مردہ خر	سب ہے وہ کُتّا اور نہین ہے شیر نر
ور پلنگ و گرگ را افگند سگ	شیر میدان مرد را بی ریب و شک	گرگ چیتے کو اگر مارے وہ سگ	شیر جانو اُس کو بے شبہ و شک

س۱ ایک دن آخ ۵ شعر ایک سائل نے واعظ سے کہا کہ تو منبر کے ہمیشہ قابل تر ہے۔ اب میرا ایک سوال ہے اس مجلس مین اسی وقت جواب دے ایک مرغ فصیل شہر پر بیٹھا ہے سر دم سے اُس کی کون بہتر ہے واعظ نے کہا کہ اگر منھ طرف شہر کے دوم جانب دہ کے ہے پس منھ کو دم سے بہتر جانتا رہ اور اگر شہر کی جانب اُس کی دم ہے تو اُس کی دم بہتر ہے اُس کے منھ سے آگے اس کے حقائق ہین۔

س۲ آشیان تک آخ ۶ شعر مرغ کو آشیان تک پر پہونچاتا ہے اور آدمی کا پر ہمت ہے جو کہ عاشق خیر و شر مین مبتلا ہے تو خیر و شر مت دیکھ اور ہمیشہ ہمت کو دیکھ یعنی ہمت انسان کی اگر اپنی اصل کی جانب ہے تو وہ بہتر ہے اگر دنیا کی جانب ہے وہ بدتر ہے آگے اس کی مثال ہے باز اگر سفید و بے نظیر ہووے اور چوہے مارے تو وہ حقیر ہووے اگر اُلّو ہے اور بادشاہ کا خواہان ہے وہ ایک امیر باز ہے اُس کی کلاہ مت دیکھ ایسے ہی اگر شیر مردہ خر کھائے وہ کتا ہے اور شیر نر نہین ہے اگر وہ سگ گرگ و چیتے کو مارے اُس کو تم بے شبہ و شک شیر جانو اس کے حقائق آگے ہین فافہم ۱۲

آدمی بس شد زیک مشت گل	برگذشت از چرخ واز کوکب بدل	مشت گل سے آدمی پیدا ہوا	دل کی رہ سے نجم گردون پر گیا
آدمی بر قدر یک طشت خمیر	برفزود از آسمان واز اثیر	طشت آٹے کی بقدار آدمی	کرۂ گردون سے رکھے برتری
هیچ کرمنا شنید این آسمان	که شنید این آدمی پر غمان	اور کبھی گردون نے کرمنا سنا	که سنا اس آدمی نے برملا
بر زمین و چرخ عرضه کرد کس	خوبی عقل و عبارات و هوس	اور زمین و چرخ پر ظاہر کیا	بس کسی نے خوبی عقل و ہوا
جلوه کردی هیچ تو بر آسمان	خوبی روی و اصابت در گمان	جلوہ گردون پر کیا ہے تجھ سوا	خوبی رو و فکر محکم نے بھلا
پیش صورتهای حمام ای پسر	عرضه کردی هیچ سیم اندام بر	صورتون حمام کے آگے پسر	خود کو ظاہر کرتا کوئی سیمبر
بگذری زان نقشهای همچو حور	خلوت آری با عجوزی نیم کور	نقش مثل حور سے گذرا تو ہی	زال بدصورت سے تو صحبت رکھے
در عجوزی چیست کاینشان نبود	کو ترا زان نقشها با خود ربود	زال مین کیا ہی کہ جو انمین نہ تھا	کہ لیا اُن نقشون سے تجھکو لبھا
تا نگوئی من بگویم در بیان	عقل و حس و درک و تدبیرست و جان	مت کہے تو مین کرتا ہون بیان	عقل و تدبیر اسمین ہی اور حس جان
در عجوزی جان آمیزش کنی است	صورت گرمابها را روح نیست	جان آمیزش رکھے ہی زال سے	صورت حمام مین نے روح ہے
صورت گرمابه گر جنبش کند	در زمان از صد عجوزت برکند	صورت حمام گر حرکت کرے	تجھکو اس دم چھین لے سو زال سے
جان چو باشد باخبر از خیر و شر	شاد از احسان و گریان از ضرر	خیر و شر سے جان جو ہووے باخبر	شاد احسان سے ضرر سے نوحہ گر
چون سر و ماهیت جان مخبرست	هر که او آگاه تر با جان ترست	جان ماہیت جو دیتی ہی خبر	اس سے جو آگاہ تر با جان تر
اقتضای جان چو ای دل آگهی است	هر که آگه تر بود جانش قوی است	جان کی خواہش ہی جو ای دل آگہی	جو کہ آگہ تر ہی جان اس کی قوی
روح را تاثیر آگاهی بود	هر که را زین بیش الٰهی بود	روح کی تاثیر ہے بس آگہی	جسکو اس سے زیادہ وہ ہی اللٰہی
خود جهان جان سراسر آگهی است	هر که بیجان است از دانش تهی است	خود جہان جان ہی بالکل آگہی	جو کہ بیجان ہے وہ دانش سے تہی

سلہ مشت گل آہ ۶ شعر آدمی مشت گل سے پیدا ہوا اور دل کی راہ سے نجم گردون پر گیا آدمی طشت آٹے کی مقدار کو کرۂ گردون سے برتر رکھتا ہے اور گردون نے کبھی کرمنا نہ سنا کہ آدمی نے برملا سنا ہے زمین و آسمان پر ظاہر کیا کسی نے خوبی عقل و ہوا کو تجھ سوا گردون پر جلوہ کیا ہے خوبی رخ و فکر محکم سے صورت حمام کے آگے خود کو ظاہر کرتا کوئی پیغمبر ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ نقش مثل حور سے آہ ۷ شعر تو نقش مثل حور سے گذرا ہے اور زال بدصورت سے صحبت رکھتا ہے زال مین کیا ہے کہ اُن مین نہ تھا کہ اُن نقشون سے تجھ کو اپنی طرف لبھا لیا ہے پس تو مت کہہ کہ مین ہی بیان کرتا ہون کہ عقل و تدبیر درک و حس و جان اُس مین ہے جان زال سے آمیزش رکھتی ہے اور صورت حمام اگر حرکت کرے اس دم تجھ کو چھین لے سو زال سے جو جان خیر و شر سے باخبر ہووے تو احسان سے شاد و ضرر سے نوحہ گر ہو جان کی ماہیت جو خبر دیتی ہے اس سے جو آگاہ نہ رہے وہ جان سے زیادہ ہے یعنی جو کوئی اپنی جان سے آگاہ ہے اس کی جان آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ جان کی آہ ۷ شعر اے دل جو جان آگہی ہے پس جو کہ آگاہ تر ہے اسکی جان قوی تر ہے پس روح کی تاثیر ہے آگہی جس کو آگہی زیادہ ہے وہ اللہ والا ہے تحقیق جان جہان کی بالکل آگہی ہے پس جو بیجان ہے وہ دانش سے خالی ہے جو کہ ان جسمون سے خبریں باہر ہین اس میدان مین جان جماد ہوا دل جان مظہر درگاہ ہوئی پس ملک سب عقل و جان تھے تیری جان آئی و ملائک اُس کے جسم و جان بنے جو اس جان سے و ملائک با سلامت تن کے مانند اس روح کے خادم ہیں یعنی جس جان کو آگہی زیادہ ہے وہ عین زیادہ ہو اور جسکو یہان آگہی نہین ہو وہ جان اُس جہان میں مثل جماد کے ہے پس جان کی جان جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چون خبرہا ہست بیرون زین نہاد	باشد این جانہا دران میدان جماد	جو کہ خبرین باہر ان جسموں سے ہین	ہو جماد اک جان اُس میدان میں
جان اول مظہر درگاہ شد	جانِ جان خود مظہر اللہ شد	جان اول مظہر درگہ ہوئی	جان کی جان خود مظہر اللہ ہوئی
آن ملائک جملہ عقل و جان بدند	جان نو آمد کہ جسم آن شدند	وہ ملائک جملہ عقل و جان سے تھے	جان نو آئی وہ جسم اُس کے بنے
از سعادت چون بران جان بر زدند	ہمچو تن آن روح را خادم شدند	باسعادت جو وہ اُس جان سے ملے	مثل تن اُس روح کے خادم ہوئے
آن بلیس از جان ازان در پردہ بود	یک نشد با جان کہ عضو مردہ بود	جان سے محجوب اس سبب شیطان رہا	نے ملا جان سے کہ مردہ عضو تھا
چون نبودش آن فدائے آن نشد	دست بشکستہ مطیع جان نشد	جو نتھی جان نے ہوا اُس کا فدا	ہاتھ ٹوٹا نے مطیع جان کا ہوا
جان نشد ناقص گر آن عضوش شکست	کان بدست اوست تاند کرد دست	عضو گر ٹوٹا نہ ناقص جان ہوئی	دست حق مین ہے وہ دیوے راستی
سر دیگر ہست کو گوش دگر	طوطی کو مستعد آن شکر	دوسرا بھید ہے منکا اور ہی کان ہے	ایسی طوطی کان ہے وہ شکر چکھے
طوطیان خاص را قندیست ژرف	طوطیان عام ازین خود بستہ طرف	قند افزون طوطیان خاص کا	طوطیان عام خود اُس سے جدا
کے چشد درویش صورت زان نکات	معنی ست آن نے فعولن فاعلات	پائین کب درویش صورت وہ نکات	وہ ہے معنی نے فعولن فاعلات
آن خرِ عیسیٰ دریغش نیست قند	لیک خر آمد بہ خلقت کہ پسند	نے دریغ اُسکو خرِ عیسیٰ سے قند	ہے ولیکن خر کی خلقت کہ پسند
قند خر را گر طرب انگیختی	پیش خر قنطار شکر ریختی	ہوتی گر فرحت گدھے کو قند سے	رکھتے بار قند خر کے سامنے
معنی نختم علی افواہہم	این شناس است رہ رو را مہم	معنی نختم علی افواہہم	اس لئے آگاہی سالک کو مہم
تا ز راہ خاتم پیغمبران	بو کہ برخیزد ز لب ختم گران	خاتم پیغمبران کی راہ سے	ہے توقع ختم لب پر سے اُٹھے
ختمہائی کانبیا بگذاشتند	آن بدینِ احمدی برداشتند	انبیا کے ختم مین جو باقی رہین	دین احمد مین وہ بالکل اُٹھ گئیں
قفلہائے ناکشادہ ماندہ بود	از دمِ انا فتحنا بر کشود	بے فتح کے رہ گئے تھے جو قفلے	وہ دم انا فتحنا سے کھلے (تحقق فتح دی ہے ۱۲)
او شفیع است این جہان و آنجہان	این جہان در دین و آنجا در جنان	وہ شفیع اس عالم اُس عالم کے ہین	دین مین یہان اور وہان ہین خلد مین

سلہ جان سے آخر ۶ شعر اس سبب شیطان جان سے محجوب رہا اور جان سے نہ ملا کہ عضو مردہ تھا جو جان نہ تھی اُس کا فدا نہ ہوتا پس ہاتھ ٹوٹا مطیع جان کا نہ ہوا اگر عضو ٹوٹا تو جان ناقص نہ ہوئی کہ وہ دست حق مین ہے اور دست اُسے راستی دے دوسرے بھیدون کا اور ہی کان ہے ایسی طوطی کہاں ہے کہ جو وہ شکر چکھے طوطیان خاص کا قند زیادہ ہے اور طوطیان عام خود اس سے جدا ہین درویش صورت کے وہ نکات کب پائین وہ معنی ہے نہ فعولن فاعلات ہے یعنی عوام لذت معنی سے بیخبر ہین اور راہ معنی کو خاصان حق جانتے ہین آگے مثال ہے فافہم ۱۲ سلہ نے دریغ آخر ۶ شعر اُس کو خر عیسیٰ سے دریغ قند نہین ہے ولیکن خر کی خلقت کا پست ہے اگر گدھے کو قند سے فرحت ہوتی بار قند کے خر کے روبرو رکھتے ترجمہ مہر کی ہم نے اوپر ہاتون اُن کے کے اسواسطے سالک کو آگہی مشکل ہے از راہ خاتم پیغمبران کے امید ہے کہ ختم لب پر سے اُٹھ جائے جو انبیا سے ختمین باقی رہ گئین وہ دین احمد مین بالکل اُٹھ گئین جو قفلے کہ بے فتح کے رہ گئے تھے وہ دم انا فتحنا سے کھل گئے یعنی اگر اس دنیا مین معنی پاتے تو اہل دنیا کو کون پوچھتا پس جو خلعت کہ انبیا علیہم السلام کے عہد مین باقی رہ گئے تھے امت جناب رسول اللہ کو حاصل ہوئے بطفیل جناب رسول مقبول صلعم آگے بیان حضرت رسول مقبول صلعم کا ہے فافہم ۱۲ سلہ وہ شفیع آخر ۸ شعر حضرت رسول مقبول صلعم اس عالم و اُس عالم کے شفیع ہین یعنی دنیا مین یہان اور وہان خلد مین یہ جہان کہتا ہے کہ اُنکے راہ بتا اور وہ جہان کہتا ہے انکا مادہ دکھلا ظاہر و باطن مین اس فنون کا یہ پیشہ ہے ترجمہ ہدایت کر میری قوم کو تحقیق وہ نہین جانتی ہین اُنکے دم سے یہ دونون دریچے کھل گئے اور انکی دونون عالم مین دعوت مستجاب ہے اسواسطے وہ خاتم ہین کہ بسبب سخاوت کے اُنکے مثل کوئی نتھا اور نہ ہوگا جو اُستاد صنعت مین غلبہ رکھے تو نہ کہے کہ صنعت قسم [illegible] تو کھولنے مین ختم کے خاتم ہے اور عالم جان بخش خاتم ہے سیران اشارون سے مراد محمد ہے سب کھل گیا اب کھل گیا یعنی اس مثنوی مین کل اشارے حضرت رسول مقبول صلعم کی جانب ہے [illegible] فافہم ۱۲

این جہان گوید کہ تو رہ شان نما آن جہان گوید کہ مہ شان نما
پیشہ این اندر ظہور و در کمون اہد قومی انہم لایعلمون
باز گشتہ از دم او ہر دو باب در دو عالم دعوت او مستجاب
بہر این خاتم شدست او کہ بجود مثل او نے بود و نے خواہند بود
چونکہ در صنعت برد استاد دست نے تو گوئی ختم صنعت بر تو ہست
در کشاد ختمہا تو خاتمے در جہان روح بخشان حاتمی
ہست اشارات محمد المراد کُل کشاد اندر کشاد اندر کشاد
صد ہزاران آفرین بر جان او بر قدوم و دور فرزندان او
آن خلیفہ زادگان مقبلش پیدا اند از عنصر جان و دلش
گر ز بغداد و ہری یا از رے اند بے مزاج آب و گل نسل وے اند
شاخ گل ہر جا کہ می روید گل است خم مل ہر جا کہ میجوشد مل است
گر ز مغرب بر زند خورشید سر عین خورشید ست نے چیزے دگر
عیب جویان را ازین دم کور دار ہم بہ ستاری خود ای کردگار
گفت حق چشم خفاش بد رگان بستہ ام من ز آفتاب بے مثال
از نظرہای خفاش کم و کاست انجم و آن شمس نیز اندر خفاست
انجم آمد چون مرید و شمس پیر شمس آمد بالیقین بدر منیر

یہ جہان کہوے تو رہ ان کی بنا وہ جہان کہوے تو مہ انکا دکھا
ظاہر و باطن مین پیشہ ذو فنون اہد قومی انہم لایعلمون
دم سے اسکے کھل گئے دونوں باب دو نون عالم مین ہے دعوت مستجاب
اس لئے خاتم ہے وہ کہ با سخا مثل اسکے نے تھا اور نے ہوئیگا
اوستاد صنعت مین جو غلبہ رکھے نے رکھے تو ختم صنعت تجھسے ہے
کھولنے مین ختم کے خاتم ہے تو عالم جان بخش مین حاتم ہے تو
ہے مراد احمد اشارون سے دلا کُھل گیا سب کُھل گیا سب کھل گیا
آفرین[۱] صد ہا ہون انکی جان پر اَنپر اُنکے دو فرزندان پر
وہ خلیفہ زادے مقبل اُسکے ہین پیدا اُسکے عنصر دل جان سے ہین
گر ہین بغداد و ہری سے یا کہ رے بیمزاج آب و گل نسل اسکی ہے
شاخ گل جسجا اُگے ہے ہو وہ گل خم مل جس جا کرے ہے جوش مل
گر طلوع خورشید ہو وے غرب سے عین ہے خورشید نے چیز اور ہے
عیب[۲] جو کو کور رکھ اس دم مین تو اپنی ستاری سے بھی اے رب تو
بولا حق کہ دیدے بد خفاش کے باندھے مین نے شمس بے مانند سے
دیدۂ خفاش کم اور کاست ہے انجم و خورشید بھی مخفی رہے
انجم آیا چون مرید و شمس پیر شمس آیا بالیقین بدر منیر

نکوہیدن ناموسہای پوشیدہ راکہ مانع ذوق ایمان و دلیل ضعف صدق اندو راہزن صد ہزاران ابلہ نادان

طعنہ مارنا شرمہای پوشیدہ کو کہ مانع ذوق ایمان و دلیل ضعف صدق کے ہین اور راہزن ہین لاکھون احمق نادانون کے

سلہ آفرین آنخ ۵ شعر آفرین ہو جیو اُن کی جان پر اور اُن کے دونون فرزندون پر وہ خلیفہ زادے اُن کے مقبل ہین کہ اُن کے دل و جان و عنصر پیدا ہون اگرچہ بغداد و ہرے یا رے مین ہین بے مزاج آب و گل ان کی نسل سے آگے اس کی مثال ہے شاخ گل جس جا اُگے وہ گل ہے خم مل جس جا گرے جوش مل ہے اگرچہ خورشید مشرق مین طلوع ہووے عین خورشید ہے اور چیز نہین یعنی آل جناب رسول مقبول صلعم کی کہین پیدا ہو تحقیق آل رسول اللہ ہے اُن پر درود و سلام ہو جیو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ عیب جو کو آنخ ۴ شعر تو اس دم عیب جو کو اندھا رکھ اپنی ستاری سے اے رب میرے حق نے کہا کہ دیدے خفاش کے مین نے باندھے شمس بے مانند کے دیدے خفاش کے کم و کاست سے انجم و خورشید بھی پوشیدہ رہے انجم مانند مرید کے آیا اور شمس مانند پیر کے آیا بالیقین بدر منیر یعنی عیب جو کی چشم سے جناب رسول مقبول بھی پوشیدہ رہے اور اُنکی آل بھی پوشیدہ رہے آگے ان عیب جو کا بیان ہے فافہم ۱۲

اے ضیاء الحق حسام الدین بیا	ای صقال روح سلطان ہدی	اے ضیاء الحق حسام الدین آ	اے جلائے روح و سلطان ہدی
مثنوی را نمیت مشروح دہ	صورت امثال او را روح دہ	مثنوی کو نمیت مشروح دے	اسکی شکل پیکری کو روح دے
تا حروفش جملہ عقل و جان شوند	سوی خلدستان جان پران شوند	تا حروف اُسکے سب عقل و جان ہون	سوئے جنت حملہ جان پران ہون
ہم بسعی نور ارواح آمدند	سوی دام حرف مستعمی شدند	عالم ارواح سے حاضر ہوئی	تیری سعی سے دام حرفون مین پھنسی
باد عمرت در جہان ہمچون خضر	جانفزا و دستگیر و مستمر	عمر تیری جون خضر یان ہو جیو	جانفزا و دستگیر و پیشرو
چون خضر الیاس معنی جاودان	تا زمین گردد ز لطفت آسمان	جون خضر الیاس تو رہوے سدا	تا زمین ہو لطف سے تیرے سما
گفتمی از لطف تو جزوی ز صد	اگر نبودی طمطراق چشم بد	لطف سے تیرے مین کہتا مختصر	گر نہ ہوتا چشم بد کا خوف و ڈر
لیک از چشم بد زہر آب دم	زخمہای روح فرسا خوردہ ام	لیک چشم تیز پُر آشوب سے	پہونچے زخم جانگزا اکثر مجھے
جز برمز ذکر حال دیگران	شرح حالت می نیارم در بیان	بس سوائے رمز حال غیر کے	شرح تیرے حال کی کب ہو سکے
این بہانہ ہم ز دستان دلیست	کہ از و ہم پای دل اندر گلیست	یہ بہانہ بھی ہے دل کے مکر سے	کہ مرا دل اُسکا بس پابند ہے
صد دل و جان عاشق صانع شدہ	چشم بد یا گوش بد مانع شدہ	سو دل و جان عاشق صانع ہوئے	چشم بد یا گوش بد مانع ہوئے
خود یکی بوطالب آن عم رسول	می نمودش شنعت عربان مہول	خود ابوطالب پیمبر کے چچا	دیکھتے عربون کا طعنہ ظاہرا
کہ چہ گویندم عرب کز طفل خود	او بگردانید دین معتمد	کہ کہین مجھکو عرب اک طفل سے	پھر گیا وہ دین اپنا چھوڑ کے
منصب اجداد و آبا را بماند	در پی احمد چنین بی رہ براند	باپ اور دادا کے منصب سے گریا	ایسا بے رہ پیچھے احمد کے گیا
آن رسول پاکباز مجتبیٰ	از پی آن تا رہاند مرد را	وہ رسول پاکباز مجتبیٰ	اُس کے در پے تھے کرین اسکو رہا
گفتش ای عم یک شہادت تو بگو	تا کنم با حق شفاعت بہر تو	بولے کہ تو اک شہادت دے چچا	تا کہ حق سے ہوون مین شافع ترا

سہ۱ اے ضیاء الحق آخر شعر سے ضیاء الحق حسام الدین آ۔ اے جلائے روح و سلطان ہدایت سے کے تو مثنوی کو نمیت شروع دے اور اس کی شکل پیکری کو روح دے تا حروف اُس سکے سب عقل و جان ہون اور جنت کی جانب سب جان پران ہون کہ عالم ارواح سے حاضر ہوئی اور تیری سعی سے دام حرفون مین پھنسے عمر تیری خضر کے مانند ہو جیو اور جانفزا و دستگیر و پیشوا ہو جیو خضر و الیاس کے مانند تو ہمیشہ رہے تا کہ زمین تیرے لطف سے آسمان ہو مین لطف سے تیرے مختصر کہتا اگر چشم بد کا خوف نہ ہوتا یعنی یا ہو الہدیٰ مین تمہارا حال مختصر بیان کرتا اگر چشم بد کا خوف نہ ہوتا مگر کیا کرون کہ نظر لگنے کا خوف ہے کہ حاسدین بہت ہین پس مین غیر کے حال مین تمہارا حال بیان کرتا ہون آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سہ۲ لیک چشم تیز آخر شعر ولیکن چشم تیز پُر آشوب سے اکثر زخم جانگزا مجھے پہونچے پس یہ بہانہ بھی دل کے مکر سے ہے کہ میرا دل اُس سکے پابند ہے سو دل عاشق صانع کے ہوکر چشم بد یا گوش بد مانع ہوئے خود ابوطالب چچا پیغمبر صلعم کے عربون کا طعنہ ظاہر دیکھتے تھے کہ مجھکو عرب کہتے ہین ایک طفل سے اپنا دین چھوڑ کر پھر گیا اور اپنے باپ دادا کے منصب سے رہا احمد صلعم کا کہنا جا با گر صدمہ زخم چشم سے بہت عاجز ہوتا تھا چنانچہ ابوطالب بھی طعنہ اہل عرب سے اختیار کرنے دین محمدی سے باز رہے آگے ان کا بیان ہے فافہم ۱۲

سہ۳ وہ رسول آخر شعر وہ رسول پاکباز مجتبیٰ ابوطالب کے درپے تھے کہ اُن کو رہا کرین فرمایا کہ اے چچا ایک شہادت کہو کہ تا مین حق سے تیرا شافع ہون کہا کہ ولیکن فاش ہو وے سننے والون مین ترجمہ کہ کل راز تجاوز کرے دونون لب سے مشہور ہووے مین ان عربون کے منہ مین پڑ جاؤنگا اور انکے آگے اس سبب سے خوار ہونگا ولیکن اس کو لطف ماسبق ہوتا تو بد دلی کب کرتا رسول اللہ سے الغیاث اے غیاث المستغاث ان دو شاخہ اختیارون سے بچا کہ دوست دشمن کو بسبب اختیار کے ایک دوسرے سے دو مات ہو رہا ہے آگے ان اختیارات کا بیان ہے فافہم ۱۲

گفت لیکن فاش گرد از سماع	کل سر جاوز الاثنین شاع	بولا لیکن فاش ہوا اندر سماع	کل سر جاوز الاثنین شاع
می بمانم در زبانِ این عرب	پیش ایشان خوار گردم زین سبب	منھ مین ان عربون کے مین پڑ جاؤنگا	اس سبب خوار انکے آگے ہوونگا
لیک اگر بودش لطف ما سبق	کی بدی این بددلی با جذب حق	لیک ہوتا اس کو لطف ما سبق	کرتا کب یہ بددلی با جذب حق
الغیاث ای تو غیاث المستغیث	زین دو شاخہ اختیارات خبیث	الغیاث ای تو غیاث المستعان	اس دو شاخہ اختیار دن سے امان
من ز دستان و ز مکر دل چنان	مات گشتم کہ بماندم از فغان	مین رہا اور مکر دل سے اسقدر [۵۱]	مات ہو کر بے نشان ہون سر بسر
من کہ باشم چرخ با صد کار و بار	زین کمین فریاد کرد از اختیار	کون ہون مین چرخ باصد کر و فر	اختیار او نا سے ہی بس نوحہ گر
کای خداوند کریم و بردبار	دہ امانم زین دو شاخہ اختیار	کاے خداوند کریم دو جہان	دے دو شاخہ اختیار دن سے امان
جذب یکراہہ صراط المستقیم	بہ ز دو راہہ تردد اے کریم	جذب اک راہ ہے صراط المستقیم	ہے تردد کے دو راہہ سے سلیم
زین دو رہ گرچہ ہمہ مقصد توئی	لیک خود جانکندن آمد این دوئی	اس دو راہ سے گرچہ کل مقصد توئی	لیک آئی جان کنی خود یہ دوئی
زین دو رہ گرچہ بجز تو عزم نیست	لیک ہرگز رزم ہمچون بزم نیست	اس دو رہ سے گرچہ تو ہی عزم ہے	لیک رزم ہرگز نہ مثل بزم ہے
در نبی بشنو بیانش از خدا	آیۂ فاشفقن ان یحملنہا	سن تو قرآن مین کہ کہتا ہے خدا	آیۂ اشفقن ان یحملنہا
این تردد ہست در دل چون وغا	کاین بود بہ یا کہ آن حالت مرا	یہ تردد دل مین مثل جنگ ہے	کہ یہ بہتر حال یا وہ ہے مجھے
در تردد می زند بر ہمدگر	خوف و امید بہی در کر و فر	مارتے باہم تردد مین سبھی	کر و فر مین خوف و امید بھی
زین تردد عاقبت ما خیر باد	ای خدا مر جان ما را کن تو شاد	اس تردد سے مری آخر ہو خیر	ای خدا کر جان کو میری تو سیر

مناجات و پناہ جستن بحق از فتنۂ اختیار و اسباب آن و بیان شکوہیدن و ترسیدن آسمان و زمین از اختیار

مناجات اور پناہ چاہنا ساتھ خدا کے فتنہ اختیار و اسباب اسکے سے اور بیان ڈرنا و خوف کرنا زمین و آسمان کا اختیار سے

ای کریم ذوالجلال مہربان	دائم المعروف دار ای جہان	اے کریم ذوالجلال مہربان [۵۳]	ہے سدا معروف دار اے جہان
یا کریم العفو حی لم یزل	یا کثیر الخیر شاہ بے بدل	یا کریم العفو حے لم یزل	یا کثیر الخیر شاہ بے بدل

سـ۵۱ مین رہا آخ ۶ شعر مین یا دو مکر دل سے اسقدر مات ہو کر سر بسر بے نشان ہون مین کون ہون بلکہ آسمان باوجود صد ہا کر و فر کے اونی اختیار سے از بس نوحہ گر ہے اے خداوند کریم دو جہان ان دو شاخہ اختیارون سے امان دے جذب ایک راہ ہے راہ مضبوط ہے تردد کے دو راہہ سے سلیم ہے اگرچہ اس دو راہ سے مقصد تو ہی ہے ولیکن لڑائی ہرگز بزم کے مانند نہین ہے یعنی یہ دو راہ تردد کی کہ یہ کرون یا وہ کرون آفت ہے ایخدا اس سے امان دے اور ایک راہ جذب کو عطا کر کہ صراط المستقیم ہے باقی حال آگے ہو فافہم ۱۲ سـ۵۲ سن تو آخ ۴ شعر تو اٹھانے اس کے سے پس یہ تردد دل مین جنگ کے مانند ہے کہ یہ حال مجکو بہتر ہے یا وہ حال سب تردد باہم مارتے ہین کر و فر مین اور خوف و امید مین اس تردد سے میری آخر خیر ہووے اور اے خدا میری جان کو تو سیر کر یعنی تردد دنیا سے ای خدا مجکو بچا کہ یہ آفت راہ سلوک ہے آگے مناجات ہے فافہم ۱۲ سـ۵۳ اے کریم آخ ۲ شعر اے کریم ذوالجلال و مہربان کہ سدا معرفت و دار اے جہان ہے اے کریم العفو حی لم یزل و یا کثیر الخیر شاہ بے بدل یہ کہنا و پڑھنا اول تجھ سے ملا ورنہ ایخدا یہ دریا ساکن تھا یہ تردد بھی کہ وہان کے و یا مجکو بے تردد کر از راہ سخاوت کے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

اولم این جزر و مد از تو رسید | ورنہ ساکن بود این بحر ای مجید
هم ازانجا کاین تردد دادیم | بی تردد کن مرا هم از کرم
ابتلایم می کنی آه الغیاث | ای ذکور از ابتلایت چون اناث
تا بکی این ابتلا یا رب مکن | مذهبی ام بخش و ده مذهب مکن
اشتری ام لاغر و هم پشت ریش | ز اختیار همچو پالان شکل خویش
این کژاوه گه شود این سو گران | آن کژاوه گه شود آن سو کشان
بفکن از من حمل ناهموار را | تا ببینم روضهٔ ابرار را
همچو آن اصحاب کهف از باغ جود | میچرم ز القاظ نی هم رقود
خفته باشم بر یمین یا بر یسار | برنگردم جز چو گو بی اختیار
هم به تقلیب تو با ذات الیمین | یا سوی ذات الشمال ای رب دین
صد هزاران سال بودم در مطار | همچو ذرات هوا بی اختیار
گر فراموشم شده است آن وقت و حال | یادگارم هست در خواب ارتحال
میرهم زین چارمیخ چارشاخ | می جهم در مسرح جان زین مناخ
شیر آن ایام ماضیهای خود | می چشم از دایهٔ خواب ای صمد
جمله عالم ز اختیار و هست خود | میگریزد در سر سرمست خود
تا دمی از هوشیاری وارهند | ننگ خمر و بنگ بر خود می نهند
جمله دانسته که این هستی فخ است | ذکر و فکر اختیاری دوزخ است
میگریزند از خودی در بیخودی | یا به مستی یا به شغل ای مهتدی

گھٹتا بڑھتا تجھ سے اول یہ رہا | ورنہ ساکن تھا یہ دریا ای خدا
بھی وہان سے کہ تردد یہ دیا | بے تردد کر مجھے از رہ سخا
سله میرا کرتا ہے تو افسوس امتحان | مرد تیرے امتحان سے جون زنان
امتحان یہ کب تلک یا رب نکر | مذہب اک دے مجھکو دس مذہب نکر
اونٹ لاغر میرا زخمی پیٹھ ہے | اختیار اپنی جو پالان شکل ہے
یہ کجاوہ اس طرف کا ہے جھکے | وہ کجاوہ اُس طرف کا ہے کھینچے
پھینک مجھ سے بوجھ ناہموار کو | تا مین دیکھون گلشن انوار کو
سله جون صحاب کہف مین از باغ جود | کھاتا ہون الیقاظ سے بل رقود
سوتا ہون اوپر یمین یا کہ یسار | لوٹتا ہون مثل گو بے اختیار
تیرے پلٹانے سے یا ذات الیمین | یا سوے ذات الشمال ای رب دین
تھا مین اڑتے مین بس لاکھون ہزار | مثل ذرات ہوا بے اختیار
گر فراموش ہے مجھے وہ قال حال | خواب مین ہے یاد مجکو ارتحال
سله چار میخ عنصر سے مین چھوٹتا | عالم جان کی طرف ہون بھاگتا
شیر اپنے گذرے اُس ایام کا | خواب کی دایہ سے پیتا ہون سدا
سارا عالم اختیار و ہست سے | بھاگے سوے بیخودی و مست کے
ہوشیاری سے کوئی دم تا چھٹین | خود پہ بھنگ و مے کی بدنامی رکھین
سب نے جانا کہ یہ ہستی دام ہے | اختیاری فکر دوزخ عام ہے
بس خودی سے بیخودی مین جاتے ہے | تا کہ مستی مین و یا کہ شغل مین

سله میرا کرتا ہے الخ ۵ شعر افسوس تو میرا امتحان کرتا ہے مرد تیرے امتحان سے مانند زنان کے ہین یہ امتحان کب تک اے رب مجکو ایک مذہب دے دس مذہب مت کر میرا اونٹ لاغر پشت زخمی ہے پس اختیار جیسے پالان شکل ہے یہ کجاوہ کبھی اسطرف جھکے اور وہ کجاوہ اُس طرف کبھی کھینچے بوجھ ناہموار کو مجھ سے پھینک تاکہ مین دیکھون گلشن انوار کو یعنی اے رب تو میرا امتحان نہ کر اور پردہ غفلت کو مجھ سے اُٹھا کر گلشن انوار کو دکھا دے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سله جون صحاب کہف الخ ۵ شعر یعنی اصحاب کہف کے مانند از راہ بخشش کے کھاتا ہون بیداری سے نہین بلکہ خواب سے مین سوتا ہون اور الٹی طرف و سیدھی طرف لوٹتا ہون مانند گو کے بے اختیار تیرے پلٹانے سے پلٹا ہون سیدھے پہلو کی طرف اے رب مین دین مین اُڑتے مین تھا لاکھون برس مانند ذرات ہوا کے بے اختیار اگرچہ وہ قال حال کے زمانہ کا جو کہ لاکھون برس بے اختیار سیر مین گذرے ہین اب فراموش ہین مگر وہ عالم خواب مین یاد ہوتی ہین اور اولیاء اللہ کو حالت بیداری مین ظاہر ہوتی چنانچہ اس کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲ سله چار میخ الخ ۶ شعر مین میخ عنصر سے چھوٹتا ہون اور عالم جان کی طرف بھاگتا ہون اُس اپنے ایام گذشتہ کا شیر خواب کی دایہ سے ہمیشہ پیتا ہون تمام عالم اختیار و ہست سے بھاگتا ہے بیخودی و مستی کی طرف تاکہ کوئی دم ہوشیاری سے چھٹین اور خود پر شراب و بھنگ کی بدنامی رکھین سب نے جانا کہ یہ مستی دام ہے اختیار و فکر کی دوزخ عام ہے پس خودی سے بیخودی مین جاتے ہین یا کہ مستی مین و یا کہ شغل مین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

نفس را زان نیستی وامی کشی	زانکہ بے فرمان شد اندر بیہشی	نفس کو اس نیستی سے پھیرے	بیہوشی مین کیون گیا بے حکم کے
نیستی باید کہ او از حق بود	تاکہ بیند اندران حسن احد	نیستی وہ چاہیے کہ حق سے ہو	تاکہ دیکھے اُس مین حق کے حسن کو
لیس للجن و لا للانس ان	ینفذوا من حبس اقطار الزمن	لیس للجن و لا للانس ان (نہین ہے ممکن واسطے جن و انسان کے)	ینفذوا من حبس اقطار الزمن (کہ باہر جاوین قید اقطار زمانہ سے)
لا نفوذ الا بسلطان الہدی	من تجاویف السموات العلی	لا نفوذ الا بسلطان الہدی (نہیں باہر ہوتا ہے مگر ساتھ قدرت ہادی کے)	من تجاویف السموات العلی (جو فضا ہے آسمان بلند سے)
لا ہدی الا بسلطان یقی	من حراس الشہب روح المتقی	لا ہدی الا بسلطان یقی (نہین ہے ہدایت مگر ساتھ سلطان نگہبان کے)	من حراس الشہب روح المتقی (کہ نگہبانی کرے شہاب سے روح متقی کو)
ہیچکس را تا نگردد او فنا	نیست رہ در بارگاہ کبریا	جب تلک نہ ہو کسی کو وہ فنا	نہ ہو درگاہ خدا مین وہ رسا
ہست معراج فلک این نیستی	عاشقان را مذہب و دین نیستی	پس ہے معراج فلک اب نیستی	عاشقون کا دین و مذہب نیستی
پوستین و چارق آمد از نیاز	در طریق عشق محراب ایاز	پوستین چیلی ہوئی از رہ نیاز	عشق کے سلک مین محراب ایاز
گرچہ او خود شاہ را محبوب بود	ظاہر و باطن لطیف و خوب بود	گرچہ وہ خود شاہ کا محبوب تھا	ظاہر و باطن لطیف و خوب تھا
گشتہ بے کبر و ریا و کینہ	حسن سلطان را رخش آئینہ	بے ریا بے کبر و بے کینہ وہ تھا	حسن شہ کو اس رخ آئینہ وہ تھا
چونکہ او ہستی خود مفقود شد	منتہای کار او محمود شد	اپنی ہستی سے کہ جو مفقود ہو	کام اُسکا انتہا محمود ہو
زان قوی تر بود تمکین ایاز	کہ بخوف از کبر کردی احتراز	اس لئے بہتر تھا تمکین ایاز	کبر سے با خوف کرتا احتراز
خندہ او گریہا انگیختہ — آب رویش آبروہا ریختہ
این ہمہ چون و چگونہ چون زبد — بر سر دریاے بیچون می طپد
ضد و ندش نیست در ذات و عمل — زان بپوشیدند ہستیہا حلل
ضد ضد را بود و ہستی کے دہد — بلکہ زو بگریزد و بیرون جہد
ند چہ بود مثل مثل نیک و بد — مثل مثل خویشتن را کے کند
چونکہ دو مثل آمدند اے متقی — این چہ اولیٰتر از آن در خالقی
بر شمار برگ بستان ضد و ند — چون کفی در بحر بے ضد است و ند
بے چگونہ بین تو برد و مات بحر — چون چگونہ گنجد اندر ذات بحر
کمترین لعبت او جان تست — اینچگونہ و چون جان کی شد درست
پس چنان بحری کہ در ہر قطرہ زان — از بدن ناشی تر آمد عقل و جان

جواب دینا قاضی کا صوفی کو

بولا[1] قاضی صوفیان حیران نہو — اس بیان مین اک مثال آخر سنو
دیکھ اسکو خوب جان اسکا تو حال — گر نہ دیکھے حال کو کر تو مقال
جس طرح سے بیقراری عاشقان — ہووے حاصل با قرار دلستان
مثل کہ وہ ناز پر قائم رہی — اور عاشق مثل کہ لرزان ہی
اُس کے ہنسنے نے رلایا غیر کو — آب رونے اس کی کھوئی آبرو
جملہ یہ چون و چگون چون کف بین — بحر بیچون پر ہین کرتے حرکتین
ضد و ند ذات و عمل مین سکے نے — ہستیان پیدا کرین اسواسطے
ضد بھلا[2] کب دو ہستی ضد کو دے — بلکہ اس سے بھاگے اور پر خوف ہی
ند ہے مثل اک مثل بد اور نیک کے — مثل اپنے مثل کو کب کر سکے
جو کہ دو مثل آئی ہے ای نیک پے — خالقی مین اس سے برتر کیون یہ ہے
برہین ہین جون برگ بستان ضد و ند — بحر مین ہین مثل کف بے ضد و ند
ہے بے چگونہ جان بر دو مات بحر — کب چگونہ آئے اندر ذات بحر
لعبت اندک جان تیری اسکی ہے — کب درست ہو یہ چگونہ جان سے
ایسا دریا ہین کہ ہر قطرہ مین ہے — جسکی عقل و جان ظاہر جسم سے

[1] بولا قاضی الخ ۷ شعر قاضی نے کہا کہ ای صوفی حیران نہو اس بیان مین ایک مثال آخر کو سن اسکو تو خوب دیکھ و اس کا حال جان اگر حال کو نہ دیکھے تو مقال کر آگے اسکی مثال ہے جیسے بیقراری عاشقون کو حاصل ہووے ساتھ فراق معشوقون کے کہ وہ کے مانند وہ ناز پر قائم رہا اور عاشق مثل کاہ کے لرزان ہوا اُس کے ہنسنے نے غیر کو رلایا اُس کے آب رو نے کھوئی یہ سب چون و چگونہ مانند کف کے ہین کہ بحر بیچون پر حرکتین کرتے ہین اسکی ذات و عمل مین ضد و ند نہین ہوا اسواسطے ہستیان پیدا کرین یعنی چون و چگونہ دریاے بیچون حرکت کرتے ہین کہ ذات وجود مین ضد و ند نہین ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

[2] ضد بھلا الخ ۸ شعر ضد بود و ہستی کب ضد کو دے بلکہ اس سے بھاگے اور پر خوف رہے ند ایک مثل ہے مثل نیک و بد کے پس اپنے مثل کو کب کر سکتی ہے جو کہ دو مثل خالقی مین آئی ہی برابر یہ اس سے برتر کیون ہین ضد و ند مانند ہین ہیں بر دو مات بحر کا بے چگونہ آئے ذات بحر مین اسکی ادنی جت جان تیری ہی یہ چند چگونہ جان سے کب درست ہوا ایسا دریا کہ ہر ایک اس کے قطرہ مین عقل و جان جسم سے ظاہر تر ہی چند و چون مین کب وہ سما سکتا ہے کہ عقل اُس جا پر لا یعلمون ہے یعنی ذات مین ضد و ند نہین ہے کہ وہان چند چگون کو بھی سمائی نہین ہے آگے اس کے حقائق بین فافہم ۱۲

که نگنجد در مضیق چند و چون ‌‌ عقل کل اینجاست از لا یعلمون
عقل گوید مر جسد را کای جماد ‌‌ بوی بردی هیچ از آن بحر معاد
جسم گوید من یقین سایهٔ توام ‌‌ بوی از سایه که جوید جان عم
عقل گوید کاین نه آن حیرت سراست ‌‌ که سزا گستاخ تر از ناسزاست
شیر این سو پیش آهو سر نهد ‌‌ باز اینجا نزد تیهو پر نهد
اندر اینجا آفتاب انوری ‌‌ خدمت ذره کند چون چاکری
این ترا باور نیاید مصطفی ‌‌ چون ز مسکینان همی گوید دعا
گر تو گوئی از پی تعلیم بود ‌‌ عین تجهیل از چه رو تفهیم بود
بلکه میداند که گنج بے شمار ‌‌ در خرابیها نهاد آن شهریار
بدگمانی فعل معکوس دلست ‌‌ بلکه هر جزویش جاسوس ویست
بل حقیقت در حقیقت غرقه شد ‌‌ زین سبب هفتاد بل صد فرقه شد
با تو قل ما شئت خواهم گفت باز ‌‌ صوفیا خوش پهن بگشا گوش جان
مر ترا هر زخم کاید ز آسمان ‌‌ منتظر میباش خلعت بعد از آن
چون قفا دیدی صفا اهم ببین ‌‌ گردران با گردن آمد ای امین
کان نه آن شاهست کت سیلی زند ‌‌ که نه تاج و تخت بخشد مستند
جمله دنیا را پر پشه بها ‌‌ سیلیی را رشوت بی منتها
گردنت زین طوق زرین جهان ‌‌ چست در دزد و ز حق سیلی ستان
آن قفاها کانبیا بر داشتند ‌‌ زان بلا سرهای خود افراشتند

کب سمائے بس دو اندر چند و چون ‌‌ عقل کل اس جا پہ ہی لا یعلمون
عقل کہوے جسم کو کب ہی جماد ‌‌ پائی تونے بوے دریاے معاد
جسم کہوے مین ہون اک سایہ ترا ‌‌ کون ڈھونڈھے بو کو سایہ سے بھلا
عقل کہوے حیرت اک ایسا ہی یہ ‌‌ کہ لیاقت شوخ نالائق سے ہے
شیر یان آہو کے آگے سر رکھے ‌‌ باز یان تیتر کے آگے پر رکھے
اس جگہ پر آفتاب انوری ‌‌ کرتا ہی ذرہ کی جان سے چاکری
یہ یقین کب تجکو ہو کہ مصطفے ‌‌ کس لئے چہتے تھے مسکین سے دعا
گر تو کہوے واسطے تعلیم کے ‌‌ آگہی کیسے جہالت اک بنے
بلکہ جانتے ہین کہ گنج بیشمار ‌‌ رکھتا ویرانہ مین ہے وہ شہریار
بدگمانی فعل معکوس اسکا ہے ‌‌ گرچہ ہر جزو اُس کا جاسوس اسکا ہے
بل حقیقت مین حقیقت غرق ہے ‌‌ اس لیے ستر بل سو فرقہ ہے
صاف صاف اب تجھسے کرتا ہون بیان ‌‌ صوفیا تو کھول اپنا گوش جان
زخم جو کہ تجھکو پہنچے چرخ سے ‌‌ منتظر رہ خلعت اسکی بعد ہے
جو تپت دیکھی بھی راحت دیکھ لے ‌‌ گوشت گردن کا ہے ہمراہ ران کے
ورنہ وہ شہ ہے تپت مارے تجھے ‌‌ اور تاج و تخت نہ بخشے تجھے
قیمت اس عالم مین پر مچھر کا ہی ‌‌ رشوت اک تھپڑ کی بے پایاں رکھے
اپنی گردن سے یہ پھینکے طوق زر ‌‌ حق کا تھپڑ کھانے دال جلد تر
انبیا نے کھایا تھپڑ جو کہ ہے ‌‌ سر بلند ہین اُس بلا و رنج سے

سلہ عقل کہوے الخ ۵ شعر عقل جسم کو کہے کہ ای جماد تونے بو دریاے معاد کی پائی جسم کہے کہ مین ایک سایہ ترا ہون کون بو کو سایہ سے ڈھونڈھتا ہی عقل کہے کہ اس جا ایک حیرت ہے کہ لائق شوخ تر نالائق سے یہان شیر آہو کے آگے سر رکھتا ہے اور باز آگے تیتر کے پر رکھتا ہی اس جا پر آفتاب انوری ذرہ کی چاکری جان سے کرتا ہے یعنی اسے کچھ آگہی نہیں ہے الا جان اس دریا سے آگاہ ہو سکتی ہے آگے بیان ہی فافہم سلہ یہ یقین الخ ۷ شعر تجکو یہ یقین کب ہو کہ مصطفے صلعم مسکینون سے دعا کس واسطے چاہتے تھے اگر تو کہے کہ واسطے تعلیم کے تو آگہی جہالت کیسی ایک بنے بلکہ جانتے ہین کہ گنج بے شمار وہ شہریار ویرانہ مین رکھتا ہے بدگمانی فعل معکوس اُس کا ہے اگرچہ جزو اس کا جاسوس اس کا ہے بلکہ حقیقت مین غرق ہے اس لیئے ستر بلکہ فرقہ ہے اب تجھ سے صاف بیان کرتا ہون اے صوفی تو اپنے گوش جان کو کھول جو کہ زخم تجکو چرخ سے پہونچے منتظر رہ کہ خلعت اس کے بعد ہے یعنی بعد رنج کے راحت ہے آگے اس کا حال ہے فافہم ۱۲ سلہ جو تپت الخ ۷ شعر جو تونے تپت دیکھی اب رحمت دیکھ کہ گوشت گردن کا ہمراہ ران کے ہے وہ شاہ نہیں ہے کہ تجکو تپت مارے اور تاج و تخت تجکو نہ بخشے اس عالم کی قیمت مچھر کا پر ہے ایک تھپڑ کی رشوت انتہا نہیں رکھتی ہے اپنی گردن سے یہ طوق پھینکے جلد حق کا تھپڑ کھایا ہے اس بلا و رنج سے سربلند ہین ولیکن تو اپنے اندرہ حضر ہو تا کہ تو اس کو اپنے گھر مین نیک پاوے ورنہ وہ خلعت پھیر جاوے کہ مین نے گھر مین کوئی کس بنایا یعنی جو حق تھپڑ کھائے وہ خواہشات دنیا کو چھوڑ دے چنانچہ اس تھپڑ کے سبب انبیا علیہم السلام کو یہ رتبہ ملا ہی آگے سوال صوفی کا بیان ہے فافہم ۱۲

لیک حاضر باش در خود ای فتی	تا بخانه او بیابد مر ترا	لیکن اندر اپنے تو حاضر رہو	تاکہ گھر مین پائے تجھ کو نکو
ورنه خلقت را برد او باز پس	کر نیابیدم بخانه هیچ کس	ورنہ خلقت پھیر کر لیجائے بس	کہ نہ پایا مین نے گھر مین کوئی کس

باز سوال کردن آن صوفی

پھر سوال کرنا اُس صوفی کا

گفت آن صوفی که چه بودی اینجهان	ابروی رحمت کشادی دو جهان	بولا صوفی خوب ہوتا کہ جہان	کھولتا ابرو کی رحمت جاودان
هر دمی شوری نیاوردی بپیش	بر نیاوردی ز تلوینهاش نیش	ہر گھڑی لاتا نہیں اک شور پیش	اور نہ ظاہر کرتا تلوین سے وہ نیش
شب نه زدیدی چراغ روز را	دی نبودی باغ عیش اندوز را	نے چراتی رات یہ دن کا چراغ	نے خزان برباد کرتی عیش باغ
جام صحت را نبودی جام تب	ایمنی را خوف ناوردی کرب	جام صحت کو نہ ہوتا جام تب	اور نہوتا امن کو خوف کرب
خود چه کم گشتی ز جود و رحمتش	گر نبودی خرخشه در نعمتش	خود کمی کیا کھین اُسکی بخششین	گر نہ جھگڑا ہوتا نعمت اسکی مین
حال بودی خوب و خوش بر جانها	تیره کم بودی روان انس و جان	ہوتے سب خوشحال و خوب اہل جہان	ہوتی کب تاریک جان انس و جان
جاودان بودی حضور ذوق خوش	دائما در جان بدی هم شوق خوش	اور سدا ہوتا حضور ذوق خوش	بھی ہمیشہ ہوتا جان مین شوق خوش

جواب دادن قاضی صوفی را و حکایت بطریق تمثیل

جواب دینا قاضی کا صوفی کو اور حکایت بطریق تمثیل کے

گفت قاضی بس تهی رو صوفیی	خالی از فطنت چو کاف کوفیی	بولا قاضی صوفی بے معنی تو ہے	جیسا خالی کاف کوفی عقل سے
تو نه بشنیدی که آن پر قند لب	عذر خیاطان همی گفتی بشب	نے سنا تو نے کہ بس وہ قصہ گو	درزیون کا مکر کہتا رات کو
خلق را در دزدی آن طائفه	می نمود افسانه های سابقه	وہ گروہ چوری کے اندر خلق کو	قصے اگلون کے سناتا تھا نکو
قصه پاره ربائی در ثمرین	می حکایت کرد او با آن و این	قطع مین کپڑا چرانے کے لئے	وہ حکایت کرتا این و آن سے
در سمر میخواند درزی نامه	گرد او جمع آمده همکاسه	درزی نامہ پڑھتا تھا اندر سمر	گرد اُسکے جمع ہوتے تھے بشر
مستمع چون یافت جاذب آن فود	جمله اجزایش حکایت گشته بود	پایا جاذب جو کہ اہل سمع کو	اُس کے کل اجزا ہوئے تھے قصہ گو

سک ۵ بولا صوفی آخ ۷ شعر صوفی نے کہا اچھا ہوتا کہ جہان کھولتا رحمت کی ابرو ہمیشہ ہر دم ایک شور پیش نہ لاتا اور ظاہر کرتا تلوین سے نیش کر نہ رات دن کا چراغ چراتی اور نہ خزان صید کرتی عیش باغ کو جام صحت کو جام تپ کا نہ ہوتا خود کیا کمی رکھین اُس کی بخشش اگر اُس کی نعمت مین جھگڑا نہوتا تو سب خوشحال و خوب جہان مین اور ہوتی کب تاریک جان انسان و جنات کی اور ہمیشہ ہوتا حضور ذوق خوش اور بھی ہمیشہ ہوتا جان مین شوق خوش یعنی کیا اچھا ہوتا کہ دنیا مین ہمیشہ راحت و آرام ذوق و شوق ہمیشہ رہتا اور رنج نہ ہوتا آگے جواب قاضی کا ہے فافہم ۱۲

سک ۲ بولا قاضی آخ ۶ شعر قاضی نے کہا کہ اے صوفی تو بے معنی ہے جیسا کاف کوفی کا عقل سے خالی ہے تو نے نہین سنا کہ وہ قصہ گو درزیون کا مکرات کو کہتا تھا کہ وہ گروہ خلق کو چوری مین قصے اگلون کے سناتا تھا قطع کرنے مین کپڑا چرانے کے واسطے وہ حکایت بیان کرتا اسکی درزی نامہ سمرقند مین پڑھتا تھا کہ گرد اُسکے لوگ جمع ہوتے تھے اہل سمع کو جو جاذب پایا اُس کے کل اجزا قصہ گو ہوئے تھے آگے اس واعظ گوئی کا بیان ہے فافہم ۱۲

بیان حدیث ان اللہ یلقن الکلام علی لسان الواعظین بقدر ہمم المستمعین

جذب سمع است ار کسی را خوش لبیست
گرمی و جد معلم از صبی ست

چنگیی کو در نوازد بست چار
چون نباشد گوش گردد چنگ وار

نے ترانہ یادش آید نے غزل
نے دہ انگشتش بجنبد در عمل

گر نبودی گوشہای غیب گیر
وحی ناوردی ز گردون یک بشیر

ور نبودی دیدہای صنع بین
نے فلک گشتی نہ خندیدی زمین

آن دم لولاک این باشد کہ کار
از برای چشم تیزست و نظار

عامہ را از عشق ہمخوابہ و طبق
کے بود پروای صنع عشق حق

آب تتماجی نہ ریزی در تغار
تا سگی چندی نباشد طعمہ خوار

رو سگ کہف خداوندیش باش
تا رہاند زین تغارت اصطفاش

تفسیر قول ان اللہ یلقن الکلام علی لسان الواعظین بقدر ہمم المستمعین

تحقیق اللہ تعالی تلقین کرتا ہے کلام کو اوپر
زبان واعظون کے بقدر شوق سننے والون کے ۱۲

جذب[1] سمع ہے جو گائے خوش نوا
طفل سے گرمی معلم کی سوا

کان ہی چنگی کہ بجاے بیس چار
جو نہووے گوش ہووے چنگ وار

نے ترانہ یاد آوے نے غزل
نے ہلیں دس انگلیان اندر عمل

اور اگر نے گوش ہوتے غیبدان
وحی نہ ہرگز آتی زیر آسمان

اور اگر آنکھیں نہ ہوتیں صنع بین
نے فلک پھرتا نہ ہنستی یہ زمین

وہ دم لولاک ہے سچ ہر کہ کام
چشم بینا کے لئے ہے نے عوام

عشق زوجہ اور غذا سے عام کو
عشق صنع حق کی کب پرواہ ہو

پانی دھووں کا نہ بھر کونڈے میں تو
تا بہت کتا نہ پائے طعم کو

جا سگ کہف خداوندی رہو
تا چھڑائے تجکو اس کونڈے سے وہ

نشان جستن ترک خانۂ درزی را

چونکہ درزیہای بیرحمانہ گفت
کہ کنند آن درزیان اندر نہفت

اندر آن ہنگامہ ترکی از خطا
سخت تیو گشت از کشف غطا

شب چو روز رستخیز آن رازہا
کشف میکرد از پی اہل نہی

ہر کجا آئی تو در جنگی فراز
بینی آنجا دو عدو در کشف راز

آن زمان را محشر مذکور دان
وان گلوی رازگو را صور دان

پتا پوچھنا درزی کے گھر کا ترک کو

چوری[2] بے رحمانہ اسکی جو کہے
کہ وہ درزی کرتے ہیں از رہ خفی

اک خطائی ترک اس مجمع میں تھا
حال یہ سنکر بہت غصہ ہوا

راز شب کو مثل روز حشر کے
کرتا ظاہر اہل دانش کے لئے

جس جگہ تو آئے اور وان جنگ ہے
دیکھے اس جا دو عدو کو راز گو

اس گھڑی کو محشر مذکور جان
راز گو کے حلق کو تو صور جان

[1] جذب سمع الخ ۹ شعر جو خوش آواز سے گائے تو جذب سمع کو طفل سے گرمی معلم کی سوا ہوتی ہے ایسا چنگی کہان ہے کہ مقام بیس چار کو بجائے جو اہل گوش نہووے تو چنگ کے مانند ہووے نہ ترانہ یاد آوے نہ غزل اور نہ دس انگلیان عمل میں ہیں اگر گوش غیبدان نہ ہوتے ہرگز وحی زیر آسمان نہ آتی اگر آنکھیں صنع بین نہ ہوتیں فلک پھرتا نہ زمین ہنستی وہ دم لولاک یہ ہے کہ کام چشم بینا کے واسطے ہے نہ عوام کے واسطے عوام کو بسبب عشق زوجہ و غذا کے عشق صنع حق کی کب پرواہ ہے تو پانی دھوون کا کونڈے میں نہ بھر تا کتا بہت طعام نہ پائے جا سگ خداوندی رہو تا اس کونڈے سے وہ تجھے چھڑائے یعنی خواہشات لذائذ دنیوی کے سبب عشق خدا سے محروم ہیں بس سگ نفس کو پیٹ بھر کے کھانے کو نہ دے کہ مثل سگ کہف کے طالب حق رہے آگے درزی کا بیان ہے فافہم ۱۲ [2] چوری پانچ شعر جو چوری بیرحمانہ اسکی کہے کہ وہ درزی از راہ پوشیدگی کے کرتے ہیں ایک ترک خطائی اس مجمع میں تھا یہ حال سنکر بہت غصہ ہوا شب کو راز مثل روز محشر کے ظاہر کرتا اہل دانش کیواسطے آگے اسکی مثال ہے تو جس جگہ آئے اور وہان جنگ ہو تو دو دشمن کو رازگو دیکھے اس ساعت کو محشر مذکور جان اور رازگو کے حلق کو صور جان کہ خدا کے خشم کا سامان کیا اور اس رسوائی کو ظاہر کیا درزیون کا وصف از بس کہا ترک کو افسوس آیا اور غصہ ہوا کہا اہو گوش قصہ گو اے بس شہر میں کوئی ہنر میں چالاک ہے کہو آگے دعوی کرنے کا بیان ہے فافہم ۱۲

که خدا اسباب خشمی ساخته است　　وان فضولی را بگوی انداخته است
بسکه غدر درزیان را ذکر کرد　　حیف آمد ترک را و خشم کرد
گفت ای قصاص در شهر شما　　هست چابکتر درین فن دغا

که خدا نے خشم کا سامان کیا　　اور اس رسوائی کو ظاہر کیا
درزیون کا مکر جو از بس کہا　　حیف آیا ترک کو غصہ ہوا
بولا اب اس شہر میں اے قصہ گو　　کوئی چالاک اس شہر میں ہے کہو

دعوی کردن و گرو بستن ترک که درزی دزدی از من نخواهد برد

دعوی کرنا و عہد باندھنا ترک کا کہ درزی مجھ سے چرا نہ سکے گا

گفت خیاطی ست نامش پورشش　　اندرین دزدی و چستی خلق کش
گفت من ضامن که با صد اضطراب　　او نیارد برد از من رشته تار
پس بگفتندش که از تو چست تر　　مات او گشتند در دعوی مپر
تو بعقل خود چنین غره مباش　　که شوی یاوه تو در تزویرهاش
گرم تر شد ترک و بست آنجا گرو　　که نیارد برد نی کهنه نه نو
مطمعانش گرم تر کردند زود　　او گرو بست و رهان را برگشود
گفت رهن این مرکب تازی من　　بدهم ار دزدد قماشم او بفن
ور نتاند برد اسپی از شما　　وا ستانم بهر رهن مبتدا
ترک را آن شب نبرد از فکر خواب　　با خیال دزد می کرد او خراب
بامدادان اطلسی زد در بغل　　شد ببازار و دکان آن دغل
پس سلامش گرم کرد آن اوستاد　　جست از جا لب بترحیبش گشاد
گرم پرسیدش ز حد ترک بیش　　تا فگند اندر دل او مهر خویش
چون شنید از وی نوای بلبلی　　پیشش افگند اطلس استنبلی
که ببر این را قبای روز جنگ　　زیر دامن واسع بر بالاش تنگ

بولا اک درزی ہے پورش نام کا　　خلق کش چوری و چستی میں سوا
بولا میں ضامن ہون کرے وہ سو مکر سے　　وہ نہ مجھ سے ایک تاگا لے سکے
پس کہا اُسکو کہ تجھ سے تیز تر　　کھا گئے مات اُس سے تو دعوی نکر
غرہ مت کر ایسا اپنی عقل پے　　کہ ہو تو بیہودہ اُسکے مکر سے
گرم تر[۵۲] ہو اُس نے باندھا شرط کو　　کہ نہ مجھ سے لے سکے کہنہ نہ نو
گرم تر طامع ہوئی اُس سے اُس آن　　شرط باندھی اُس نے اور کھولی زبان
بولا میری شرط اس گھوڑے پہ ہے　　گر چرائے فن سے کپڑا دون اُسے
گر نہ وہ کپڑے کی چوری کر سکے　　اسپ لون تم سے عوض اُس شرط کے
ترک شب بھر سویا نے اس فکر سے　　جنگ کرتا خیال سے اُس چور کے
صبح[۵۳] کو اطلس بغل میں اُسنے لے　　سوے بازار آیا دکان اسکی پہ
جلد درزی نے سلام اسکو کیا　　جا سے اُٹھا مرحبا اس کو کہا
ترک کی پرسش کری حد سے سوا　　قائم اُسکے دل میں کی اپنی وفا
جو سنا اُس سے نوائے دلکشا　　ڈالا آگے اطلس اُسکے روم کا
کہ قبا کر قطع اس کی بہر جنگ　　ڈھیلی نیچے سے ہو اور اوپر تنگ

سلہ بولا الخ ۴ شعر کہا کہ ایک درزی پورش نام کا ہے چوری میں خلق کش اور چستی میں سوا کہا کہ میں ضامن ہوں سو مکر سے وہ مجھ سے تاگا نہ لے سکے پس اس کو کہا کہ تجھ سے تیز تر اس سے مات کھا گئے تو دعوی مت کر اپنی عقل پر ایسا غرہ مت کر کہ تو اس کے مکر سے بیہودہ ہووے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ گرم الخ ۵ شعر آگے اس سے گرم تر ہے کہ شرط کو باندھا کہ مجھ سے نہ لے سکے کہنہ و نیا کپڑا اُس سے طامع گرم تر ہو گئے اور اُسوقت اُس نے شرط باندھی اور زبان کھولی کہ میری شرط اس گھوڑے پہ ہے اگر فن سے کپڑا چرائے اُسے دوں اگر وہ کپڑے چوری نہ کر سکے گھوڑے اس شرط کی عوض تم سے لوں شب بھر اس فکر سے ترک نہیں سویا اور جنگ کرتا رہا اس چور کے خیال سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ صبح کو الخ ۶ شعر اُس نے صبح کو اطلس بغل میں لیکر سوے بازار اسکی دوکان پر آیا درزی نے اسکو جلد سلام کیا جگہ سے اُٹھا اور اسکو مرحبا کہا ترک کی پرسش حد سے سوا کی اور اُسکے دل میں اپنی وفا قائم کی جو اُس سے نوائے دلکشا سنا آگے اُسکے اطلس روم کا ڈالا کہ اسکی قبا جنگ کیواسطے کر نیچے سے ڈھیلی ہو اور اوپر سے تنگ کہ اوپر کی تنگ سے بدن خوشنما ہو اور نیچے کے ڈھیلی سے میرا پاؤں نہ الجھے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

تنگ بالا جسم بهر آراے را زیر واسع تا نگیرد پاے را
گفت صد خدمت کنم ای ذو ودا دست برد و چشم و بر سینه نهاد
پس به بیهوده بدید آورد کار بعد ازان بکشاد لب را در فشار
از حکایتهای میران در سمر در ذکر میاد عطاے آن نفر
وز بخیلان وز تخیرلت شان از براے خنده داد او هم نشان
همچو آتش کرد مقراضی برون می برید و دل بر افسانه و فسون

تنگ سے اوپر کے تن ہو خوشنما نیچے ڈھیلی سے نہ الجھے پا مرا
بولا[1] سو خدمت کرون دل جان سے ہاتھ دونون چشم و سینہ پر رکھے
پس اُسے ناپا و دیکھا اپنا کام بعدہ جاری کیا اُس نے کلام
قصے میران سمر کے حال سے اور عطا وجود انکے قال سے
اور بخیلون بے نوا دون ڈنگے سے بھی ہنستے دیتا تھا ہنسنے کے لئے
اور نکالی قینچی مانند آگ سے کاٹتا اور دل مین بھی قصے بھرے

مضاحک گفتن اُستاد و خندیدن ترک مست و چشم او بسته شدن و وصله ربودن درزی

ظرافت کہنا استاد کا اور ہنسنا ترک مست کا اور اُس کی آنکھین چھپنا اور چرانا درزی کا کپڑے کو

یک مضاحک گفت آن اوستاد چست ترک مست از خنده شد سست اوفتاد
چونکه خندیدن گرفت از داستان چشم تنگش گشت بسته آن زمان
پاره دزدید و کردش زیر ران غیر چشم حق ز جمله آن نهان
حق همی دید آن ولی ستار خوست لیک چون از حد بری غماز اوست
ترک را از لذت افسانه اش رفت از دل دعوی پیشانه اش
اطلسی چه دعوی چه رهن اچه ترک سرمست است در لاغ ای اچه
لابه کردش ترک کز بهر خدا لاغ میگو کان مرا شد مغتذی

اک[2] مذاق اُس اُوستاد نے کیا ترک ہنس ہنس گر گیا مست اور سوا
داستان سے اُسکی جو ہنسنے لگا تنگ چشم اُسکی ہوئین بند اور سوا
اک چرا کر رکھا ٹکڑا زیر ران بس سواے چشم حق سب سے نہان
حق نے دیکھا ہو وے ستار خو حد سے گذرے وہ ہی تو غماز ہو
ذوق افسانہ سے اسکی ترک کا دعوی غلبہ لینے کا دل سے گیا
کیا ہے اطلس کیا ہے دعوی شرط کیا ترک مست اُسکے ہزل سے بس ہوا
کی[3] خوشامد ترک نے بہر خدا اک ہزل کہہ تو مرا ہے پیشوا

سلہ بولا آنز ۵ شعر کہا کہ سو خدمت دل بجان سے کرون پس ہاتھ دونون چشم و سینہ پر رکھے پس اُس کو ناپا اور اپنا کام دیکھا بعدہ اس نے کلام جاری کیا قصہ میران سمرقند کے حال سے و عطا وجود ان کے حال سے اور ان کے بخیلون بے نوردن سے بتے ہنسنے کے لئے دیتا تھا اور قینچی نکالی مانند آتش کے کاٹتا اور دل مین قصے بھرے ستے آگے ظرافت کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ اک مذاق آنز ۶ شعر اُس اُستاد نے جو ایک مذاق کیا تو ترک ہنس ہنسکر مست ہوکر گرا جو اس کی داستان سے ہنسنے لگا ہی کی تنگ چشم اور سوا بند ہوئی ایک ٹکڑا چرا کر رکھا زیر ران سواے چشم حق کے سب سے پوشیدہ آگے حقائق ہیں حق نے دیکھا ہے ولیکن ستار خو ہے جو حد سے گزرے تو وہی غماز ہووے اس کی ذوق افسانہ سے ترک کا دعوی ترک مست اس کے ہزل سے ہوا یعنی حق دانا دبینا ہے اور ہر ایک عیب کو پوشیدہ کرتا ہی اور جب حد سے گذر جاتا ہے تو وہی رسوا کر دیتا ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سلہ کی خوشامد آنز ۷ شعر ترک نے خوشامد کی کہ خدا کے واسطے ایک ہزل کہہ تو میرا پیشوا ہے اُس مکار نے ہنسنے کی بات کی ترک مارے ہنسی کے خاک پر چت گر پڑا جلد ایک ٹکڑا اطلس کا نیفہ مین رکھا اور ترک ٹھٹھے مارنے مین از بس غافل تھا ایسے ہی تیسری بار ترک خطانے کہا کہ تو ایک ہزل کہہ واسطے خدا کے اوس نے پھر ہنسی کی بات کی کہ ترک غبی اسس کا صید کل ہوا چشم بند اور بے عقل اور حیرت زدہ ترک مست غافل اندر قہقہہ کے تیسری بار اُسکی چرائی کہا اس کی ہنسی سے جو فرصت ملی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

گفت لاغی خنده انگیز آن دغا | که فتاد از خنده آن ترک از قفا
پارهٔ اطلس سبک در نیفه زد | ترک غافل خوش مضاحک میمزد
همچنین بار سوم ترک خطا | گفت لاغے گوئی از بهر خدا
گفت لاغے خنده مینتر زان دو بار | کرد او آن ترک را کلی شکار
چشم بسته عقل جسته مولهه | مست ترک مدعی از قهقهه
پس سوم بار از قبا دزدید شاخ | که ز خنده‌ش یافت میدان فراخ
چون چهارم بار آن ترک خطا | لاغ زان استاد میکرد اقتضا
گفت مولع گشته این مفتون این | بیخبر کین چه خسارست و غبین
رحم آمد بر وی آن استاد را | کرد در باقی فن بیداد را
بوسه افشان گشت با استاد او | که مرا بهر خدا افسانه گو
ای فسانه گشته و محو از وجود | چند چند افسانه خواهی آزمود
خندمین تر از تو هیچ افسانه نیست | بر لب گور خراب خود مایست

کی ہنسی کی بات اُس مکار نے | ترک ہنسنے سے گرا چت خاک پے
پارہ چاند اطلس کا نیفہ میں کھسا | ترک غافل بس خوشی ٹھٹھے مارتا
تیسری بار ایسی ہی ترک خطا | بولا کہہ تو اک ہزل بہر خدا
کی ہنسی کی بات زیادہ اُس سے بھی | صید کل اُسکا ہوا ترک غبی
چشم بند اور بے خرد حیرت زدہ | ترک غافل مست محو قہقہہ
تیسری دفعہ چرائی ترک کی | کہ ہنسی سے اُس سے کچھ فرصت ملی
جو کہ چوتھی بار پھر اُس ترک نے | کی ہزل کی خواہش اُس استاد سے
بولا اے اسیر ہوا حرص تو ہے | تو ہے اپنے بیخبر نقصان سے
رحم اُس پر آیا اُس اُستاد کو | حق کیا باقی میں اُس نے جان کو
پس لگا وہ چومنے اُستاد کو | کہ فسانہ بہر حق مجھ سے کہو
تو ہوا افسانہ بھولا جسم کو | آزمائے گا کب تک فسانے کو تو
نے فسانہ تیرے ہنسنے سے سوا | گور بد اپنی پہ تو مت ہو کھڑا

خطاب با نفسی که مثل این بلا مبتلا ست

خطاب ہر نفس سے کہ مثل اس بلا کے مبتلا ہے

اے فرو رفته بقبر جهل و شک | چند جوئی لاغ و دستان فلک
تا بکی نوشی تو عشوه زین جهان | که نه عقلت ماند بر قانون نه جان
لاغ این چرخ ندیم کرد و مرد | آبروی صد هزاران چون تو برد
میدرد میدوزد این درزی عام | جامه صد سالگان و صد طفل خام
پیر و طفلان شسته پیش بهر کد | تا به سعد و نحس او لاغی کند
لاغ او گر باغها را داد داد | چون دے آمد دادها بر باد داد

اے تو ظلمت جہل کے ڈوبے ہوئے | ڈھونڈھے کب تک مکر دھوکا چرخ سے
اس جہان سے کب تلک دھوکے سُنے | نے بجا عقل اور جان تیری رہے
دھوکے اس افلاک گردا گرد نے | مثل تیرے آبرو لی لاکھ سے
پھاڑتا سیتا ہے یہ درزی عام | جامہ سو سالک کا اور سو طفل خام
بوڑھے بچے آگے اُسکے ہیں گدا | سعد و نحس اُسکی سے تا ہوں دغا
باغ کو گر دادی مکر اُسکے نے | جو خزان آئی کیا برباد اُسے

سلے جو کہ چوتھی بار آخر ۶ شعر یعنی ترک نے چوتھی بار ہزل کی خواہش کی اُس اُستاد کو اُس پر رحم آیا اور اس نے کہا کہ اے ترک جو تو اسیر حرص ہوا ہے تو اپنے نقصان سے بے خبر ہے پس وہ اُستاد کو چومنے لگا کہ خدا کے واسطے مجھے کہانی کو دے آگے اُسکے معانی ہیں تو ہوا افسانہ بھولا جسم کو کب تک آزمائے افسانہ کو تیرا افسانہ ہنسنے سے سوا نہیں ہے تو اپنی گور بد پر مت کھڑا ہو یعنی خود تو فسانہ ہو گیا ہے اور اپنے جسم کو بھولا ہے اس تیرے ہنسنے سے کون سا افسانہ ہوا ہے پس تو خود کو ہلاک نہ کر کہ نفس تیری اطلس عمر کو ہر دم چراتا ہے آگے اس نفس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلے ای تو آخر ۶ شعر اے تو ظلمت جہل کے ڈوبے ہوئے کب تک ڈھونڈھیگا گرد ہوگا آسمان سے اس جہان سے کب تک دھوکے سُنے کہ تیری عقل و جان بجا رہے اس افلاک گردا گرد دھوکے نے تیرے مانند لاکھوں کی آبرو لی یہ درزی عام پھاڑتا سیتا ہے جامہ سو سالک کا و سو طفل خام کا بوڑھے و بچے اسکے آگے گدا ہیں کہ بتا اُس کے سعد و نحس سے پر دغا ہوں اگر باغ کو اُس کے مکر نے داد دی جو خزان آئی اسے برباد کیا یعنی اگر آسمان ایک بار ہنساتا ہے تو سو بار رلاتا ہے پس دوستی آسمان کی عین دشمنی ہے سب یہی حال نفس کا ہے آگے درزی ترک کا بیان ہے فافہم ۱۲

گفتن درزی ترک را کہ اگر یکبار دیگر لاغ گویم قبایت تنگ شود

کہنا درزی کا ترک کو اگر ایک بار اور ہزل کہوں قبا تیری تنگ ہو

گفت درزی ترک را ازین درگذر　　وای بر تو گر کنم لاغ دگر
بس قبایت تنگ آید باز پس　　این کند با خویشتن خود هیچکس
خندهٔ چه رمز اگر دانستی　　آن ز گریه صد تبر دانستی
ترک خنده کن ایا اے ترک مست　　زانکه عمرت رفت خواهی گشت پست
چونکه بنهاد آن قبا درزی بدست　　اسپ را بر باد داد آن ترک مست
مخلصا بشنو توئی آن ترک گول　　عالم غدار خیاط چو غول
اطلسی کز بهر تقوی و صلاح　　دوخت باید جرح کردی از مزاح
اطلس عمر و مضاحک شهوت است　　روز و شب مقراض و خنده غفلت است
اسپ ایمان ست شیطان در کمین　　یا خود آ افسانه را بگذار هین
اطلس عمرت بمقراض شهور　　برد پاره پاره خیاط غرور
تو تمنا می بری کاختر مدام　　لاغ کردی سعد بودی بر دوام
سخت میتولی ز تربیعات آن　　وز دبال و کینه آفات آن
سخت میرنجی ز خاموشی آن　　وز نحوس و قبض و کین کوشی آن
مشتری و زهره چون در رقص نیست　　چونکه بهرام و زحل را نقص نیست
که چرا زهره طرب در رقص نیست　　بر سعود رقص و سعد او مایلست

سلہ بولا درزی ترک سے یہ چھوڑ دے　　گر ہزل اک اور کہوں افسوس ہے
تنگ ہوجائے قبا تیری وہے　　ایسا کوئی کرتا ہے اپنے لئے
کیا ہنسی ہے رمز یہ گر جانے تو　　وہ ہے سو گریہ سے بدتر جانے تو
اب ہنسی کو ترک کر اے ترک مست　　کیونکہ تیری عمر گذری ہووے پست
جو قبا درزی نے رکھی ہاتھ سے　　اپنا گھوڑا کھویا بس اُس ترک نے
مخلصا تو سن وہ تو ہے ترک گول　　عالم غدار درزی مثل غول
ایسا اطلس کہ ہو تقوی کیلئے　　بس ہنسی سے کھویا سینا چاہیئے
عمر اطلس اور ہزل شہوت کو جان　　رات دن قینچی ہنسی غفلت کو جان
گھوڑا ایمان شیطان اندر گھات کے　　ہوش میں آ اور فسانہ چھوڑ دے
عمر کا اطلس ترا مقراض سے　　یوم کے پارہ کیا خیاط نے
آرزو رکھتا ہے تو کاختر مدام　　سعد ہوتے خوش طبع رہتے دوام
بھاگے اُنکی تو نحوست سے ہے سخت　　اور وبال و کینہ و آفت سے پست
انکی خاموشی سے رنجیدہ ہو تو　　نحس و قبض انکے سے آزردہ ہو تو
مشتری زہرہ کو کیوں نہ رقص ہے　　جو زحل بہرام کو نے نقص ہے
رقص میں زہرہ نہ خوش ہے کس لئے　　اُسکے سعد و رقص پر تہمت ہے یہ

سلہ بولا درزی الخ ۵ شعر درزی نے ترک سے کہا کہ یہ چھوڑ دے اگر ایک اور ہزل کہوں افسوس ہے کہ تیری قبا تنگ ہوجاوے ایسا کوئی کرتا ہے اپنے لئے ہنسی کیا ہے اگر تو رمز جانے کہ وہ سو گریہ سے بدتر ہے ترک مست اب تو ہنسی کو ترک کر کیونکہ تیری عمر گذری پست ہو گئی جو درزی نے قبا ہاتھ سے رکھی اپنا کھویا گھوڑا اُس ترک نے آگے اس کے حقائق میں فافہم ۱۲ سلہ مخلصا الخ ۱۰ شعر اے مخلص تو سن وہ ترک گول ہے اور عالم غدار درزی ہے مثل غول کے ایسا اطلس کہ تقوے کے واسطے ہو بس ہنسی سے کھویا سینا چاہیئے عمر اطلس اور ہزل شہوت کو جان رات دن قینچی اور ہنسی غفلت کو جان گھوڑا ایمان اور شیطان گھات میں تو ہوش میں آ اور افسانہ چھوڑ دے کہ تیری عمر کا اطلس مقراض سے ایام کے ٹکڑا کیا خیاط نے تو آرزو رکھتا ہے اختر ہمیشہ سعد ہوتے ہیں اور خوش طبع رہتے دوام یعنی خیاط عالم تیرے اطلس عمر کو مقراض ایام سے قطع کر کے چرائیگا و اسپ ایمان کو شیطان کے ہاتھ مت ہار باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ بھاگے الخ ۵ شعر تو ان کی نحوست سے سخت بھاگے اور وبال و کینہ و آفت سے پست ہو تو ان کی خاموشی سے رنجیدہ ہو اور نحس و قبض انکی سے آزردہ ہو کیونکہ مشتری و زہرہ کو رقص ہے جو زحل و بہرام کو نقص ہے زہرہ رقص میں کس واسطے نہ خوش ہے اس کے سعد و رقص پرست رہے تو ان تاروں کا کھوٹاپن مت دیکھ اور اپنے دل پر عشق کر اے نیک یعنی نحوست ستاروں سے کیوں بھاگتا ہے پس ان ستاروں سے کھوٹاپن دیکھ اور اپنے دل پر عشق کر آگے گروہ بیکار کا بیان ہے فافہم ۱۲

تو مبین قلابی این اختران	عشق خود بر قلب زن بین ایلهان	کھوٹاپن مت دیکھ ان تارون کا تو	قلب پر کر عشق اپنے ای نکو

بیان آنکہ بیکاران از قبیل آن ترک اند مثل در تسکین فقیران بجور روزگار وحکایت

بیان اس بات کا کہ بیکار اُس ترک کے گروہ سے ہین مثال تسکین مین فقیرون کے ستم زمانہ سے اور حکایت

آن یکی میشد برہ سوی دکان	پیش رہ را بستہ دید او از زنان	ایک[1] جاتا راہ مین سوی دکان	دیکھا رہ مین حائل اک مجمع زنان
پای او میسوخت از تعجیل راہ	بستہ از جوق زنان ہمچو ماہ	سوز پا سے جلد جاتا کرتا آہ	تھی ہجوم عورتون سے بند راہ
رو بیکی زن کرد وگفت ای مستہان	ہین چہ بسیارید ای دخترسگان	ایک عورت سے کہا ای مہربان	کس لئے یان جمع ہین یہ لڑکیان
رو بدو کرد آن زن وگفت ای امین	ہیچ بسیاری ما منگر چنین	زن مخاطب ہوکے بولی ای جوان	کچھ نہ کثرت کو ہماری دیکھ یان
بین کہ با بسیاری ما بر بساط	تنگ می آید شما را انبساط	باوجودیکہ ہم اس کثرت سے ہین	عیش تنگ آتا ہے تمکو دہر مین
در لواطہ می فتید از قحط زن	فاعل ومفعول رسوای زمن	کون زنی کرتے ہو قحط زن سے تم	فاعل ومفعول رسوا ہوئے تم
تو مبین این واقعات روزگار	کز فلک میگردد اینجا ناگوار	دیکھ مت[2] یہ واقعات روزگار	کہ فلک سے ہوتی ہین یان ناگوار
تو مبین تحشیر روزی معاش	تو مبین این قحط وخوف وارتعاش	دیکھ مت روزی معاش کی کمی	دیکھ مت یہ قحط وخوف جانکنی
بین کہ با این جملہ تلخیہای او	مردۂ او بیند وتا پروای او	دیکھ کہ تلخی سے تجھے اُن سے ملے	اُنکا تو کشتہ وخواہشمند ہے
رحمتی دان امتحان تلخ را	نقمتے دان ملک مرو وبلخ را	جان رحمت امتحان تلخ کو	جان زحمت ملک مرو وبلخ کو
آن براہیم از تلف نگریخت ماند	این براہیم از شرف بگریخت راند	وہ براہیم اُس تلف سے نہ ہٹا	یہ براہیم اس شرف سے چلدیا
این نسوزد وان بسوزد ای عجب	نعل معکوس است در راہ طلب	نے جلا وہ اور جلا یہ ای عجب	نعل الٹا رکھتی ہے راہ طلب

باز مکرر کردن صوفی سوال را وجواب قاضی

پھر دوبارہ سوال کرنا صوفی کا اور جواب قاضی کا

[1] ایک سے جاتا آخر ۲ شعر ایک شخص راہ مین جاتا تھا سوئے دکان کے راہ مین دیکھا کہ ایک مجمع عورتونکا حائل ہے سوز پا سے جلدی جاتا تھا اور آہ کرتا تھا اور راہ ہجوم عورتون سے بند تھی ایک عورت سے کہا کہ ای مہربان یہان لڑکیان کسواسطے جمع ہین عورت مخاطب ہوکر بولی کہ ای جوان کچھ ہماری کثرت کو یہان مت دیکھو ہم باوجودیکہ اس کثرت سے ہین پھر بھی تمکو عیش تنگ آتا ہو زمانہ مین تم کون زنی کرتے ہو قحط زن سے اسواسطے تم فاعل ومفعول رسوائی ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] دیکھ مت آخر ۲ شعر یہ مت دیکھو واقعات زمانہ کے فلک سے یہان ناگوار ہوتے ہین تو مت دیکھ روزی ومعاشون کی کمی اور مت دیکھ یہ قحط وخوف جانکنی یہ دیکھ کہ تجھے تلخی اُن سے ملے کہ اُنکا تو کشتہ وخواہشمند ہو آگے اس کے حقائق ہین امتحان تلخ کو تو رحمت جان وہ ابراہیم خلیل اللہ اس تلف سے نہین ہٹا اور یہ ابراہیم زردشت اس شرف سے چلدیا وہ نہ جلا اور یہ جلا ای عجب نعل الٹا رکھی ہے راہ طلب کی یعنی واقعات زمانہ کو مت دیکھ اور جس کا تو خواہشمند ہے اسکی تلخی دیکھ کہ آفات دنیا سے ابراہیم خلیل اللہ نے آتش سے نجات پائی اور ابراہیم زردشت نے باوجود آتش پرستی کے اسی مین جان دی پس اس دنیا کا کام اُلٹا ہے آگے بیان ہے فافہم ۱۲

گفت صوفی قادرست آن مستعان	که کند سودای مارا بی زیان	سلہ بولا وہ صوفی ہو قادر وہ خدا	کہ کرے وہ کام میرے کو بھلا
آنکہ آتش را کند ورد و شجر	هم تواند کرد این را بی ضرر	وہ کرے آتش کو گلہا و شجر	بھی وہ کر سکتا ہے اسکو بے ضرر
آنکہ گل آرد برون از عین خار	هم تواند کرد این دی را بهار	وہ نکالے گل کو باہر خار سے	اور بہار اک اس خزان کو کر سکے
آنکہ زو هر سرو آزادی کند	قادرست از غصه را شادی کند	وہ کہ اس سے سرو آزادی کرے	ہے وہ قادر خشم کو شادی کرے
آنکہ شد موجود از وی هر عدم	گر بدارد باقیش او را چه غم	وہ کہ موجود اس سے ہے ہر اک عدم	گر رکھے باقی اُسے کیا اُسکو غم
آنکہ تن را جان دهد تا حی شود	گر نمیراند زیانش کی شود	وہ کہ جان دے تن کو تا زندہ رہے	گر نہ مارے کب اُسے نقصان ہے
خود چه باشد گر ببخشد آن جواد	بنده را مقصود جان بی اجتهاد	ہووے کیا گر وہ کریم اب بخشدے	بے جہد بندہ کو مقصد جان کے
دور دارد از ضعیفان در کمین	مکر نفس و فتنهٔ دیو لعین	عہ اور ضعیفوں سے رکھے بس دور دو	مکر نفس اور فتنۂ شیطان کو
وقت طالب را پریشان کم کند	آینهٔ دل را چو جام جم کند	وقت طالب کو پریشان کب کرے	آئینۂ دل کو جو جام جم کرے
گفت قاضی گر نبودی امر مُر	ور نبودی خوب و زشت و سنگ و دُر	بولا قاضی حکم تلخ ہوتا نہ گر	اور نہ ہوتا نیک و بد سنگ و گہر
ور نبودی نفس و شیطان و هوا	ور نبودی زخم و چالیش و وغا	گر نہ ہوتا نفس و شیطان و ہوا	گر نہ ہوتا زخم اور جنگ و وغا
پس بچه نام و لقب خواندی ملک	بندگان خویش را ای منهتک	پس وہ کس نام و لقب بادشاہ	اپنے بندوں کو بلاتا مشفقا
چون بگفتی ای صبور و ای حلیم	کی بگفتی ای شجاع و ای کریم	کیسے کہتا اے صبور و ای حلیم	کب وہ کہتا اے شجاع و اے کریم
صابرین و صادقین و منفقین	چون بدی بی رهزن و دیو لعین	صابرین و صادقین و منفقین	ہوتے کب بے رہزن و دیو لعین
رستم و حمزه و مخنث یک بدی	علم و حکمت باطل و مندک شدی	سعہ رستم و حمزہ و مخنث ہوتے ایک	علم و حکمت ہوتے سب باطل اے نیکیا
علم و حکمت بهر راه بی رهی ست	چون همه ره باشد آن حکمت تهی ست	علم و حکمت واسطے بیراہ کے	جو ہوں سب رہ پر و حکمت کس لئے
بهر این دکان طبع شوره آب	هر دو عالم را روا داری خراب	واسطے رونق دکان طبع کے	دونوں عالم کی خرابی لائے ہے

سلہ بولا وہ صوفی الخ ے شعر اُس صوفی نے کہا کہ وہ خدا قادر ہے کہ وہ میرے کام کو بھلا کرے کہ وہ کرتا ہے آتش کو گل جیسا اور بھی وہ کر سکتا ہے اس ابراہیم کو بے ضرر وہ گل کو باہر خار سے نکالے اور بہار اس خزان کو کر سکے وہ کہ اس سے سرو آزادی کرے وہ قادر ہے کہ خشم کو شادی کرے وہ کہ موجود اس سے ہر ایک عدم ہے اگر اسے باقی رکھے کیا اس کو غم ہے وہ کہ تن کو جان دے تا زندہ رہے اور اگر نہ مارے اُسے کب نقصان ہے کیا ہووے کہ اگر وہ کریم کو اب بخشدے بندہ کو جان سکے بے جہد یعنی خدا قادر ہے کہ بُرے کو اچھا کر دے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ عہ اور ضعیفوں سے الخ ے شعر اور ضعیفوں سے دور رکھے مکر نفس اور فتنہ شیطان کو طالب کے وقت کو کم پریشان کرے آئینہ دل کو مانند جام جم کے کرے قاضی نے کہا کہ اگر حکم تلخ نہ ہوتا اور نیک و بد و سنگ و گوہر نہ ہوتا اگر نفس و شیطان نہ ہوتا اور زخم و جنگ و دغا نہ ہوتا پس وہ بادشاہ کس نام و لقب سے اپنے بندوں کو بلاتا اور کیسے کہتا اے صبور و اے حلیم کب کہتا اے شجاع و اے کریم ترجمہ صابرین، صادقین اور نفقہ دینے والے کب ہوتے بے رہزن و دیو لعین کے یعنی اگر برائی و بھلائی نہ ہوتی تو خدا بندوں کو کس نام سے بلاتا کیونکہ ایجاد صفاتِ حق کا کامل ظہور نہ ہوتا آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سعہ رستم و حمزہ الخ ے شعر رستم و حمزہ اور مخنث ایک ہوتے تو علم و حکمت سب باطل ہوتی علم و حکمت واسطے بیراہ کے ہے جو سب راہوں پر ہوں تو حکمت کس واسطے ہو دکان طبع کی رونق کے واسطے تو دونوں عالم کی خرابی لاتا ہے میں جانتا ہوں کہ تو پختہ ہے خام نہیں ہے اور تو سوال کرتا ہے عوام کے واسطے ظلم عالم کا اور رنج جو کچھ ہے سہل تر ہے دوری حق سے اس ملک کے فقر و فاقے و درد و رنج کب مشکل ہیں فراق یار سے کیونکہ یہ گذر جائیں گے اور وہ گذرنے کا نہیں اور اہل دولت ہے کہ جان سے یقین ہو یعنی دنیا کے تمام رنج و الم سہل تر ہیں فراق یار سے کہ وہ سب گذر جائیں گے اور یہ فراق یار کا باقی ہمیشہ باقی رہیگا آگے اس فراق یار کا بیان ہے فافہم ۱۲

من میدانم که تو پاکی نه خام	دین سوالت هست از بهر عوام	جانتا ہوں میں تجھے پختہ نہ خام	تو سوال اب کرتا ہے بہر عوام
جور دوران وهر آن رنجیکه هست	سهل‌تر از بعد حق و غفلت است	ظلم عالم اور جو کچھ رنج ہے	سہل تر ہے دوری اللہ سے
رنج و درد و جوع و فقر این یار	صعب نبود چون فراق و بعد یار	فقر و فاقہ درد و رنج اس یار کے	کب ہیں مشکل جو فراق یار ہے
زانکه اینها بگذرد وان نگذرد	دولت آن دارد که جان آگه برد	کیونکہ یہ گذرینگے وہ گذرے نہیں	ایل دولت وہ کہ جان سے ہو یقین

در بیان آنکه صبر رنج کار سهل‌تر از صبر در فراق یار

بیان میں اُسکے کہ صبر رنج کام کا سہل تر ہے فراق یار سے

آن یکی زن شوی خود را گفت هی	ای مروت را بیکبار کرده طی	ایک زن نے اپنے شوہر سے کہا	اے مروت کو کیا تو نے جدا
هیچ تیمارم نمی داری چرا	تا بکی داری درین خواری مرا	کچھ نہیں کھتا ہو ہے کھانا کس لئے	کب تک تو رکھیگا خواری میں مجھے
گفت شو من نفقه چاره می کنم	گرچه عورم دست و پائی میزنم	بولا شوہر تدبیر نفقہ کی کروں	گرچہ ننگا ہوں لئے کوشش رکھوں
نفقه و کسوه است واجب ای صنم	از منت این هر دو هست و نیست کم	نفقہ اور کپڑا ہے واجب اے صنم	تجکو دونوں مجھ سے ہیں اور نہیں ہے کم
آستین پیرهن بنمود زن	پس درشت و پر وسخ بد پیرهن	آستین اس زن نے دکھلائی اُسے	کہ ہے سخت اور میلے کپڑے ہیں مرے
گفت از سختی تنم را می خورد	کس کسی را کسوه زینسان آورد	بولی تن کھاتے ہیں سختی ست مرا	کوئی یہ کپڑے کسی کو دے بھلا
گفت ای زن یک سوالت میکنم	مرد درویشم همین آمد فنم	بولا اے زن تجھ سے کرتا ہوں سوال	مرد ہو درویش ہوں یہی ہے میرا حال
این درشتست و غلیظ و ناپسند	نیک اندیش ای زن اندیشه مند	یہ پھٹے کپڑے ہیں میلے ناپسند	لیکن اب سوچ اے زن اندیشہ مند
کاین درشت و زشت تر یا خود طلاق	این ترا مکروه تر یا خود فراق	یہ پھٹے کپڑے سوا یا خود طلاق	یہ سب تجھے مکروہ سوا یا خود فراق
همچنین ای خواجه تشنیع زن	از بلا و فقر و رنج و محن	ایسے ہی اے خواجہ شاکی تو جو ہے	امتحان رنج و آفت فقر سے
بیشک این ترک هوا تلخی ده است	لیک از تلخی بعد حق به است	گرچہ یہ ترک ہوا تلخی بھی ہے	پر ہے بہتر بُعد حق کی تلخی سے
گر جهاد و صوم سخت است و خشن	لیک این بهتر ز بعد ای ممتحن	گرچہ روزہ جہد سخت ہے اور کڑا	لیک بُعد حق کی تلخی سے بھلا
رنج کی ماند دمی کان ذوالمنن	گویدت چونی تو ای رنجور من	رنج دم بھر کب رہے کہ ذوالجلال	پوچھے اے بیمار میرے کیا ہے حال

ـ لـ ۱۵ ایک زن نے آخر ۶ شعر ایک عورت نے اپنے شوہر سے کہا کہ اے شخص تو نے مروت کو جدا کیا کب تک کھانا نہیں کھاتا کب تک مجکو خواری میں رکھیگا شوہر نے کہا کہ تدبیر نفقہ کی کروں اگرچہ ننگا ہوں ولیکن کوشش رکھتا ہوں کپڑا اور نفقہ واجب ہے تجکو مجھ سے دونوں ہیں اور کم نہیں ہے اس زن نے آستین دکھلائی کہ سخت کپڑے میلے ہیں اور کہا کہ میرا جسم سختی سے کھاتا ہے کوئی ایسا کپڑا کسی کو پہناتا ہے آگے اس کا جواب ہے فافہم ۱۲ سنہ ۹۲ بولا اے زن آخر ۶ شعر کہا اے زن تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مرد درویش ہوں اور یہی میرا حال ہے اگرچہ میلے و پھٹے کپڑے ناپسند ہیں ولیکن اب سوچ اے زن اندیشہ مند پھٹے کپڑے سوا ہیں یا خود طلاق یہ تجھ کو مکروہ سوا ہے یا خود فراق آگے اس کے حقائق ہیں اے خواجہ ایسی ہی تو شاکی ہے امتحان رنج اور آفت فراق سے اگرچہ ترک سوا تلخی رکھتی ہے ولیکن بُعد حق کی تلخی سے بہتر ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سنہ ۹۳ رنج دم بھر آخر ۵ شعر رنج دم بھر کب رہے کہ ذوالجلال پوچھے اے میرے بیمار کیا حال ہے اگر نہ پوچھے تو وہ نہ سمجھ سکے ولیکن تیرا ذوق اسکی پرسش ہے وہ سلطان اولیا کہ ایک طبیب دل ہے کہ ہو پرسش بیماریں رغبت رکھتے ہیں اگرچہ نام و ننگ سے کنارہ کرتے ہیں ولیکن از رہ پیغام کے چارہ کرتے ہیں ولیکن ان کے دل میں ذکر یاد رہتی ہے اور معشوق بے خبر نہیں عشاق سے مثل اولیاء اللہ اگرچہ بظاہر بیمار انکی پرسش نہیں کرتے ہیں ولیکن از راہ پیغام کے علاج کرتے ہیں باقی آگے ہے فافہم ۱۲

دیگر گوید کہ نہ آن فہم و فن ست　لیک آن ذوق تو پرسش کردن ست
آن ملیمان کہ طبیبان دل اند　سوی رنجوران بپرسش مائل اند
در حذر از ننگ دا ازا می کنند　چارہ سازند و پیغامی کنند
ورنہ در دل شان بود آن مفتکر　نیست معشوق ز عاشق بیخبر
ای توجیای نوادر داستان　ہم فسانہ عشق بازان را بخوان
پس بجوشیدی درین عہد مدید　ترک جوشی ہم نگشتی ای قدید
دیدہ عمرے تو دادو داوری　وانگہ از نادیدگان ناسی تری
ہر کہ شاگردیش کرد استاد شد　تو سپس تر رفتہ ای گول لد
خود نبود از والدینت اعتبار　ہم نبودت عبرت از لیل و نہار

گر نہ پوچھے ذ سمجھ تو وہ سکے　لیک تیرا ذوق پرسش اسکی ہے
وہ ملیمان کہ طبیبان دل ہین　پرسش بیمار سے رغبت رکھین
نام و ننگ سے گر کنارہ کرتے ہین　ازرہ پیغام چارہ کرتے ہین
ورنہ دل مین انکے ہوتی فکر کی　بیخبر معشوق نے عشاق سے
ڈھونڈھتا[1] ہوا سے تو نادر داستان　پڑھ فسانہ عشق بازونکا بھی ہان
گرم جوشیان تو کین اس عہد مین　ترک جوشی بھی نہ تجھسے ہوئی ہین
دیکھی تو نے عمر بھر ہے داد کو　جان نادیدون سے غافل تر ہو تو
اسکا جو شاگرد ہوا استاد ہوا　اور تو ہٹتا ہے پیچھے احمقا
نے تجھے غیرت ہوئی مان باپ سے　بھی نہ عبرت رات دن سے ہے تجھے

پرسیدن عارفی از کشیش کہ تو بسال بزرگتری یا ریش تو

پوچھنا ایک عارف کا کشیش سے کہ تو عمر مین بڑا ہے یا داڑھی تیری

عارفی پرسید زان پیر کشیش　کہ توای خواجہ مسن تر یا کہ ریش
گفت نے من پیش از وزائیدہ ام　پس بے بے ریشی جہان را دیدہ ام
گفت ریشت شد سفید از حال گشت　خوی زشت تو نگردیدست درست
او پس از تو زاد و از تو بگذرید　تو چنین خشکی ز سودای مزید
تو بدان رنگی کہ اول زادہ　یک قدم زان بیشتر ننہادہ
دوغ ترشی ہمچنان در معدنی　خود نگردی زو مخلص روغنی
ہم خمیری خمر الطینہ درے　گرچہ عمرے در تنور آزری

پوچھا[2] اک عارف نے اک پیر کشیش　کہ اے خواجہ تو مسن تر یا کہ ریش
بولا مین پیدا ہوا ہون پہلے ریش سے　دیکھا بس مین نے جہان بے ریش مے
بولا ہوئی داڑھی سفید حالت پھری　تیری نیکی پر نہ بد عادت پھری
بعد تیرے پیدا ہو کر وہ بڑھی　خشک معزی مین رہا تو ویسا ہی
پہلے تو جس رنگ سے پیدا ہوا　اک قدم اس سے نہ تو آگے بڑھا
ویسا ہی معدن مین کھٹا ہی رہی　نے ہوا اخلاص کا پیدا تو گھی
تو خمیر اک خمر الطینہ مین ہے　اگرچہ ہے تنور مین اک عمر سے

[1] ڈھونڈھتا ہے الخ ۵ شعر اے تو نادر داستان ڈھونڈھتا ہے بھی افسانہ عشق بازون کا پڑھ تو نے اس عہد مین گرم جوشیان کرین ترک جوشی بھی تجھ سے نہین ہوئی تو نے عمر بھر داد کو دیکھا ہے جان لے کہ تو نادیدون سے غافل تر ہے اس کا جو شاگرد ہوا استاد ہوا اور تو ہٹتا ہے پیچھے تجکو غیرت مان و باپ سے نہین ہوئی اور نہ عبرت رات دن سے تجکو ہے یعنی تو داستان لوگون کی ڈھونڈھتا ہے اور اس عبرت نہین پکڑتا ہے کہ تیرے مان باپ دلیل و نہار سب گذر گئے ایسے ہی تو بھی گذر جائے گا بس تو جان یو جکر انجان بنتا ہے آگے بیان ہے فافہم ۱۲ [2] پوچھا الخ ۷ شعر ایک عارف نے پیر کشیش سے پوچھا کہ اے خواجہ تو عمر مین زیادہ ہے کہ ریش تیری کہا کہ مین اول ریش سے پیدا ہوا ہون کہ بے ریش کے مین نے جہان کو دیکھا ہے کہا کہ داڑھی سفید ہوئی اور حالت پھری مگر نیکی پر تیری بد عادت نہین پھری وہ تیرے بعد مین پیدا ہو کر تجھ سے بڑھی مگر تو ویسا ہی خشک مغزی مین رہا تو پہلے جس رنگ سے پیدا ہوا ایک قدم اس سے آگے نہ بڑھا آگے اس کی مثال ہے معدن مین ویسا ہی کھٹا ہے تو گھی اخلاص کا پیدا نہین ہوا تو خمیر ایک خاک خام مین ہے اگرچہ تو ایک عمر سے تنور مین ہے یعنی باوجود عمر گذرنے کے تو ابھی تک چھوٹا نہین ہوا اور خواہشات دنیا مین مبتلا ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

همچو قوم موسی اندر حر تیه — مانده چل ساله بر جای سفیه
می‌دوی هر روز تا شب در وله — خویش را بینی در اول مرحله
چون جشیشی پا بگل در ہشتۂ — گرچه از یاز ہوس سرگشتۂ
نگذری زین بعد سی صد سال تو — تا که داری عشق این گوساله تو
تا خیال عجل شان از جا نرفت — بد بر ایشان تیه چون گرداب زفت
غیر آن عجلی کزو یابست مهٔ — بے نہایت لطف ما بینندۂ
گاو طبعی زان نکوئیهای زفت — از دلت در عشق این گوساله رفت
بار سی اکنون تو ز ہر جزوت بپرس — صد زبان دارند این اجزای خرس
ذکر نعمتهای رزاق جہان — که نهان شد او در اعراق زبان
روز و شب افسانه جویانی تو — جزو جزو تو فسانه گوی تست
جزو جزوت تا برستت انعدم — چند شادی دیده است و چند غم
زانکه بے لذت نروید ہیچ جزو — بلکه لاغر گردد از ہر ہیچ جزو
جزو ماند و آن خوشی از یاد رفت — بل نرفت آن خفیه شد از ہیچ و هفت
ہمچو تابستان که از وی پنبه زاد — ماند پنبه رفت تابستان زیاد
یا مثال یخ که زاید از شتا — شد شتا پنہان و آن یخ پیش ما
ہست آن یخ زان صعوبت یادگار — یادگار صیف در دی از ثمار
ہمچنین ہر جزو جزوت ای فتیٰ — در تنت از نعمتی گوید ثنا
چون زنے که بیست فرزندش بود — ہر یکے حاکی ز حال خوش بود

مثل قوم موسیٰ اندر تیہ کے — تو رہا چالیس سال اک جا پہ ہے
دوڑے تو دن بھر ہی اندر حرص کے — پہلی ہی منزل پہ دیکھے خود کو ہے
مثل کہ پا تیرا کیچڑ میں پھنسا — پر ہوس میں پڑ کے سرگشتہ ہوا
نے تو نکلے لاکھ سال اس بعد سے — عشق اس گوسالہ کا جب تک ہے
تا خیال عجل اُن کا مٹ گیا — تیہ چون گرداب اک اُن پر رہا
غیر عجل اُس سے کہ جو تجھکو ملا — بے نہایت لطف بس ہمکو دکھا
گاؤ طبع نیکیوں سے تو ہوا — عشق گوسالہ کا نے دل سے گیا
اپنے تو ہر جزو سے پوچھ لے — سو زبان رکھیں ہیں یہ گونگے جز ترے
نعمتوں رزاق عالم کا بیان — کب نہان ہیں اندر اوراق زبان
رات دن افسانہ ڈھونڈھے تو نیا — ہر اجز جز ہے فسانہ گو ترا
جب سے چھوڑا تیرے جز جز نے عدم — چند دیکھیں شادیاں اور چند غم
کیونکہ بے لذت نہ کوئی آئے جز — بلکہ لاغر ہو ہر ایک ہیچ جز
جز رہا عشرت گئی وہ یاد سے — نے گئی بل جسم سے اخفا ہے
جیسے روئی پیدا گرمی سے ہوئی — روئی باقی یاد سے گرمی گئی
یا کہ جیسے پیدا یخ سردی سے ہے — جائے سردی اور یخ باقی رہے
اس صعوبت سے وہ یخ ہو یادگار — پھل خزان کی گرمیوں کے یادگار
ایسے ہی ہر ایک جز جز مشتفا — کھوے نعمت کے ترے تن مین ثنا
جیسے اک عورت کے بیس ہوئیں لڑکے — حال خوش سے دے ہر اک اپنے خبر

سے ا مثل کہ آگے شعر کاہ کے مانند تیرا پاؤن کیچڑ میں پھنسا ہوا اگر تو سرگشتہ ہے ساتھ یاد وہوا کے مانند قوم موسیٰ کے تیہ میں تو چالیس سال رہا ایک جا تو حرص میں دوڑتا
ہر دن بھر مگر خود کو اول منزل پر دیکھتا ہے تو لاکھ برس اس بعد سے نہیں نکلے جب تک عشق اس گوسالہ کا اُن سے نہ گیا گرداب کے مانند وہ تیہ اُن پر رہا سو ہمکو
کے جو تجھکو اس سے ملا ہے لطف و نعمت بے نہایت دکھاتا ہے بھلین سے تو گاؤ طبع ہوا مگر عشق گوسالہ کا دل سے نہیں گیا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲
سے ۵۲ اپنے تو آگے ۷ شعر تو اپنے ہر ایک جزو سے اب پوچھے کہ یہ گونگے جزو تیری سو زبان رکھتے ہیں نعمت رزاق عالم کا بیان اوراق میں نہان ہے
تو رات دن افسانہ نیا ڈھونڈھتا ہے اور تیرا ہر جز افسانہ گو ہے جب سے تیرے جز جز نے چھوڑا ہے چند شادیاں اور چند غم دیکھے ہیں کیونکہ کوئی جز بے لذت
کے نہیں آتا ہے بلکہ ہر ایک ہیچوں سے جز لاغر ہوتا ہے جز رہا اور عشرت گئی یاد سے نہیں گئی بلکہ جسم سے پوشیدہ رہی یعنی تیرے ہر ایک جز کو
لذت عدم سے خبر ہے اگرچہ وہ اب عشرت گئی ہے مگر گئی نہیں تیرے جسم میں پوشیدہ ہے پس تو اس کو خود میں ڈھونڈھ لے آگے اس کی مثل ہے
فافہم ۱۲ سے ۵۴ جیسے روئی آگے ۸ شعر جیسے پنبہ گرمی سے پیدا ہوا وہ پنبہ باقی ہے اور گرمی یاد سے گئی یا کہ جیسے یخ سردی سے پیدا ہے پس سردی گئی اور یخ باقی ہو وہ
یخ اس صعوبت سے یادگار رہے اور میوہ خزان میں گرمیوں سے یادگار ہیں ایسی ہی ہر ایک جز تیرے تن میں [illegible] ثنا کرتا ہے جیسے ایک عورت کے بیس لڑکے ہوں میں
اور ہر ایک اپنے حال خوش سے خبر دیوے بغیر مستی کے حمل نہو دین آشکار زائیدہ باغ کے بار کب ہوں لیکن ان کے ظاہر دیکھ کر دل عشق بازی بہار کے ہیں ہر ایک
تخم ہیچون کی پرورش میں بیان مریم کے مانند حاملہ شاہد ہے پوشیدہ ہر معنی ہر ایک اپنی اصل کی خبر دیتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

حمل نبود سبز مستی و زلاغ	سبز بہاری کی شود زائیدہ لاغ	حمل بے مستی کے نہ ہون آشکار	یا غبب زائیدہ کب ہون بے بہار
حاملان و بچگانش در کنار	شد دلیل عشق بازی بہار	حاملان مع بچے اُس کے آشکار	ہین دلیل عشقبازی بہار
ہر درختی در رضاع کودکان	ہمچو مریم حامل از شاہی نہان	پرورش میں ہر شجر بچون کی یان	مثل مریم حاملہ شہ سے نہان
گرچہ در آب آتشی پوشیدہ شد	صد ہزاران کف برو جوشیدہ شد	گرچہ ہوتی ہے آگ پانی مین نہان	سیکڑون کف جوش سے اُسپر عیان
گرچہ دریا سخت پنہان می تند	کف بدہ انگشت اشارت میکند	گرچہ دریا خود کو پنہان بس رکھے	کف اشارہ انگلیون سے ہے کرے
ہمچنین اجزای مستان وصال	حامل از تمثالہای حال وقال	ایسے ہی اجزاے ستون وصل کے	حاملہ ہین شکل حال و قال سے
در جمال حال وا ماندہ جہان	چشم غائب ماندہ از نقش جہان	منہ کھیٹا ہوے جمال حال مین	دیدے غائب نقش عالم سے ہیں
آن موالید از رہ این چار نیست	لاجرم منظور این ابصار نیست	وہ موالید اب نہین ان چار سے	اس نظارت نے دیکھین وہ اس لئے
آن موالید از تجلی زادہ اند	لاجرم مستور پردہ سادہ اند	وہ تجلی سے ہین پیدا اس لئے	پردہ بیرنگ مین پنہان رہے
زاد گفتیم و حقیقت زاد نیست	وین عبارت جز پئے ارشاد نیست	زاد کہتا ہون حقیقت زاد نے	یہ سمجھنے کے لئے ارشاد ہے
ہین خمش کن تا بگوید شاہ قل	بلبلی مفروش با این جنس گل	اب تو چپ رہ تا کہ کہوے شاہ قل	بلبلی مت کر تو پیش جنس گل
این گل گویاست پر جوش و خروش	بلبلا ترک زبان کن باش گوش	خود یہ گل گویا ہے پر جوش و خروش	بند کر بلبل زبان ہو جا تو گوش
ہر دو گون تمثال پاکیزہ مثال	شاہد عدل اند بر سر وصال	شکل ہر دو نوع پاکیزہ مثال	ہین گواہ عدل بازار وصال
ہر دو گون حسن لطیف مرتضیٰ	شاہد احیاء حشر ما مضیٰ	دونون نوع کی راز پاک مرتضیٰ	فانی اور باقی پہ انکے ہین گواہ
ہمچو یخ کاندر تموز مستجیر	ہر دم افسانہ زمستان میکند	۳ جیسے یخ گرمی کے موسم مین سے	یاد سردی کے فسانہ لطف سے
ذکر آن ایام سرد زمہریر	اندر آن ایام واز مان عسیر	ذکر کرتا ان ہواؤن سرد سے	اندر اس ایام و اُس تکلیف کے
ہمچو آن میوہ کہ در وقت شتا	میکند ز افسانہ لطف صبا	یا کہ جیسے میوہ سردی مین کرے	یاد افسانہ صبا کے لطف سے
قصہ دور تبسمہائے شمس	وان عروسان چمن با اثر لمس	قصہ ایام ہنسنے شمس کا	اور عروسان چمن کے لمس کا

۱ گرچہ الخ ۶ شعر اگرچہ آتش پانی مین پوشیدہ ہوتی ہے ولیکن سیکڑون کف اُسپر جوش سے عیان ہین اگرچہ دریا خود کو پنہان رکھتا ہے کف بجاے انگلی سے کرتا ہے آگے اس کے حقائق ہین ایسے ہی اجزا مستون وصل کے شکل حال وقال سے حاملہ ہین جمال حال مین منہ کھیٹا رہتا ہے اور دیدے نقش عالم سے غائب ہین وہ موالیدان چار عنصر سے نہین ہین اسواسطے وہ اس نظر سے نہین دیکھے ہین وہ تجلی سے پیدا ہین اسواسطے پردہ بیرنگ مین پوشیدہ ہین یعنی تجلیات حالی وقالی اس لفظ ظاہر بین سے نہین دیکھی ہیں کہ بوستان کے ہر ایک جزو سے پیدا ہوتے ہین وہ ظاہر نہین ہوتے بلکہ چشم ظاہر دین مخفی رہتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم
۲ زاد الخ ۵ شعر زاد کہتا ہون حقیقت مین وہ پیدا نہین ہے یہ ارشاد سمجھنے کیلئے ہے اب تو چپ رہ تاکہ شاہ قل کہے اور تیا آگے گل کے بلبلی مت کر یہ گل خود گویا ہے پر جوش وخروش تو زبان کو بند کر اور گوش ہو شکل دو نوع کی پاکیزہ مثال ہے اور عدل بازار وصال کے گواہ ہین دونون نوع کہ راز پاک مرتضیٰ کے فانی اللہ و باقی باللہ ہر گواہ ہین یعنی اور یا اللہ تک دونون حال وقال انکے فنا اور بقا ہونے پر گواہ ہین آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ ۳ جیسے الخ ۴ شعر جیسے یخ گرمی کے موسم مین یاد کرتا ہے فسانہ لطف سردی سے ذکر کرتا ہے اُن ہواؤن سرد سے اندر اس ایام اس تکلیف کے یا جیسے میوے سردی مین یاد کرتے ہین فسانہ لطف صبا سے قصہ ایام ہنسنے شمس کا اور عروسان چمن کے لمس کا پس وہ حال کیا اور جزو نے گا ر دیا تو اُس سے پوچھ یا خود شمار کر جب کہ غم تجکو گھیرے تو پستی سے اُس دم ناامیدی سے پرہیز کر اُس دم نے کہا کہ اے شم منکر حال کی غذا انعام حق سے ہے یعنی اگر وہ حال گیا اور جزو باقی رہا تو اُس جزو سے پوچھ یا خود مین شمار کر کیا آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

حال رفت و ماند جز وقت یادگار	یا ازو وا پرس یا خود یاد آر	وہ گیا حال اور رہا جز یادگار	یا تو پوچھ اس سے و یا خود کر شمار
چون فسو گیرد غمت کز جستی	زان دم نومیدہ کن وا جستی	جبکہ غم گھیرے سبب تجھے جستی سے تو	اُس دم تو میدسے کر جستجو
تفتیش اے غصۂ منکر بحال	را تبہ انعام ہا را زان کمال	بولا وہ اسے خشم منکر حال کے	ہیں عنا انعام حق سے جان لے
ہر دمت گر نیست بہار و خرمیست	ہمچو چاش گل تنت انبار چیست	کیا بہا[1] عش سے ہر دم تجھے	تو وہ گل سا تن یہ کیوں انبار ہے
چاش گل تن فکر تو ہمچون گلاب	منکر گل شد گلاب اینست عجاب	جسم تو وہ گل تری فکر اسکا گلاب	منکر گل ہو گلاب ہے یہ عجاب
از کپی خوبان کفران کرد دریغ	بر نبی خوبان نثا ساز مہر و میغ	اُن کپی خوسے دریغ افسوس ہے	یا نبی خوسے کہ مہر اُن پر مرے
آن لجاج و کفر قانون کپی ست	وان سپاس و شکر منہاج نبی ست	ہے خوشامد کفر قانون کپی	اور سپاس و شکر ہے راہ نبی
با کپی خوبان تسکہا چہ کرد	با نبی رویان تسکہا چہ کرد	بس تتنک کیا کپی خوسے گئے	بس تفضل کیا نبی رو سے گئے
در عمارتہا سگانند و عقور	در خرابیہاست گنج عز و نور	سگ ہیں آبادی کے اندر پُر شرر	اور خرابی میں ہے گنج عز و نور
گر نبودی این فروغ اندر خسوف	گم نکردی راہ چندین فیلسوف	گر نہ تا یہ فروغ اندر خسوف	ہوتے کب گمراہ اتنے فیلسوف
زیرکان و موشگافان زہی	دیدہ بر خرطوم داغ ابلہی	زیرک و دانا سے از راہ آگہی	دیکھا پیشانی پہ داغ ابلہی

قصۂ فقیر روزی طلب بے کسب و دعای او و مستجاب شدن

قصۂ[2] فقیر روزی طلب بے کسب کا اور مستجاب ہونا اُسکی دعا کا

آن یکی بیچارہ مفلس ز درد	کز بیخبری ہزاران زخم خورد	ایک[3] عاجز بے نوا کو درد سے	زخم بے خبری سے بس لاکھوں ملے
لابہ کردی در نماز و در دعا	کای خداوند و نگہبان رعا	عجز سے کرتا نماز اندر دعا	کہ اے گلہ کے نگہبان اے خدا
بے ز جہدی آفریدی مرمرا	بے فن من روزیم دہ زین سرا	پیدا بے کوشش کیا تو نے مجھے	اس جہان میں روزی تو بے کسب دے
پنج گوہر دادیم در درج سر	پنج حس دیگرے ہم مستتر	پانچ گوہر سر کے ڈبہ میں رکھے	پانچ حس پنہان دیے اور دوسرے

[1] کیا بہا و عیش آنچہ شعر اگر تجکو بہار و عیش ہر دم نہین ہے تو یہ تو وہ سا گل کیون انبار ہے جسم تو وہ گل اور فکر تیری گلاب ہے اب گلاب منکر گلاب ہو تعجب ہے ان بندر خوسے دریغ و افسوس ہے یا کہ نبی خوسے کہ شمس ان پر مرتا ہے خوشامد و کفر ہے قانون بندر کا اور سپاس و شکر ہے راہ نبی کی بس کیا ٹھیک بندر خوسے گئے اور بس کیا تفضل نبی رو سے آبادی مین سگ پر شرور ہین اور خرابی مین گنج عز و نور اگر یہ فروغ راحت کا خسوف تکلیف نہ ہوتا کب گمراہ ہوتے اتنے فیلسوف زیرک و دانا نے از راہ آگہی کے پیشانی پر داغ ابلہی کا دیکھا یعنی جو لوگ کہ دانا و زیرک ہین وہ از راہ آگہی کے آثار بیوقوفی کے پیشانی سے دیکھتے ہین پس اُس حال و قال کو خود ہی بھی شمار کرتا ہے فافہم ۱۲

[2] قصہ ششم یار کو اپنے آپ مین

[3] ایک عاجز آنچہ سہ شعر ایک عاجز بینوا کو در بیخبری سے لاکھوں زخم ملے تا زمین عجز سے دعا کرتا کہ اے نگہبان گلہ و اے خدا تو نے بے کوشش مجھے پیدا کیا پانچ گوہر سر کے ڈبہ مین رکھے اور دوسرے پانچ حس پوشیدہ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

لاتعد این داد و لاتحصی ز تو — من کلیل از بیانش شرم رو
چونکه در خلاقیم تنها توئی — کار رزاقیم هم کن مستوی
سالها کرد این دعا بسیار شد — عاقبت زاریش هم بر کار شد
همچو آن شخصی که روزی حلال — از خدا میخواست بی کسب و کلال
گار آوردش سعادت عاقبت — دور داؤد و لدنی معدلت
آن چنیم نیز زاریها نمود — هم ز میدان اجابت گو ربود
گاه بدظن میشدی اندر دعا — از پی تاخیر پاداش و جزا
باز ارجای خداوند کریم — در دلش بشارتی گشتی زعیم
چون شدی نومید در جهد و کلال — از جناب حق شنیدی که تعال
خافضست و رافعست این کردگار — بی ازین دو برنیاید هیچ کار
خفض ارضی بین و رفع آسمان — بی ازین دو نیست دورانش ای فلان
خفض و رفع این زمان نوع دگر — نیم سالی خشک و نیمی سبز و تر
خفض و رفع روزگار با کرب — نوع دیگر نیم روز و نیم شب
خفض و رفع این مزاج ممتزج — گاه صحت گاه رنجوری مضج
همچنین دان جمله احوال جهان — قحط و خصب و جنگ و صلح و افتنان
اینجهان با این دو پر اندر هواست — زین دو جانها موطن خوف و رجاست
تا جهان لرزان بود مانند برگ — در شمال و در سموم و بعث و مرگ
تا خم یک رنگی عیسی ما — بشکند نرخ خم صد رنگ را

لاتعد[۱] یہ داد و لاتحصی تری — میں ہوں گونگا شرح سے اس جود کی
جو تو خلاقی میں تنہا ہے مرے — رزق بھی مجکو مساوی اب تو دے
سالہا اُس نے یہی کی بس دعا — اُسکی زاری نے اثر آخر کیا
جسطرح وہ شخص کہ روزی حلال — چاہتا تھا حق سے بے کسب و کلال
کار اُسنے آخر دین اُسکو نیکیاں — دورہ داؤد نبی تھا اُسزمان
بس کی اس مشتاق نے بھی التجا — گوے میدان اجابت لیگیا
گاہ بدظن[۲] ہوتا وہ اندر دعا — باعث تاخیر پاداش جزا
پھر خداوند جہاں کی بس رجا — اُس کے دل میں ہوتی خوشخبری رسا
ہوتا جو کوشش میں نومید و ملال — بس جناب حق سے سنتا کہ تعال
زیر و بالا کرنے والا ہے خدا — کام ان بے دو کے نے ہو روا
دیکھ پستی زمین رفع سما — گردش اُسکی کب ہے بن ان دو کے سوا
زیر و بالا اس زمین کا دور ہے — خشک چھ مہ سبز تر چھ مہ رہے
زیر و بالا ہے زمانہ کا بس اور — آدھا دن اور آدھی شب ہے کر تو غور
زیر و بالا اس مزاج جسم کا — گاہ صحت اور گہ رنج و بکا
ایسے[۳] ہی کل حال ہر عالم کا جان — قحط و ارزانی و صلح و جنگ تان
اڑتا ہے ان دونوں پر سے یہ جہان — ساکن خوف و رجا ان دو سے یہاں
تا جہان لرزاں ہے مثل برگ کے — باد و سرد و گرم بعث و مرگ سے
پیر سے عیسیٰ کا خم یک رنگ کا — توڑتا ہے نرخ خم سو رنگ کا

سرمگین آنکھ مین پتلی کو دکھا نور کلیم | ڈھیلا آنکھون کا اگر طور ہوا خوب ہوا
چشم غم دیدے تیرے مئے وحدت پیکی | دیدے سے دیدہ جو انگور ہوا خوب ہوا
کیفیت ڈالک کی اب خوب نظر آئے گی | یہ نگین رخ کا جو بنور ہوا خوب ہوا
کفر و اسلام چھٹا عشق مین یوسف تجھے | رات دن کا یہ خلش دور ہوا خوب ہوا

نہ کھٹکا دلسے یہ تیرے

الف صلوا علی اولی العربی	سید الانبیاء ذوالعجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینے کے چاند پر تو مدام
ہے حدیثون مین یہ قول مصطفےٰؐ	کنت کنزاً مخفیاً حق نے کہا	یعنی اک نور اُس نے با جملہ صفات	ظاہر اپنے سے کیا مانند ذات
سب شیونات اسمین تو موجود تھے	ورنہ ظاہر خوب وہ اس سے ہوے	دوسرے اُس نے تجلی پھر کری	صبح کاذب کی طرح بس وہ دکھی
گرچہ اعیان اُسمین بھی موجود تھے	حسب دلخواہ یہ نہین ظاہر ہوے	تیسرے اُس نے تجلی کی وہان	مثل دن کے ہوگیا سب کچھ عیان
یعنی اعیان اور شیونات عیان	روح بن کر ہوگئے بالکل عیان	پہلا جلوہ عالم لاہوت تھا	دوسرا وہ عالم جبروت تھا
تیسرے ملکوت مین جلوہ کیا	دیکھا تب ارواح کو بس خوشنما	چشم نورانی مین اُن سب کو کہا	اور الست ربکم سب کو کہا
یعنی اس رہ سے بنایا آپ کو	کہ مین رب ہون تمھارا جان لو	سب نے اُس دم تب کہا قالو بلیٰ	یعنی تو رب ہے ہمارا اے خدا
صف بصف ہو کر اُسے سجدہ کیا	کھل گیا سجدہ سے سب اچھا بُرا	جس نے سجدہ اول و آخر کیا	وہ مسلمان اور مسلم ہوگیا
جس نے سجدہ ایک اول کو کیا	پہلے مسلم بعدہ کافر گیا	جس نے سجدہ ایک آخر کو کیا	پہلے کافر بعدہ مسلم گیا
دونون سجدون سے کہ جو حاصل ہوا	اول و آخر مین وہ کافر گیا	نور سے پھر نار کو پیدا کیا	نار سے پھر باد کو افشا کیا
بادسے پھر آب کو ظاہر کیا	آب سے پھر خاک کو ظاہر کیا	جسم آدم اُن سے پھر پیدا کیا	اور اس مین روح کو لا کر رکھا
اُس کو مسجود ملائک خود کیا	اور نفخت فیہ من روحی کہا	روح پیدا نور احمدؐ سے ہوئی	حق نے روح اپنی اُسے کیسے کہی
سجدہ پہلے روح نے کس کو کیا	کون مسجود ملائک پھر ہوا	پس ہوا ثابت کہ نور احمدیؐ	با صفات ذات روح آدم کی تھی
نور احمدؐ جبکہ نور حق سے ہے	روح آدم ہوگئی اللہ سے	نحن اقرب کہتا ہے وہ اسلئے	جسم آدمؑ گو کہ روح حق کی لگی
نور اللہ کا ہے نور احمدیؐ	نور احمد روح آدم کی ہوئی	حسن آدم زاد مین اُجلا ہی	جلوہ کرتا ہے بجانے پر کوئی
حسن کے جو رمز سے ہین آشنا	وہ ہین بیشک عاشقان مصطفےٰؐ	بھید اسکا اس غزل سے جان تو	تا صفائی ہووے تیری جان کو

غزل

محمد کی حقیقت کو ذرا جانا نہ پہچانا | خدا سے اُنکو باطن مین جدا جانا نہ پہچانا

سراپا جلوۂ حق ہیں وہ نور ذات مطلق ہیں — بشر کی شکل صورت میں گویا جانا نہ پہچانا
خدا کا نور احمدؐ میں بنا کر جسم کا پردہ — ترسٹھ سال دنیا میں رہا جانا نہ پہچانا
فرشتوں نے اُنھیں سجدہ کیا تو شکل آدم میں — مگر کچھ حسن کو اُن کے ذرا جانا نہ پہچانا
سنا حوروں نے پردہ سے اُس آواز اُسی کو — کہ کہتا کون ہے اس کو خدا جانا نہ پہچانا
احد کا بیخودی سے دیکھ تو تشکیل احمد کو — محمدؐ کو خودی سے گر جدا جانا نہ پہچانا
نظر کر حسن احمدؐ کو اے یوسف چشم معنی سے — زلیخا کی طرح گر ظاہرا جانا نہ پہچانا

الف صلوا علی اولی العزم | سید الانبیا و العجمی | بھیج لاکھوں درود اور سلام | اس مدینہ کے چاند پر تو مدام

راوی لکھتا ہے کہ حسن عشق کا
جب کہ حسن و عشق کو ظاہر کیا
اس امانت کو اُٹھائیں ہم اگر
پر نہ جانا پہلے حسن و عشق کو
پیدا اُن کے دل سے حوا کو کیا
جیسے پہلے عشق کو تسکین ملی
مرد کی صورت اگرچہ خاص ہے
گویا آدم عشق و حوا حسن ہے
جبکہ حوا سے ہوئے آدم جدا
آدم عشق و حسن سے بالا ہوا
پیدا آدم عشق بازی کو ہوا
مصطفےؐ کو ظاہر اللہ نے کیا

نور اُس خالق نے جب پیدا کیا
اور ہر عالم سے کہیں اُسنے لیا
ٹکڑے ٹکڑے ہو ہمارا جسم و سر
کہ یہ کیا ہے چیز اور کیا اسے کہو
آنکا تب جنت میں آخر دل لگا
ویسے ہی اس شکل سے تسکین ہوئی
لیک عورت بھی اخص الخاص ہے
حسن سے عشق اسلئے رغبت رکھے
تب یہ بھید آخر کو آدم پہ کھلا
آدم حسن و عشق کا پتلا ہوا
ورنہ طاعت کو ملائک کم تھے کیا
اب کرے ظاہر خدا کو مصطفےؐ
اس غزل سے جان تو اس بھید کو

تب امانتدار اُس کے واسطے
آسمان و کوہ نے حق سے کہا
بوجھ بھاری تب وہ آدمؑ نے لیا
گرچہ جنت میں تھیں ساری نعمتیں
گویا اُن سے حق نے صورت حسن کی
اس لئے ہوتا ہے عورت کو حجاب
حسن جو کہ عشق کو مرغوب ہے
سارا عالم پیدا حسن و عشق سے
کہ جہان اس حسن کی خاطر بنا
عشق سے انسان ہوا ہی بس شریف
ہے وہ عشق و حسن نور احمدی
بھید حسن و عشق کا اُس پہ کھلا
تا سمجھے انسان کی کچھ قدر ہو

آک ہوا درکار تا کہ اُسکو دے
کہ یہ ہم سے بوجھ بھاری کب اُٹھا
آگے حق کے ظالم و جاہل ہوا
پر نہ تھیں آدم کو اس سے فرحتیں
پیدا کر کے عشق کو تسکین دی
مرد سے کہ حسن سے لاتا ہے تاب
مرد کو زن اس لئے محبوب ہے
جو نہ جانے وہ نہیں انسان ہے
اور کیا مجکو بھی جنت سے جدا
حسن سے انسان ہوا ہی بس لطیف
جسم میں کرتا ہے وہ جلوہ گری
جس کے رہبر انبیا و اولیا

غزل

شکل انسان میں چھپا ہے تن و جانان یا ہو — جلوۂ ذات خدا ہے تن و جانان یا ہو
اس لئے مظہر نیرنگ ہوا ہے عالم — رنگ میں رنگ ملا ہے تن و جانان یا ہو
مظہر نور خدا ہے جو محمدؐ کا ظہور — نور احمد سے بنا ہے تن و جانان یا ہو
چاند سورج کی ضیا سے ہے جہان سب روشن — کوئی کیا جانے کہ کیا ہے تن و جانان یا ہو

اب مجھے شک نہین اثبات ونفی پر اپنی
شمع فانوس مین روشن ہے بدن کے اندر
یوسفؔ اب چشم حقیقت کو ذرا کھول کے دیکھ

کلمہ گو یون سے بنا ہے تن وجانان یا ہو
نورمین نور بھرا ہے تن وجانان یا ہو
ذات حق جلوہ نما ہے تن وجانان یا ہو

الف صلوا علی اولی العربی
سید الانبیا والعجمی
بھیج لاکھون درود اور سلام
اس مدینہ کے چاند پر تو مدام

راویون نے ہی روایت مین لکھا
شیث کو جبکہ وہ آدم سے ملا
نوحؑ کو ادریسؑ سے جبکہ ملا
جب کہ اسمعیلؑ نے پایا وہ نور
پاک پیٹ اور پاک پیٹھ انکی ہوئی
کیونکہ ظاہر پیٹ پیٹھ حضرت کہین

نور احمد منتقل ایسے ہوا
جانشین آدم کا اس کو کر دیا
اُس سے بیڑا پار نوحؑ کا ہوگیا
تب رہا آخر وہ قربانی سے دور
اور اُنھین کعبہ کی سرداری ملی
اپنے اجدادون کو جانو پاک ہین

یعنی جب کہ پہونچا وہ آدم تلک
شیثؑ سے جب وہ ملا ادریسؑ کو
نوحؑ سے جب پایا ابراہیمؑ نے
مطلب ہاشم وعبد اللہ تک
گرچہ دکھتے تھے وہ ظاہر کفر سے
حقیقت انکی جانے وہ کوئی

کر دیا آدم کو مسجود ملک
داخل جنت کیا ادریس کو
ہوگئی گلزار نار اُس نور سے
منتقل ہو کر وہ آیا ایک ایک
بر بقول مصطفےٰ وہ پاک تھے
کھل گیا ہے جب یہ سرِّ احمدی

غزل

نور احمدؐ کو جا بجا دیکھا
کہین تھا نوح اور اسمٰعیل
کہین تھا آمنہ وعبد اللہ

کہین شامل کہین جدا دیکھا
کہین جلوہ خلیلؑ کا دیکھا
اور کہین شکل مصطفےٰؐ دیکھا
کیون نہ ہو امن اسکی ای یوسفؔ

کہین آدمؑ تھا اور کہین تھا شیثؑ
کہین عبد مناف اور ہاشم
جبکہ عبد اللہ سے ہوا پیدا
آمنہ جا بلب مجتبےٰ دیکھا

کہین ادریسؑ باحیا دیکھا
اور کہین مطلب بنا دیکھا
خاص بندون کا پیشوا دیکھا

تا بعبد اللہ اجداد نبیؐ
گویا سب خاکے تھے اس تصویر کے

خوبصورت اور حسین آئے سبھی
اور محمدؐ رنگ اُن خاکون کے تھے

حسن احمد کا تھا یہ سارا ظہور
اس لئے مجمع نبی احمدؐ ہوے

کہ چمکتا تھا ہر اک سے آب نور
اس لئے مرجع نبی احمدؐ ہوئے

غزل

ظہور خدا ہے جو شکل محمدؐ
سمائی ہے اس شکل مین سب کی صورت

ہے ہمشکل سب کے تو وہ شکل محمدؐ
ہے مجمع نبی دیکھو شکل محمدؐ
کھلے حسن کا راز اسپر ای یوسفؔ

بنائین بہت صورتین انبیا کی
صفات انبیا اُنکی اسمین ہی ظاہر
کہ آنکھون مین جسکی ہو شکل محمدؐ

نبی تب وہ آخر کو شکل محمدؐ
کہ منبع ہے سب کی وہ شکل محمدؐ

ایک صوفی معترض سنکر ہوا
جزو مین کل ہرگز آسکتا نہین
گر رہا باہر تو نور احمدیؐ

نور احمدؐ منتقل کیون کر ہوا
بحر قطرہ مین سما سکتا نہین
آیا آدم مین وہ تھوڑا نہ بھی

نور احمدؐ سے تو سب عالم بنا
نور وہ گر جملہ آدم مین گیا
جسم احمدؐ مین وہ نور احمدیؐ

نور احمد کیسے آدم مین گیا
باہر عالم کیسے آدم سے گیا
ناقص اس عالم مین آئے کیا ابھی

جان تو اس بات کو اے مدعی
نور کی تقسیم سے نے ہوتی کبھی

جو بسیط ہو وہ نہیں قسمت پذیر
تیری کج فہمی ہے اے نادان فقیر

نور احمد کا تھا با جملہ صفات
تھے شیونات اور اعیان اسکے سات

ہر شیونات اس سے باہر ہو گیا
نور احمد اُس کے اندر ہو گیا

جیسے اندر نور ہے خورشید کے
اور نکلا نور ہے خورشید سے

قرص خور کی کچھ نہیں قسمت ہوئی
پہ حقیقت مصطفےٰ کے نور کی

یا کہ خط نقطہ کے اندر ہو نہان
نقطہ پنہان ہو جو خط ہوئے عیان

تاکہ ہمراہی ہے روغن شیر کے
اور نہیں کچھ شیر سے روغن جدے

لیکن آدم سے وہ نور احمدی
مصطفےٰ کے جسم تک آیا سبھی

ہاں شیونات اُس سے ظاہر ہو گئے
جو کہ اندر تھے وہ باہر ہو گئے

بھید اسکا آنکھ کی تل اٹھی
یہ وہ جانے چشم باطن جب کھلے

اس غزل سے جان تو اس راز کو
تاکہ راز حق سے واقف کچھ تو ہو

غزل

گلاب ریز تھا پہلے گلاب کے اندر
گلاب پیش ہے اب تو گلاب کے اندر

حباب سب کی نظر میں ہے آب کے اندر
ہے آب دیدہ میں اپنی حباب کے اندر

یہ قال حال فقیروں کا حال قال نہیں
کہ حال قال نہیں ہے کتاب کے اندر

خدائی کیوں نہیں حاصل ہو خاکسار و نہیں
بھرا ہے گنج خدا بو تراب کے اندر

خدا کی باتیں وہ کرتا ہے ہم سے در پردہ
ہمیں کچھ اور ہی شک ہے حجاب کے اندر

عذاب ہو گئی دنیا ہوا ہے جنت میں
پڑے ہیں شیخ جی اچھے ثواب کے اندر

جفائے دوست سے یوسف عزیز مصر ہو
خطاب ملتا ہے آخر عتاب کے اندر

یہ روایت فاطمہ زہرا سے ہے
تھی میں خدمت میں رسول اللہ کے

آپ نے از راہ شفقت کے اٹھا
اپنا عمامہ میرے سر پر رکھا

چشم باطن اُس سے میری کھل گئی
کشف عالم ہو گیا مجھ پر سبھی

دیکھا میرا جسم کل عالم میں ہے
ناری اور ساری نہ خاکی کوئی ہے

جبکہ آل مصطفےٰ کا ہو یہ حال
پھر رسول اللہ میں کیا قیل و قال

غزل

جب آنکھ کھل گئی مجھے وحدت نظر پڑی
باطن میں احد و احمدی صورت نظر پڑی

کہتا ہے اب حباب یہ دریا سے دمبدم
کھلتے ہی آنکھ کے تری عظمت نظر پڑی

مرنے کے بعد زندگی جاوید کی ملی
جاتا تھا زندگی جسے غفلت نظر پڑی

ڈوبا پڑا ہے بحر میں وحدت کے سے جہان
گرچہ مثال موجوں کی کثرت نظر پڑی

خود کو فنا کیا تو دکھا نور مصطفےٰ
یوسف جہان کی یہ نہایت نظر پڑی

الف صلوا علی الاولی العربی
سید الانبیاء و العجمی

بھیج لاکھوں درود اور سلام
اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام

جبکہ عبد اللہ کو ہو چکا شباب — نور احمد سے ہوا ایا آب و تاب
یوسف ثانی تھا گویا حسن مین — مصر کی سب تھین خریدار عورتین
وہب نے تب چاہا عبد اللہ کو دون — چاند کو سورج سے مین باہم کرون
شادی عبد اللہ کی کرنا ہے ضرور — مفسدہ تا عورتون کا ہووے دور
ہو گئین سو جان سے عاشق اپنی وہ — دیکھا اُنہین جو ظہور حسن کو
جس کے مان اور باپ ایسے ہون حسین — کیون نہو محبوب رب العالمین

عورتین کرتی تھین اکثر خواہشین — کہ نکلے اُس ماہ انور سے کرین
آمنہ تھین جو کہ بیٹی وہب کی — حسن مین لاثانی دولت سے غنی
جبکہ عبد المطلب نے یہ سنا — اپنی بی بی فاطمہ سے بس کہا
وہب کے یان فاطمہ جبکہ گئین — آمنہ کو دیکھا از بسکہ حسین
مانگی لڑکی وہب بھی راضی ہوا — دونون نے سامان شادی کا کیا
کیونکہ حسن و عشق کی وہ اصل مین — نور اللہ مین بباطن وصل مین

غزل

محمد سا کوئی نہین خوبرو ہے — کہ یوسف کو جسکی بہت جستجو ہے
محمد کے یان پر ہین سارے تماشے — خدا کے یہان ہمنے دیکھا ہو بہو ہے
حقیقت سے جو دل ہے آگاہ یوسف

کوئی ہمکلام اُنسے کیا منہ کہ ہووے — کلام خدا اُنکی سب گفتگو ہے
لبھاتی ہے دل کو یہ آواز کس کی — خوش آواز ثانی ہے نے خوش گلو ہے
وہ ہر گل مین پاتا محمد کی بو ہے

الف صلوا علی ادنی العربی — سید الانبیاء و عجمی
بھیج لاکھون درود اور سلام — اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام

الغرض کہ شادی عبد اللہ کی — آمنہ خاتون سے جبکہ ہوئی
جبکہ باہم مل گئے وہ نیرین — جوش حسن و عشق آیا جانبین
جب کمال آتا ہے حسن و عشق کو — راز کھلتا ہے نہین چھپتا ہے وہ
یعنی وہ نور محمد مصطفےٰ — جو کہ مطلق تھا مقید ہو گیا
چاند مین سورج سے جو آتا ہے نور — انکی ظلمت کو وہ کر دیتا ہے دور
سارے بت روے زمین کے گر گئے — خود ہی منہ خجلت سے انکے پھر گئے
آمد آمد جب ہوئی اس شاہ کی

مر گئین اکثر عرب کی عورتین — رشک سے جنکو کہ تھین یہ خواہشین
عشق نے چاہا کہ ہو پردہ دری — حسن نے چاہا کہ ہو پوشیدگی
بس نتیجہ ہو گیا اُسکا عیان — عشق کیہرے حسن صغری تھا نہان
بس نکلکر پشت عبد اللہ سے — آمنہ خاتون مین آیا جسم لے
کفر کی ظلمت کو بس اس ماہ نے — دور زائل کر دیا آفاق سے
نور سے معمور عالم ہو گیا — اور ہر اک جنت کا دروازہ کھلا
اک بہار عالم نو پیدا ہو گئی

غزل

عشق احمد کیون نہووے دل پہ طاری اندنون — باغ حق مین چل رہی باد بہاری اندنون
تنگ ہی ہے آنکھ اُس کو نرگس بیمار کی — چشم حیران سے ہے ظاہر انتظاری اندنون
آئینہ رویون مین دکھتا ہے جو عکس روے یار — کیا لگا تیر نگہ اب دل پہ کاری اندنون
یاد ہم تمکو کرین اور تم نہ پوچھو کچھ ہمین — رہ گئی کیا یہ ہی صاحب وستداری اندنون
پوچھتا کوئی نہین حال زلیخا مردہ دل — حسن یوسف کا ہے چرچا یا نہ جاری اندنون

الف صلوا علی اولی العربی	سید الانبیاء والعجمی	بھیج لاکھوں درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
حاملہ جب آمنہ خاتون ہوئی	پانی برسا اور گرانی سب گئی	اُس برس ہر ایک کے لڑکا ہوا	اور درخت خشک میں میوہ لگا
پر سفر دنیا سے عبداللہ نے	آپ سے پہلے کیا افسوس ہے	رنج تھا سب کو ہوئے حضرت یتیم	گرچہ رکھتا قدر ہے دُرِّ یتیم
پر خدا کی اسمین حکمت تھی نہان	کہ نہ رکھتا باپ کو اندر جہان	ظاہر الحکمت یہ تھی کہ زندگی	بس تھی عبداللہ کی نور احمدی
رحم مادر مین جب آئے وہ رحیم	مرگئے مرحوم باپ اور خود یتیم	گویا نور احمدی سے جیتے تھے	جان کی جا نور احمد رکھتے تھے
راز گر میلاد احمد کا لکھون	سامعین کو ہوئے حیرت اور جنون	خوب کہتا ہے یہ راز معنوی	پردہ میلاد مین تو یوسفی

غزل

میلاد محمد کا بیان ہو نہیں سکتا	اک راز نہان ہے کہ عیان ہو نہیں سکتا
دل چہتا ہی محفل مین بیان کچھ تو کرون راز	پر کیا کرون ہمرازِ جہان ہو نہیں سکتا
پروانہ کے مانند جلا عشق نبی مین	پر شمع صفت راز نہان ہو نہیں سکتا
جون اہل عرب کرتا مین میلاد کی محفل	پر کیا کرون افسوس نہان ہو نہیں سکتا
میلاد نبی مین کہا کل راز حقیقت	اب اس سے سوا ذکر زبان ہو نہیں سکتا
دل زندہ کیا کرتی ہے تذکیر محمد	پر تجھ سے ہمیشہ مرِ جان ہو نہیں سکتا
میلاد کے پردہ مین وہ لکھتا ہو حقیقت	یوسف کی طرح ہمسے بیان ہو نہیں سکتا

الف صلوا علی اولی العربی	سید الانبیاء والعجمی	بھیج لاکھوں درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
آمنہ کہتی ہین مجکو حمل کے	چھ مہینے تک نہ کچھ آثار تھے	خواب مین دیکھا کہ کہتا ہی کوئی	حاملہ تو فخر عالم سے ہوئی
جبکہ پیدا ہو تیرے طفل نکو	بس محمد نام رکھنا اس کا تو	حمد بس ثابت محمد پر ہوئی	کہ یہ کل تعریف ہین اللہ کی
آگہی ہوتی ہے جو تعریف سے	مصطفے پہچان حق کی ہو گئی	اس لئے اللہ نے از خود رکھا	نام اُنکا بس محمد مصطفے
صاف ظاہر ہے کہ اللہ کے سوا	کون کرتا ہے یہ تعلیم و ہدا	کیونکہ یہدی اللہ کہتا ہی خدا	مت ہدایت جانو تم حق کے سوا
مہ ربیع الاول آیا اور ہوا	بارھوین تاریخ جو دن پیر کا	عالم افلاک مین ہل چل پڑی	عالم جنات مین کھل بل پڑی
جنتوں کے سارے دروازے کھلے	دوزخون مین قفل بھاری پڑگئے	بس منادی اور ندا کرنے لگا	کہ خبر دار آگئے ہین خیر الورا
اور فرشتون کے لگے سب جانور	دینے آپسمین ہر اک کو خوش خبر	آسمان ٹھہرا ہوا بس رک گئی	تھم گیا پانی و آتش بجھ گئی
آسمان پر سب ستارے تھم گئے	اور نحوست سے وہ بالکل چھٹ گئے	با ہزاران شوکت و جاہ و جلال	اور لاکھون تمکنت و عز و کمال
احمد مرسل محمد مصطفے	سید عالم مین ہوئے صل علی	اُٹھ کھڑے ہو مومنو تعظیم کو	اور جھکا دو اپنا سر تسلیم کو

غزل

طلوع مہر نبوت سے خوش جہان ہے آج — شعاع نور سے اُس کے پر آسمان ہے آج
فضائے عرش برین کیون نہووے عرش برین — کہ لامکان کا مکین صاحب مکان ہے آج
جہان کیون نہین گھر کو خدا کے اب پوجے — خدا کے گھر مین جو میلاد شہ جہان ہے آج
سنا ہے جبسے کہ پیدا ہوے رسول خدا — خوشی سے پھولا سماتا نہ انس و جان ہے آج
سیاہی کفر و ضلالت کی کب رہے باقی — نبیؐ کے نور سے معمور دو جہان ہے آج
جہان مین جو کہ دکھاتی ہے صورت رحمت — خدا تمام خلائق پہ مہربان ہے آج
درود بیٹھ کے اب پڑھ تو اس جگہ یوسفؔ — ظہور نور محمدؐ کا جو بیان ہے آج

صل یا رب علی خیر الانام — الف مرة ثم مثلها السلام
بھیج تو یا رب درود ہم سلام — مصطفےٰ پر آل پر اُنکی مدام

مبارکباد

جلوۂ مصطفےٰ مبارک ہو — رحمتِ کبریا مبارک ہو
تیرہ واللیل سے ہوا پیدا — نور شمس الضحیٰ مبارک ہو
ہاجرہ آمنہ سے کہتی تھین — تجھ کو بچہ ترا مبارک ہو
مطلب سے ہر ایک کہتا تھا — احمد مجتبیٰ مبارک ہو
گھر مین اللہ کے ہوا پیدا — مالک دوسرا مبارک ہو
دوست خوشحال دشمنان پامال — ہے یہ میری دعا مبارک ہو

آئے عالم مین جو شہِ والا — جشن میلاد کا مبارک ہو
نخل امید مین ثمر آیا — مرحبا مرحبا مبارک ہو
زچہ گیری ہر ایک گاتی تھی — پھولو پھیلو سدا مبارک ہو
نام ہاشم کا اس سے چمکے گا — یہ دُر بے بہا مبارک ہو
باغ دنیا کا ہو تر و تازہ — ہے یہ بادِ صبا مبارک ہو
مانگ اسوقت یہ دعا یوسفؔ — تیرا میلاد تا مبارک ہو

سلام

السلام اے بادشاہ دوجہان — السلام اے سرورِ کون و مکان
السلام اے رحمۃ للعالمین — السلام اے مقتدائے مرسلین
السلام اے نور اللہ السلام — السلام اے عرش کے مہ السلام
عشق دنیا مین میرا حامی بنے — عشق عقبیٰ مین میرا حامی بنے
عشق کے ہمراہ دنیا سے چلون — عشق کے ہمراہ مین تُسے ملون
عشق سے ہون یار میرے باصفا — عشق سے ہو آل میری باوفا
الف صلوا علی اولی العربی — لو سلام اب یا محمد لو سلام
سید الانبیاء و العجمی

السلام اے انبیا کے پیشوا — السلام اے اولیا کے رہنما
السلام اے شافع روز جزا — السلام اے حامی اہل سزا
عرض اس بندے کی اب ہووے قبول — حسن کی ہووے دیدار رسول
عشق دنیا مین مجھے رکھے عزیز — عشق عقبیٰ مین مجھے دیوے تمیز
عشق دنیا مین مراد لدار ہو — عشق عقبیٰ مین مراد یدار ہو
عشق یوسف کو کرے اُنکا عزیز — حسن یوسف کو کرے یا انکا عزیز
آپ پر یوسفؔ کا ہو ہر دم سلام
بھیج لاکھون درود اور سلام — اس مدینہ کے چاند پر تو مدام

جبکہ دنیا مین محمد مصطفےٰ
دین کے نقارے عالم مین بجے
دور ظلمت کی خزان ہوئی اکبار
تین شخص آئے وہان پر غیب سے
جامہ پہنا کر کے حضرت سے کہا
صاف آلایش سے دنیا کی اُسے
جسم نورانی ہے شعلہ شمع کا
اس طرح تھا جسم احمدؐ کا حلیم

جلوہ فرما آئے با عز و علا
احمدی جھنڈے سے کفر بیجا ہوئے
مہ ربیع کا آیا اور چمکی بہار
طشت جامہ اور صراحی کو لئے
علم اول آخر اب تم کو ملا
ظاہر و باطن کیا اللہ نے
شعلہ کٹ سکتا نہین ہے ظاہرا
علم دیتا تھا خدا کا وہ کلیم
یہ غزل پڑھتا تھا ہر اک شوق سے

نور سے معمور عالم ہو گیا
آگ فارس کی قدیمی بجھ گئی
یہ روایت آمنہ خاتون سے ہے
پس محمدؐ کو بٹھا کر طشت مین
یعنی آب نور سے اُس نور کا
جسم اطہر شمع کی مانند تھا
خانۂ تاریک کو روشن کرے
ورنہ پاک آیا تھا تن اُنکا یہان
جو محمدؐ پیدا عالم مین ہوئے

کفر کی ظلمت کو زائل کر دیا
بحر ساوا کی گئی بالکل تری
کہ محمدؐ جس گھڑی پیدا ہوئے
سات بار اُن سے نہلایا غسل
غسل دیکر جسم نورانی کیا
اس لئے نکلا تھا پتلا آپ کا
علم ہر اک شے پہ ہر اک کو دے
غسل کی حاجت نتھی اندر جہان

غزل

غسل گل آج ہے گلشن مین خبر آئی ہے
شادیانون کے بجانے کی یہ نوبت پہونچی
گل کھلا ہے یہ عجب آج خدا کے گھر مین
انگلیان چٹکیں جو کلیون کی بلائین لیتے
سرو قد باغ مین شمشاد کھڑے ہوتے ہین
گلشن آباد ہوا اس سے کہین مرغ چمن
مانگ یوسف تو دعا گل کے سدا کھلنے کی

گل مین شبنم کو بسا کر کے صبا لائی ہے
کہ چمن مین گل شبو کی بھی شہنائی ہے
گویا گلشن مین نئے سر سے بہار آئی ہے
زال دنیا نے کہا عمر کی افزائی ہے
قمریون نے یہ غزل شوق سے جب گائی ہے
کہ سدا ہم نے جو گلشن مین ہوا کھائی ہے
آجکل تیری خدا کے وہان شنوائی ہے

الف صلوا علی اولی العربی
سید الانبیاء دا العجمی
بھیج لاکھون درود اور سلام
اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام

آپ کی پھوپھی صفیہ کہتی ہین
دوسرے پھر آپ نے کلمہ پڑھا
چوتھے نہلانا جو چاہا تو سنا
اور چھٹے مہر نبوت پشت پر
امر رب فرمان تن مین ہے جڑا
تاکہ اس فرمان تن کو دیکھکر

کچھ عجب چیزین دکھین اُس انجمن
اشہدان لا الہ کو کہا
کہوے کوئی پاک آیا مصطفےٰ
صبح کے تارہ کی مانند جلوہ گر
قول حضرت تب کلام اللہ ہوا
لائین سب ایمان رسول اللہ پر
راز اس مولود کا اس پر کھلا

ایک یہ کہ سجدہ حضرت نے کیا
تیسرے اک نور نے جلوہ کیا
پانچوین ختنہ کئے تھے مصطفےٰ
گویا یہ فرمان حق پر مہر تھی
جسم اک فرمان نبوت کا ہوا
کھل گیا یہ جسکے اوپر حسن نور
مصطفےٰ کا جو کہ عاشق ہو گیا

اُمتی یا اُمتی اول کہا
آمنہ کا گھر اُس سے روشن ہوا
اور نال اُنکا تھا قدرت سے کٹا
روح تن مین امر رب جو ہوئی
اس سند پہ مہر کرتا ہے خدا
وہ ہی مومن اور منافق اس سے دور

غزل

ہے مولود احمدؐ سنانے کے قابل — یہ دولت نہین ہے چھپانے کے قابل
تڑپتا ہے دل دیکھنے کو ہمارے — دکھا دو مین گر ہون دکھانے کے قابل
نہ دیکھی کبھی ایسی صورت پیاری — یہ صورت ہے یارو لبھانے کے قابل
چلو آج محفل مین جھانکین نبیؐ کو — یہ محبوب ہے دل لگانے کے قابل
شفا اپنے یوسف کو دو یا محمدؐ — مرض اب نہین ہے بڑھانے کے قابل

والصلوٰۃ علی اولی العربی	سید الانبیاء والعجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
راوی لکھتا ہے جب آئے مصطفےؐ	غیب سے آتی تھی ہر دم یہ ندا	دودھ اپنا جو پلائے اب انھین	دیر مج دنیا کی وہ پائے نعمتین
تب لگے آپس مین لڑنے سب چرند	اور لگے تکرار کرنے سب پرند	غیب سے آواز آئی مت لڑو	یہ ملی دولت حلیمہ سعد کو
ہے یہ ثابت دودھ حضرت نے پیا	سات دن تک آمنہ خاتون کا	بعدہٗ بی بی حلیمہ کا پیا	اور وطن سے بھی ہوے وہ خود جدا
تاکہ غربت اور یتیمی سے بڑھے	مرتبے اُس گوہر شہوار کے	اور حلیمہ کا پیا دودھ اس لئے	تا حلیم الطبع وہ سلطان بنے
کیونکہ ہوتا ہے اثر بس دودھ کا	تن کو جو ہو دودھ سے نشو و نما	دودھ سیدھی چھاتی کا خود ہی پیا	اور اُلٹی کا رضاعی کو دیا
سیدھی چھاتی سے پیا دودھ اسلئے	تاکہ قوت روح کو اُس سے ملے	کہ اثر ہے روح کا سیدھی طرف	اور اثر ہے نفس کا اُلٹی طرف
روح کو جو پرورش منظور تھی	نفس سے اُسوقت مین تھی دشمنی	دو مہینے کے محمدؐ جب ہوے	گھٹنون گھٹنون آپ بس چلنے لگے
تین مہ کے خود کھڑے ہونے لگے	چار مہ کے پانٔون سے پھرنے لگے	چھ مہینے کے لگے بس دوڑنے	دس مہینے کے لگے بس کھیلنے
تھا عناصر کی یہ کوشش سے عیان	کہ انھین اکدن مین کر دیجیے جوان	بشریت پیش نظر تھی اس لیے	ایک دن مین ایک برس کی رہ چلے
بات کرنے کا ارادہ جب کیا	کلمۂ توحید کو پہلے کہا	جب کہ قوت نطق کی پیدا ہوئی	نام پر حق کے زبان گویا کھلی
کیون کلام حق نہو انکا کلام	کہ نکلتا اُنسے حق ہے لاکلام	بس اثر ہے نام مین اُنکے بھرا	کہ کرے بیتاب ہر اک کو سدا

غزل

زبان سے نام احمدؐ کا مرے جسدم نکلتا ہی — ہوا سے شوق سے سنکر ہر اک کا دم نکلتا ہی
نہ جانا عیب اُسکا یہ کسی نے جسم انسان مین — احد احمدؐ سے دم مین کس طرح باہم نکلتا ہی
جون کو راستی پر کھینچکر اسلام لاتا ہے — کہ جیسے زلف کا شانہ مین بل او خم نکلتا ہی
کلام حق سب جو کلمہ کہ انکے منھ سے نکلا ہی — تو اُس کلمہ کا معنی ہر کسی سے کم نکلتا ہی
زلیخا کیطرح دیکھو نہیں جو بز عشق احمدؐ مین — نگلی کوچہ مین جو کرتا ہوا ماتم نکلتا ہی

الف صلوا علی ادنی العربی	سید الانبیاء والعجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
تیسرا جب کہ برس پورا ہوا	بی حلیمہ سے یہ حضرتؐ نے کہا	بھائی میرے دنکو جاتے ہین کہان	بولی جاتے ہین چرانے بکریان
بولے مین کمتر ہو نہین اب ؐ نے کیا	کہ نہ مجھسے کام یہ تم نے لیا	عذر وحیلے آپ نے از بسکہ کیے	نے اُنھون نے مانا ساتھ اُنکے گئے
پس چرائین ایک مدت بکریان	بھید اسکا کب کسی پر ہی عیان	فعل اکثر انبیا نے یہ کیا	بھید اللہ کا ہے امین بس بھرا
ظاہرا تعلیم ہے کہ سیکھ لے	اس طرح اُمت کی چوپانی کرے	شرع کی لاٹھی سے تابز دل گرین	اور چراگاہ جنان کی راہ لین
کیونکہ انسان بھی رکھے ہی بہتر حال	ایک کو دیکھ ایک کرتا ہے خیال	ایک دن آیا حلیمہ کا پسر	رویا اور بولا کہ جلدی بے خبر
لے گئے دو شخص آکر کوہ پر	اور کیا احمدؐ کا بس شق صدر	جب حلیمہ پہونچی اور دیکھا اُنھین	رنگ زرد اور دیدۂ حیران کھین
پوچھا کیا ہی حال ای بچہ تیرا	مصطفٰےؐ بولے ای مادر مشفقہ	آسمان سے آنکر دو شخص نے	شق کیا سینہ مرا اس کوہ پے
دل کو دھویا آب رحمت سے میرے	اور کیا بس پاک دنیا سے مجھے	یعنی دل سے کی سیاہی کو جدا	اور دل مین نور کو میرے بھرا
اور کہا حصہ یہ تھا شیطان کا	وسوسہ شیطان کا تم سے گیا	ہاتھ پھیرا جبکہ سینہ پر مرے	چاک سینہ مل گیا چھوڑا مجھے
پس خدا نے صاف دل انکا کیا	تا بخوبی ہووے جلوہ حسن کا	کیونکہ برقعہ خاک کا گر ہو کثیف	نور باہر کیسے ہو شمع لطیف
اس لئے فانوس تن کو بس ملا	تاکہ اُس مین حسن کی ہو جے جلا	عشق کو اُس سے فزون لذت ملے	اور جہان اُس نور سے روشن ہے
اس لیے حسن ملیح مصطفٰےؐ	کرتا تھا بے چین سب کو ظاہرا	اور حس کی چشم باطن بھی عیان	غیب نے دیکھی تھی انکو بس نہان
اس لیے حضرتؐ نے بھی ظاہر کیا	کہ انا احمدؐ بلا میم اس جگہ	بھید اسکا اس غزل سے جان لو	کہ وہ فرماتے ہین راز عشق کو

غزل

مردم چشم خدا ہون متنا ہا یا ہو	دیدہ حق جلوہ نما ہون متنا ہا یا ہو
تار تنبور ہون دم سے مین بدن مین گویا	دست قدرت سے بجا ہون متنا ہا یا ہو
مین خود آمین ہون خدا مجھ مین ہی ظاہر باطن	ذات مطلق مین بنا ہون متنا ہا یا ہو
عکس آئینہ ہون اور صورت آئینہ ہون	کہ فنا اور بقا ہون متنا ہا یا ہو
فرق نقطہ کا مین رکھتا ہون ای یوسف لیکن	نہ خدا ہون نہ جدا ہون متنا ہا یا ہو

الف صلوا علی ادنی العربی	سید الانبیاء والعجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
جب برس پچیس کے حضرتؐ ہوئے	حسن کا آیا شباب اُس ماہ پے	خط کا ہالہ چہرہ پر پڑنے لگا	بدر کامل وہ قمر ہونے لگا
پس ابو طالب نے کی اک دن صلاح	عاتکہ سے مین کرون انکا نکاح	بولے بوطالب محمد مصطفٰے	گر رکھین تکلیف اپنے پر روا
کہ خدیجہ کا تجارت کے لئے	مال جاتا ہے جو جانب شام کے	مصطفٰےؐ راضی ہوا امر بات پے	اور خدیجہ پاس بلوائے گئے

پس خدیجہ نے جو دیکھا آپ کو میسرہ کے ساتھ بھیجا شام کو	سب علامات نبی پہچانی وہ تا امیدون کی میسر صبح ہو	ہوگئی سو جان سے عاشق آپکی ہوگئین بیتاب دیکھ اُس حسن کو	لیک حکمت کیلئے خدمت یہی یہ غزل پڑھتی تھین صبح و شام وو

غزل

مجھ کو جلوہ دکھادیا کس نے مثل بجلی کے خاک کا پتلا	آئینہ سا بنا دیا کس نے تار دم سے بجادیا کس نے جون زلیخا کے مین تڑپتی ہون	جام وحدت پلا دیا کس نے اُس کے ابرو نے کردیا گھائل حسن یوسف دکھادیا کس نے	مجھ کو بیخود بنا دیا کس نے غنچہ اُس کو لادیا کس نے
الف صلوا علی اولی العربی	سید الانبیاء و العجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
شام سے واپس جب آئے مصطفےٰ دیکھے از بسکہ خوارق آپ سے عشق کو اُس حسن سے غلبہ ہوا اُس جگہ پر عکس ہے یہ ماجرا جان تو اس بات سے کہ مصطفےٰ نور احمدؐ جو کہ حسن و عشق ہین پس محمد مین یہ دونون صفت ہین	میسرہ نے حال سب آکر کہا اور ہوے ظاہر عجائب ماجرے وصل کا پیغام تب بھیجنے لگا کہ ہوا مطلوب طالب ظاہرا ہین حبیب اللہ محبوب خدا اسلیے حبیب اللہ اُنکو کہے گاہ معشوق اور گہے عاشق ہین اس لیئے عاشق خدیجہ ہوگئی	کہ تجارت مین ہوا بس فائدا پس خدیجہ میسرہ سے خوش ہوئین گرچہ صورت حسن کی ہین عجب ترین بھید اسکا کیا لکھون ای سامعین عاشق و معشوق ہوتا ہے حبیب اور رکھتے ہین حبیب اُس دوست کو بلکہ اُمت کے سب اُنکے اولیا آخر اُنکی شادی احمدؐ سے ہوئی	برکت اُنکی سے کہون کیا ماجرا کردیا آزاد بس اُسکے تئین اور شکل عشق رکھتے مرد ہین کہ مقابل مین ہے رب العالمین مصطفےٰ رکھتے ہین یہ صفت عجیب کہ وہ اک جان ایک قالب رکھتا ہے عاشق و معشوق ہوتے ہین سدا

غزل

احد احمد مین ملا تھا یہ مجھے معلوم نہ تھا	بس خدائی مین خدا تھا یہ مجھے معلوم نہ تھا
دل شکستہ مین فقیرون کی خدا کو پایا	لعل گدڑی مین چھپا تھا یہ مجھے معلوم نہ تھا
فرق نقطہ کو کہا کرتے ہین تل اوٹ پہاڑ	یون خدا سے مین جدا تھا یہ مجھے معلوم نہ تھا
کھل گیا راز محمدؐ مین خدا کا سب کچھ	کہ حبیب ان کو کہا تھا یہ مجھے معلوم نہ تھا
حسن یوسف سے کھلی آج حقیقت ہمکو	مظہر حسن خدا تھا یہ مجھے معلوم نہ تھا

الف صلوا علی اولی العربی	سید الانبیاء و العجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
عمر ہوئی جبکہ برس چالیس کی	تب اُنھین خواب صحیح آنے لگی	کیونکہ ہین چالیس دن انسان کے	پرورش مین جسم کے ہر جائے پہ

یعنی مضغہ اور علقہ اور جنین
ہوتے ہر چالیس دن مین کانین

اس لئے چالیسوین سال آپ کو
مرتبہ پہونچا نبوت کا سنو

ایک دن غار حرا مین جبرئیل
آپ کے پاس آئے لے وحی جلیل

تب دبو چالے بغل مین آپ کو
تین بار اور یہ کہا اقرا پڑھو

اس کو کہتے ہین توجہ صوفیان
کہ اثر روحی ہو جان کے درمیان

کی توجہ تین دن جبرئیل نے
تھی وہ پہلے اسکا سی آپ پے

بوجہ سے وحی کے بدن لرزان ہوا
اور ترسان گھر کو آئے مصطفےٰ

نعمت باطن کو ایسے اولیا
دیتے ہین اپنی توجہ سے سدا

اس غزل سے جان تو اس راز کو

اور رہا تب عمر کے چالیس سال
ہین ہر اک درجہ مین تا پائے کمال

آپ جو غار حرا مین پیشتر
کرتے تھے جا کر عبادت رات بھر

اور کہا کہ تم پڑھو یا مصطفےٰ
آپ بولے مین ہون امی بے پڑھا

آپ نے اسوقت اقرا کو پڑھا
پر تمام اندام مین لرزہ پڑا

اسکو یون لکھتے ہین شہ عبد العزیز
اُن کی جو تفسیر ہے فتح العزیز

اور اتفاقی تھی پس وہ دوسری
اور وہ تھی اتحادی تیسری

بس ملا تاج نبوت آپ کو
اور رسالت کا بھی خلعت آپکو

اُسکو کہتے ہین نظر اور دم عوام
یہ تصرف روح کا ہوا ہو غلام

کون سمجھے ہے نیاز و راز کو

غزل

دم سے بسا ہے ملک خدا کا تو دم سمجھ
آدم اسے نہ سمجھے تو جا تو ہے کم سمجھ

کرتا ہے کون تجھسے یہ در پردہ گفتگو
بجتے ہین کان تیرے نہ باز یر بم سمجھ

آنکھین دکھاتی ہین جو تماشا خدائی کا
گر دیدہ تجھ کو ہے تو اسے جام جم سمجھ

بت کو شریک حق کا سمجھتے ہین کلمہ گو
پر یہ کلام حق ہے کہ حق کو صنم سمجھ

آرام گر تو چاہے ہمیشہ عدم مین ہے
یوسف وجود ہستی کو اپنی عدم سمجھ

الف صلوٰۃ علی اولی العربی
سید الانبیاء والعجمی

بھیج لاکھون درود اور سلام
اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام

لکھتے ہین جو راویان باخبر
ظاہر ہین معراج کے اکثر اثر

مرتبہ اُن کو بڑھانے کے لئے
حق نے بلوایا انھین اسواسطے

اصل مین یہ عشق کی معراج ہی
تم سنو کہتا ہون راز عشق سے

اور ہر اک عالم مین ہر اک رنگ سے
بس اٹھائے عشقبازی کے مزے

جیسے معشوقون کو عاشق اپنے گھر
لاتے ہین با عز و جاہ و کر و فر

ایک نقطہ یاد آیا اس سبب سے
لکھتا ہون مین عاشقون کے واسطے

بحر کوزے مین سما سکتا نہین
جزو پے کل ہرگز آسکتا نہین

کہتا عالم ہے کہ معراج نبیؐ
آسمان پر جسم سے ظاہر ہوئی

قول دونونکا صحیح اور ایک ہے
ہے تنازع لفظی یہ طرفین سے

پر حقیقت مین ہے یہ اس طور سے
کہ محمدؐ جب نبوت پا چکے

کہ نبیؐ کو آگہی ہو وے تمام
اور پہچانین انھین سب خاص و عام

یعنی شاہ عشق نے حسن نبیؐ
پیدا کر کے اسکو دی جلوہ گری

عشق کو بے وصل کب تسکین ہو
بس بلایا اپنے گھر محبوب کو

عظمت اپنی ہین بتاتے اسلیے
تا کہ ہو محبوب اغنب جان سے

صوفی کہتا ہے کہ جسم احمدی
کیسے آیا آسمان پر اے اخی

سیر باطن مین یہ احمدؐ کو ہوئی
ظاہر اک بے یہ معراج نبی

کیونکہ جز ہے جسم جز پر جز گیا
نور کل تو جسم کے اندر رہا

نور احمدؐ کل ہے ایک جسم جہان
جسم احمد اُس مین ہے مانند جان

اسلئے سایہ نہین احمد کا تھا	کہ نہین ہوتا ہی سایہ جان کا	سیر جان نے جسم عالم مین کری	اس طرح تو جان معراج نبیؐ
جیسے اک مہتاب دیکھے تاب مین	ایک دیکھے تاب کو مہتاب مین	دیکھے اک مہتاب کو نایاب مین	دیکھے پھر بی تاب اک مہتاب مین
بس بھرے ہے کون کہکے درمیان	جان تو یہ بھید تا ہوئے عیان	کیونکہ کل مہتاب جز ہی اسکی تاب	تاب مین دکھتا ہی ظاہر ماہتاب
ورنہ ہی مہتاب کے اندر یہ تاب	ظاہر و باطن کا ہی یہ پیچ و تاب	اس طرح جسم نبیؐ عالم مین ہی	ورنہ سب عالم ہے اندر جسم کے
جوکہ صوفی دیکھتا ہے باطنا	اور عالم دیکھتا ہے ظاہرا	بس یہ جانے باطناً معراج کو	اور وہ جانے ظاہرا معراج کو
	ظاہر و باطن کو جو کہ جان لے	اُس کو معراج محمدؐ ایک ہے	

غزل

اے نور تیری عرش پر ہے ذات کی جلوہ گری	اور صفاتین فرش پر تیری کرین پیغمبری
تو آفتاب اولین اور ماہتاب آخرین	روشن ہوئی تجھ سے زمین تو عرش کا ہی مشتری
ہے نور سے تیرے جہان سارا زمین و آسمان	تو مبدہ کون و مکان تجھکو ہی سب سے برتری
دیکھا ہے مین نے سب کہین اکثر حسینون کے تئین	تجھسا کوئی انسان نہین تو حور ہی یا ہے پری
اے آفتاب اولین اے ماہتاب آخرین	یوسفؔ غلام کمترین سب پر ہے تیری سروری

الغرض صلوا علی اولی العربی	**سید الانبیاء و العجمی**	**بھیج لاکھون درود اور سلام**	**اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام**
لکھتے ہین بس راویان رازگو	ہر قسم پر قصۂ معراج کو	مغز اُس قصہ کا یان لکھتا ہون مین	تا کہ خاص و عام اسکو جان لین
ایک شب ماہ رجب مین مصطفےٰ	ام ہانی کے یہان بعد از عشا	لیگئے تشریف تھے آرام کو	خواب مین تھے با دل بیدار وہ
حکم پہونچا دفعۃً جبرئیلؑ کو	احدیت سے کہ تو اب تیار ہو	آجکی شب چھوڑ طاعت اپنی تو	اور باندھ اپنی کمر خدمت کی تو
حکم آرائش کا دے ہر ایک کو	کہ ہر ایک آراستہ ہر جائے ہو	آسمان کو کر تو اب آراستہ	اور ہر اک جنت کو کر پیراستہ
پہنے طاؤسی پرون کو ہر ملک	شمع نورانی سے روشن ہون فلک	اور در جنت کو رضوان کھولدے	زیب و زینت حور و غلمان کی کرے
خازن دوزخ عذاب چھوڑ کر	قفل تسکین کے لگائے در پر وہ	یاد چلنے آپ بلنے سے رہے	ہر فرشتہ کام اپنا چھوڑ دے
اور میکائیل و اسرافیل کو	حکم دے تو اور عزرائیل کو	کہ وہ ہر ایک کام اپنا چھوڑدے	آجکی شب تیری ہمراہی کرے
اور ارواح نبی و مرسلین	بس کرین آراستہ اپنے تئین	اور ہر ایک پیشوائی کے لئے	اپنی اپنی جا پہ آمادہ رہے
اور تو جنت مین جا کر لاک براق	اپنے ہمراہ لیکے با صد اشتیاق	احمد مرسل کی خدمت مین تو جا	اور بڑے اعزاز سے یان انکو لا
کہ عوض اس کام کے تجکو عطا	اجر طاعت ہوگا لاکھون سال کا	جبرئیل اس حکم کے سنتے اُٹھے	شوق سے اشعار یہ پڑھنے لگے

غزل

بھری ہے شکل محمدؐ کی ساری آنکھون مین	سمائی جب سے وہ صورت پیاری آنکھون مین
بٹھا کے لاؤن مین چشم روان مین اب اُن کو	بجائے پتلی جو آئین ہماری آنکھون مین
تمھاری آنکھ نے بے چین کر دیا مجھ کو	خدا کی دید بھری ہے تمھاری آنکھون مین
تمھاری شکل ہے پتلی تم آن کر دیکھو	تمھارا نقشہ جما ہے ہماری آنکھون مین
نظر سے کیون نہین ہو مست یوسف اب نکے	رکھے ہے بادۂ وحدت خماری آنکھون مین

الف صلوا علی اولی العربی	سید الانبیاء والعجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
الغرض جبریل جنت مین گئے	تا براق اک لائین حضرت کیلئے	ایک دیکھا اُن براقون مین براق	اور کھڑا روتا ہے با صد اشتیاق
پوچھا اُس سے حال کیسا ہے ترا	بولا جب سے نام احمدؐ کا سُنا	کھانا پینا کچھ پسند آتا نہین	عشق مین روتا ہون اُنکے ای امین
اُس کو عاشق جانکر جبریل لے	مصطفیؐ کے در پہ پس حاضر ہوے	عشق سے بس مرتبہ حاصل ہوا	اپنے وہ معشوق سے واصل ہوا
بس یہ جانو عاشقان احمدی	کہ اسے معراج مین معراج تھی	مصطفیؐ کا عشق جو کوئی رکھے	اُس کو معراج نبی آخر سے ملے

غزل

روے احمد کا تصور چشم مین آنے تو دو	ظاہرا دیگا دکھائی دھیان جمجانے تو دو
نور احمدؐ چشم ظاہر مین عیان ہو جائیگا	خاکپائے بوتراب آنکھون مین بھرجانے تو دو
ساقیا باقی نہ چھوڑون شربتِ دیدار کو	منھ تلک جام نبیؐ میرے ذرا لانے تو دو
میکشو بزم نبی مین بادۂ توحید کو	آج بھر بھر کے پئین گے انکو ملوانے تو دو
یوسف اب عشق نبیؐ مین لے نذیذ مشرب ہوا	کیا وہ سمجھاتے ہین ہمکو آنے سمجھانے تو دو

الف صلوا علی اولی العربی	سید الانبیاء والعجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
خواب سے بیدار حضرت کو کیا	اور پیغام خدا اُن کو دیا	کہ خدا نے یاد اب تمکو کیا	تا تقرب کا تمھین دے مرتبا
بعدہٗ بیت الحرم مین لیگئے	آب زمزم سے کیا غسل آپنے	اور پہنا کر لباس جنتی	ظاہر و باطن کی زیبائش کری
جب براق اوپر ہو حضرت سوار	دہنے بائین تھے فرشتے بیشمار	نور کی قندیل کو روشن وہ لے	آسمان تک روشنی کرتے چلے
آسمان پر جب ہوے حضرت روان	بن گئی بس دیکھو راہ کہکشان	الغرض اس دھوم سے حضرت گئے	آسمانون پر بڑے اعزاز سے
ہر نبی سے آسمانون پر ملے	انکی تعظیمون سے از حد خوش ہوے	اُس گھڑی ہر اک نبی کہنے لگا	اور غزل یہ شوق سے پڑھنے لگا

غزل

محمد پہ جان کو فدا کیجے گا تڑپتا ہے دل دیکھنے کو تمھارے	درود انپہ ہر دم پڑھا کیجے گا کرم ہاں کبھی تو کیا کیجے گا فدا جان و دل سے ہی یوسف تمھارا	دکھا دو ہمین خاص تم اپنی صورت جھرو کو نسے جھانکے ہی چھپ چھپ کبھی نہ تم دل سے اُسکو جدا کیجے گا	بھلا اب تو وعدہ وفا کیجے گا نہ نظرون سے اب تم چھپا کیجے گا
الف صلو علی اولی العربی	سید الانبیاء و العجمی	بھیج لاکھون درود اور سلام	اُس مدینہ کے چاند پر تو مدام
سیر کی جنت کی سب درجات کی	سیر کی دوزخ کے پھر درکات کی	ہر جگہ دکھانے ڈھنگ کا ثواب	ہر جگہ دکھانے رنگ کا عذاب
مصطفےٰ جسوقت سدرہ سے بڑھے	بڑھکے جبریل عرض یون کرنے لگے	کہ نہین بڑھنے کی اب مجکو مجال	گر بڑھون آگے جلا دیوے جلال
بعدہٗ رفرف پہ حضرت ہو سوار	عرش کے اوپر گئے انجام کار	نور کا اک ابر پیدا پھر ہوا	قرب حق تک لیکیا حضرت کو گیا
جبرئیل اب رکھئیے کان کے کہان	اور کوئی خدمت میں اُسدم تھا کہان	قاب قوسین او ادنیٰ تک گئے	یعنی دو گوشہ کمان کے مل گئے
اک عروجی اک نزولی دو کمان	ایک نقطہ پر ملین دونون ہان	دائرہ پورا ہوا بس وصل کا	کہ ہوالاول ہوا لآخر ہوا
اُٹھگیا پردہ دوئی کا جب یہان	شکل عمرو دیکھی اک اپنی عیان	یعنی پردہ آئینہ کا اُٹھ گیا	عکس بس صورت سے باہم ملگیا
پایا حسن و عشق کا وہان اصل کام	عشقبازی کی ہوئی منزل تمام	خود کو خود مین دیکھکر حیران ہوئے	یہ غزل اُسوقت تب پڑھنے لگے

غزل

وصال یار سے جس دم ہوا ہمین نکلے مثال آئینہ صورت نما ہمین نکلے
تلاش یار مین سون ہی ہم رہے مدہوش جو آیا ہوش کہ جانان ملا ہمین نکلے
ہمیشہ ماو شما مین رہے نہ یار ملا جو پایا یار کو ماو شما ہمین نکلے
نہین ہی فرق یہان اب سوائے نقطہ کے سمجھو سے اپنی خدا او جدا ہمین نکلے
لحاظ چاہیئے اس بات کا تجھے یوسف خدا کے نور سے نکلا تو کیا ہمین نکلے

ترجیع بند

جب سے آدم مین ہوا خانہ نشین نور حرم دم کشاکش مین ہی مابین وجود اور عدم
جبکہ دم مین ہو اظاہر کہ یہی ہی ہمدم مضطرب ہو کے لگا پڑھنے یہ مضمون حرم

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

شمع فانوس کے پردہ مین ہی دیکھو ظاہر ایک سا جلوہ دکھائے ہی وہ اندر باہر
جبکہ پروانہ ہوا راز دل اس کا باہر بیقراری سے کہا دیکھو تماشا آخر

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

یار کو دیکھتی پھرتی تھی نظر ہم ہر جا — پر نہین اس کا ذرا بھی نہین باقی تھی پتا
آئینہ اُس کے مقابل مین کہین آجو گیا — عکس کے ہوتے ہی دو چار لگی کہنے ہوا

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

ماہی تشنہ جو دریا مین پھرے ہے مضطر — ڈھونڈھتی پانی کو دریا نی مکے خود ہو اندر
بوند لیتی ہے وہ جب پانی کو اوپر آکر — ڈوب جاتی ہے بس اس غم مین یہ مصرع کہکر

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

ذرے خورشید کی خواہش مین اڑے جاتے ہین — پھر نظر مین وہ کسی کے بھی نہین آتے ہین
روزن خانہ سے جس وقت عیاں پاتے ہین — خود چمکتے ہین زبان پر یہ سخن لاتے ہین

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

ایک دن پیر طریقت نے کہا مجھ سے یہ حال — تو خدا خود ہے خود آواد کے پردہ کو نکال
جب خود آیا تو خدا سے ہوا بے پردہ وصال — اس لیئے اپنی زبان پر ہے ای یوسف یہ مقال

یار در خانہ و من گرد جہان می گردم

اس فنائیت نے جب پائی بقا — یا ب راز و نیاز کا باہم کھلا — یعنی تین اقسام پر بٹتی کہین — اُس دم اللہ نے محمد کے تئین
ایک وہ کہ کہنا ہت کے تئین — وہ شریعت جان اب تو بالیقین — دوسری مین اختیار ان کو دیا — اس کو کہتے ہین طریقت پیشوا
تیسرے کہ کہنا مت ہر گز ذرا — اُس کو کہتے ہین حقیقت اولیا — پس کلام احمدی ہین کل یہ بات — ہوتی ہو ظاہر ہر اک کلمہ کے ساتھ
لائق اپنے فہم کے ہر اک کوئی — کرتا حاصل پاس سے راز معنوی — بعدہ علم اول آخر کا دیا — اور بڑے اعزاز سے رخصت کیا
آستانہ پر قدم جب کہ رکھا — ہلتی تھی زنجیر بستر گرم تھا — صبح کو حضرت نے جب یہ ماجرا — بالمشافہ سب صحابہ سے کہا
ہوئے بوبکر اُس گھڑی صدقت کا — اور بولا بوالحکم کذبت کا — یہ ہوئے صدیق اس اقرار سے — وہ ہوا بوجہل اس انکار سے
الغرض ہر ایک اصحاب نبی — اس بشارت سے ہوا از بس خوشی — فرط شادی سے ہر اک پڑھنے لگا — اس غزل کو خود بالحان و صدا

غزل

جب سے ای حسن ازل عالم کو روشن کر دیا — گل کھلایا عشق نے سینہ کو گلشن کر دیا
جھانکنے کو دل نے اُس مہمان جانان کیلیے — دیدہ منظر کر دیا مژگان کو چلمن کر دیا
شعلہ ہو کار انکو پیش نظر تھا جو خیال — خرمن ہستی جان ہوئی اور دل کو ایمن کر دیا
جھانکتا منظور ہے پردہ نشین کو اس لیئے — خانۂ تن مین ہر اک جا دیکھو روزن کر دیا
حسن یوسف کا یہان ہر گز نہ ہوتا آشکار — عشق نے بن کر زلیخا چاک دامن کر دیا

الف صلو اعلی النبی العربی — سید الانبیاء و العجمی — بھیجو لاکھون درود اور سلام — اُس مدینہ کے چاند پر مدام

جبھی سنا کفار نے یہ ماجرا
ہر طرح کا ڈر انھین پیدا ہوا

پھر مدینے سے بہت انصار نے
پائی دولت آن کر اسلام سے

حسب خواہش آپ نے انصار کے
حکم ہجرت کا دیا اس واسطے
تب غزل ہر ایک یہ پڑھنے لگا

آپ سے پرخاش وہ کرنے لگے
ہر طرح کا رنج پہونچانے لگے

جب بہت غلبہ کیا کفار نے
اور مسلمان رنج میں پانے لگے

تا مسلمان سب مدینے کو چلین
اور مکہ مین نہین ہرگز رہین
اور فرقت سے ہر اک کہنے لگا

غزل

گر مدینہ کو نکالا سر ٹپکتا جائے گا
طائر قبلہ نما سا دل پھڑکتا جائے گا

جوش حُبّ احمدی مین ہو گیا ہون مین شہید
حشر تک خون کا مرے قطرہ ٹپکتا جائے گا

خاک پائے احمدی ملنا مری روز وصال
نو عروسانہ مرا لاشہ مہکتا جائے گا

حسرت دیدار حضرت مین اگر مین مر گیا
قرب حق تک روے احمد دیدہ تکتا جائے گا

گر ہوائے احمدی باغ جنان تک لیگئی
دمبدم غنچہ مرے دل کا چٹکتا جائے گا

جس کو پینا ہو پئے اب بادۂ عشق نبی
جام دل اپنا قیامت تک چھلکتا جائے گا

گر نہ یوسف غنچۂ دل وصل احمد سے کھلا
خار حسرت قبر تک دل مین کھٹکتا جائے گا

الف صلوا علیٰ اولی العربی
سید الانبیاء والعجمی

بھیج لاکھون درود او سلام
اس مدینہ کے چاند پر تو مدام

آپ تنہا جبکہ مکہ مین رہے
اور بوبکر و علی ہمراہ تھے

اپنے بستر پہ علی کو بس سلا
ثور مین آئے وہ باحکم خدا

تین دن اُس غار کے اندر رہے
بعدہٗ وان سے مدینہ کو گئے

یعنے کفارون پہ کی از بس غزا
اُنکے اعمالون کی دی انکو جزا
ہو گیا ہر ایک مالا مال تب

خالی میدان بس وہ کافر دیکھ کے
آپ کے در پہ ہلاکت کے سے لگے

آئے وہ خورشید برج ثور مین
تاکہ اُس جا سے شرف حاصل کرین

چمکا تب خورشید با اوج کمال
اور کفارون کو بتلایا جلال

کھولا دروازہ سخا و جود کا
دولت اسلام دی سب کو بلا
یہ غزل پڑھنے لگے اسوقت سب

غزل

دریا تو تنگ ظرف ہو جو اُسپہ شل پڑے
تو وہ کریم ہے کہ نہ ماتھے پہ بل پڑے

بہتر ہون کیون نہ تیرے امورات دینوی
جب ہو نظر خدا پہ تو کیسے خلل پڑے

تیرے عدو کو حال تحمل اگر لکھون
کچھ شک نہین کہ پڑھتے ہی اسکا چھل پڑے

تیری صفائی پختہ مزاجی کی گر لکھون
خامہ کے منھ سے میرے سیاہی نکل پڑے

یوسف کو ہے تسلی ترے جود عام سے
تشنہ کو جیسے پانی کے پینے سے کل پڑے

الف صلوا علی ادنی العربی	سید الانبیاء و العجمی	بھیج لاکھوں درود اور سلام	اس مدینہ کے چاند پر تو مدام

سراپا حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

عاشقان مع صفات احمدی	ایسا لکھے ہیں سراپائے نبی	کیا لکھوں انکا سراپا کیا لکھوں	کہ وہ ہیں حق کے ثنا کیا لکھوں
قد میانہ اور موزوں آپ کا	کہ لبھاتا دل کو جان کو بھاتا	سر مبارک آپ کا سب سے بڑا	عقل کامل سے تھا وہ از بس بھرا
بال انکے تھے سیاہ اور بس دراز	بال بال ان میں بھرا تھا حق کا راز	رنگ چہرہ کا سفید و سرخ تھا	جوں گلاب الا منور ماہ سا
اور پیشانی کشادہ نوردار	گویا صفحہ نور کا تھا آشکار	اور تھیں خمدار ابرو بس کھلی	ظاہرا معلوم ہوتی تھیں ملی
آنکھیں انکی تھیں بڑی سرخی بھری	آگے پیچھے دیکھتی تھیں ایک سی	اور سماعت آپکی تیز و صفا	خواب و بیداری میں سنتے ایک سا
بینی اونچی اور بتیسی کھڑی	گویا ہر دم رہتی تھی لب پر ہنسی	سُرخ لب دانت تھے اطور سے	ڈبہ یاقوت میں گوہر بھرے
اسقدر شیریں دہن تھا آپکا	چاہ میں آب دہن جبکہ پڑا	ہے انس سے یہ روایت ظاہرا	کھارا پانی چاہ کا میٹھا ہوا
اسقدر گردن تھی حضرت کی سفید	میلی اسکے آگے تھی چاندنی بھی	اُس پہ تھی مہر نبوت ظاہرا	جیسے تارا صبح صادق میں کھلا
سینہ بے کینہ صفا تھا اور بڑا	گویا اس میں گنج حق کا تھا بھرا	تھا ملائم جسم اطہر اور صفا	اور نہ کوئی بال اُسپر تھا ذرا
ہاتھ لانبے تا بزانو آپ کے	ساق پا سیدھے تھے اور باریک تھے	جسم سارا آپ کا تھا نور کا	جیسے شعلہ شمع کافور کا
اس لئے اس جسم کا سایہ نہ تھا	کہ نہیں ہوتا ہے سایہ شمع کا	اور پسینہ بسکہ خوشبودار تھا	کہ رکھا کرتا تھا دلہن کو بسا
جس گلی کوچے میں ہوتا تھا گذر	مہک جاتا تھا ہر اک دیوار و در	گویا سرتا پا وہ ظاہر حسن تھے	جانتے کون ہم انکو سوائے عشق کے

تضمین غزل حافظ

جہاں میں کوئی نہیں تیرے حسن کے مانند
تمھاری چشم و لبوں پر ہر ایک خواہشمند
کہ روئے پاک ترا حق کو ہو گیا ہے پسند
غلام نرگس مست تو تاجدارانند
خراب بادۂ لعل تو ہوشیارانند

جو پوچھا بلبل شیدا سے گل نے از رہ ناز
کہا کہ تجھ کو ہنسی گریہ مجھ کو ہے آغاز
کہ راز فاش ہوا کیسے عشق کا ہمراز
ترا صبا و مرا آب دیدہ شد غماز
وگرنہ عاشق و معشوق رازدارانند

دل طپیدہ پھنسے زلف یار میں اکثر
دلا عجیب تماشا دکھائی دے گا اگر
مثال ماہی بے آب اس میں ہیں مضطر
بزیر زلف دوتا چوں گذر کنی بنگر
کہ از یمین و یسارت چہ بیقرارانند

بکھیرے بال بنفشہ نے اپنے ہوغمگین
ہزار من بلبلین نالان ہین رنج مین گلچین
گلون کے زخم جگر سے ہین پیرہن رنگین
گذار کن چو صبا بر بنفشہ زار بہ بین
کہ از تطاول زلفت چہ سوگوار انند

اگرچہ سب کے دلون مین ہی یار کی الفت
جناب دوست مین دیکھی تری ہی خاک عزت
بجز فقیرون کے حاصل نہین ہوئی وصلت
رقیب درگذر و بیش ازین مکن نخوت
کہ ساکنان در دوست خاکسار انند

خدا کے واسطے اے رند کفر عشق کرو
خلاف بات ہے ان زاہدون کی سب یاد
ملے گی خلد تمہین اس گناہ سے نڈر رو
نصیب ماست بہشت ای خدا شناس برو
کہ مستحق کرامت گناہگار انند

چمن مین مرغ نوا سنج تیرے پیش دپس
تو چلکے دیکھ تو گلشن مین اے گل نورس
کرین ہین نغمہ تجھے دیکھکر جو ابکی برس
نہ من بر آن گل عارض غزل سرایم و بس
کہ عندلیب تو از ہر طرف ہزار انند

تری طلب مین ہے جولان ہر ایک کا توسن
پڑا ہون مثل سکندر جو مین بر رنج و محن
مرا قدم نہین اٹھتا کہ راہ تا ایمن
تو دستگیر شو اے خضر پے خجستہ کہ من
پیادہ می روم و ہمرہان سوار انند

شراب عشق کو پی شوق سے ہی نیک سخن
پڑا ہے دیر کے ٹکڑون پہ کیون تو باندھ کے دہن
ریا کو دل سے تو کر دور بات میری سُن
بر د بصومعہ کہ دچہرہ ارغوانی کن
مرو بصومعہ کانجا سیاہ کار انند

پھنسے ہین دام مین اُن کے جو آن کر آزاد
الٰہی پیچ سے کوئی نہ اُن کے ہو آزاد
رہائی کب ہوئی یوسف کو قید سے صیاد
خلاص حافظ ازان زلف تابدار مباد
کہ بستگان کمند تو رستگار انند

مناجات

اے خدا جلوہ دکھا دے مصطفےٰ کیواسطے
دید احمد سے خدا کی آشنائی تو ہوئی
اور دنیا مین نہ کر محتاج اور رسوا مجھے
یا محمد پھر دکھا دو مُنھ خدا کیواسطے
وصل کامل دے خدا تو مرتضیٰ کیواسطے
ظاہر و باطن غنی کر فاطمہ کے واسطے

اور صالح کرتو میری آل کو اولاد کو — اور راہ نیک دے آل عبا کے واسطے
دوستدار اون کو مرے بن دے تو حب مصطفےٰ — اور دے تو عشق اپنا اولیاؒ کے واسطے
میرا جینا اور مرنا مصطفےٰ کے ساتھ کر — اور بھی کر حشر میرا انبیاؑ کے واسطے
مرشدون کو میرے راضی رکھ تو مجھسے ای خدا — خواجگان چشت و ہادی و ہُدا کے واسطے
یہ دعا آخر ہے یوسف کی کہ اپنی راہ مین — دے شہادت اُس شہید کربلا کے واسطے
ختم کر مولود با نام خدا و مصطفےٰ — تاکہ ہو مقبول آلِ مصطفےٰ کے واسطے

صل یا رب علی خیر الانام — الف مرۃ ثم مثلہا السلام
بھیج تو یارب درود و ہم سلام — مصطفےٰ پر آل پر اُسکی مدام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

قطعات تاریخ طبع سابق کتاب ہذا

ازمورخ کامل جناب منشی بھگوان دیال صاحب عاقل ایجنٹ مطبع ہذا

گشت شایع از عنایات خدا بار ششم — ترجمان مثنوی مولوی معنوی
کلک عاقل مصرع تاریخ ہجری زد رقم — طبع شد قرآن مرتب در زبان پارسی
۱۳۴۲ھ

ازجناب مولانا مولوی محمد حامد علی خان صاحب حامد شاہ آبادی محافظ عملۂ تصحیح مطبع ہذا

اینچہ بحریست باخلاق تصوف کہ ازو — ہست جاری زعجم تا بعرب چشمہ فیض
خامۂ حامد سرگشتہ بسال طبعش — فی البدیہہ نوشت ای چہ عجب چشمۂ فیض
۱۳۴۲ھ

خاتمۃ الطبع

للہ الحمد والمنۃ کہ کتاب مستطاب مستغنی الاوصاف حاوی مصالح دینی و دنیوی اعنی مثنوی حبر نبیل فاضل جلیل معرفت پناہ حقیقت آگاہ عارف باللہ حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ معروف بہ مثنوی مولوی معنوی کہ حقیقت مین بحر عرفان ہے اور متاع دین و ایمان موسوم بہ پیراہن یوسفی اُردو ترجمۂ مثنوی مذکور مطبع فیض منبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین بسرپرستی ذی المجد والمحاسن عالیجناب معلی القاب اے بہادر منشی رام کمار صاحب بھارگو دام اقبالہٗ مالک مطبع ماہ اپریل ۱۹۴۳ء بار ہفتم بتصحیح تام و اہتمام مالاکلام بی۔بی کپور سپرنٹنڈنٹ بصد حسن و خوبی طبع ہو کر مرغوب و مطبوع عالمیان ہوئی

اعلان۔حق تالیف اس کتاب کا مطبع اودھ اخبار مین محفوظ ہے اور رجسٹری اس کتاب کی ۹ جنوری ۱۸۸۶ء مین ہوئی اور نمبر ۱۶ پر درج رجسٹر دفتر رجسٹری ہے